جہان معلومات

تالیف: تنویر

اقبال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انتساب۔اپنی والدہ محترمہ کے

نام

دیباچہ

انسان کی دس ہزار سالہ تمدنی تاریخ اپنے دامن میں بے شمار عجیب وغریب واقعات، معاملات اور سچائیاں چھپائے ہوئے ہے۔انسان جب اس دنیا میں آیا تو جوں جوں انسان کے خیالات ومشاہدات آگے بڑھے اور اسی طرح مختلف حالات وواقعات نے جنم لیا جو بعد میں تاریخ کا حصہ بن گئے جو انسان سے غلطیاں ہوئیں اور جو انسان نے کامیابیاں حاصل کیں وہ تاریخ کا ریکارڈ بن گئیں اور ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے۔اس دنیا میں روزانہ بے شمار واقعات جنم لیتے ہیں کیونکہ یہ دنیا ایک تجربہ گاہ، ایک کارخانے یا لیبارٹری کی مانند ایک ایسا مقام ہے جس میں نت نئی چیزیں دانستہ اور غیر دانستہ طور پر انسانی وجود سے ظہور پذیر ہوتی رہتی ہیں۔اس وقت جہان معلومات نامی یہ کتاب جو آپ کے ہاتھوں میں ہے اس کا آغاز سرور کونین سردار دو جہاں آقا مصطفیٰ ﷺ کی ذات اقدس سے کیا ہے نبی اکرم ﷺ کے عنوان میں آپ ﷺ کا حضرت آدمؑ تک نسب مبارک بیان کیا گیا ہے، اس کتاب میں انبیاء کرامؑ کی حیات مبارکہ اور ان کے کارناموں کو بیان کیا گیا ہے۔

اس کتاب میں مختلف صحابہ کرامؓ اور اہم شخصیات کے کارناموں اور ان کی خصوصیات کا تذکرہ موجود ہے، اس کتاب میں آپ کو فلکیات (زمین، چاند، سورج، سیاروں) کے متعلق معلومات بھی ملیں گی، اس کتاب میں پاکستان، ترکی، بھارت، افغانستان، سعودی عرب، البانیہ، ایران کے متعلق جس قدر مجھے معلومات ملیں میں نے درج کر دی ہیں، علاوہ ازیں مزید اس کتاب میں دنیائے ممالک کے دارالحکومت کے ناموں اور آبادی کو صحیح تناسب سے بیان کیا گیا ہے، اس کتاب میں دنیا بھر میں پائے جانیوالے جانداروں کو بھی موضوع بنایا گیا ہے، اس کتاب میں دنیا میں اہم اور انوکھے پیش آنیوالے واقعات کا ذکر بھی موجود ہے، اس کتاب میں اسلامی معلومات بھی آپ کو اچھی خاصی تعداد میں ملیں گی، طباعت کا آغاز کب اور کہاں سے ہوا کا تذکرہ بھی اس کتاب میں موجود ہے، انسانی جسم کی دلچسپ وحیران کن مستند معلومات بھی اس کتاب کا حصہ ہیں، فراعین مصر کے مختلف ادوار کو بمع تاریخی حوالوں سے اس کتاب میں جگہ دی گئی ہے، دنیا میں عالمی سطح پر منائے جانیوالے دنوں کا ذکر بھی اس کتاب میں موجود ہے اس کے علاوہ بے شمار ایسے موضوعات ہیں جن کے بارے میں آپ جاننا چاہتے ہیں۔کسی بھی کتاب کا مطالعہ کرنا ایک انتہائی دلچسپ اور آسان کام ہے لیکن تخلیق کے عمل کے ذریعے ایک کتاب تحریر کرنا کتنا مشکل کام ہے یہ وہی لوگ جانتے ہیں جو اس شعبے سے وابستہ ہیں اور تحقیق کرنے کے بعد مختلف چیزوں کو ترتیب دینا اس سے بھی ''اوکھا'' کام ہے۔

یہ کتاب جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے اس کی تیاری میں سات سال صرف ہوئے۔اس کتاب کی تیاری میں پاکستان کے تمام مشہور اخبارات، رسائل، کتب، اسلامی لٹریچر، ٹیلی ویژن پروگرامز، ریڈیو پروگرامز اور دنیا بھر کی مشہور ویب سائیٹس کو کنگھالا گیا ہے۔میں نے اس کتاب کی تیاری میں لاکھوں صفحات کی ورق گردانی کی تب جا کر یہ چھوٹی سی لیکن جامع کتاب آپ تک پہنچانے میں کامیاب ہو سکا ہوں۔یہ کتاب کس قدر مفید اور دلچسپ ثابت ہوئی اس کا فیصلہ تو قارئین اس کتاب کے مطالعے کے بعد ہی کر سکیں گے۔مجھے امید ہے کہ میری یہ کاوش آپ حضرات کو انشاءاللہ بے حد پسند آئے گی اور میں امید کرتا ہوں کہ یہ کتاب آپ کو دلچسپ وپیاری معلومات سے فیض یاب کرے گی۔اور آخر میں سب سے اہم بات کہ کوئی بھی کتاب حرف آخر نہیں ہوتی لہذا اس کتاب میں بہت سی خامیاں موجود ہوں گی میری آپ سے گذارش ہے کہ آپ اگر اس کتاب میں کوئی کمی محسوس کریں یا اس کتاب کو مفید بنانے کے لیے کوئی مفید مشورہ دینا چاہیں تو آپ بلا جھجک مجھے آگاہ

کر سکتے ہیں اور مجھے آپ کے اس اقدام پر خوشی ہوگی اگر آپ کی تجویز بہتر اور معقول ہوئی تو میں انشاءاللہ آپ کی اس تجویز یا مشورے کو ضرور کام میں لانے کی کوشش کروں گا۔

رابطہ نمبر:

تنویر اقبال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔موبائل نمبر:0333_5461808

tanvir.iqhbal1987@gmail.com

تحقیق و تالیف۔تنویر اقبال

گاؤں وڈاکخانہ ملہووالی،تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت آدم علیہ السلام

☆ حضرت آدم علیہ السلام کو جمعۃ المبارک کے دن عصر اور مغرب کے درمیانی وقت میں قدرے مغرب کے قریب اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا۔

☆ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے مٹی کے پتلے میں چالیس سال کے بعد روح ڈالی تھی۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کو مختون پیدا کیا گیا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کو ابوالبشر بھی کہا جاتا ہے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کی زبان عربی تھی اس سے ثابت ہوا کہ دنیا کی قدیم ترین زبان عربی ہے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام اور آدم ثانی حضرت نوح علیہ السلام کا درمیانی زمانہ 1642 برس کا ہے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام دو ایسے نبیؑ ہیں جن کے باپ نہیں ہیں۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کا قد ساٹھ گز تھا اور آپؑ نے 936 سال کی عمر پائی تھی۔

☆ آپ علیہ السلام نے جمعہ کے روز وفات پائی اس وقت آپؑ کے بیٹے حضرت شیث علیہ السلام آپؑ کے پاس تھے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام جنت میں تقریباً سو سال تک مقیم رہے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کی بائیں پسلی سے حضرت حوا علیہ السلام کو پیدا کیا گیا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت حوا علیہ السلام کا حق مہر حضور اقدس ﷺ پر تین دفعہ درود شریف کی شکل میں پڑھ کر ادا کیا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام نے جنت میں سب سے آخری خوراک جو کھائی وہ گندم کا دانہ تھا۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے گندم کی روٹی حضرت حوا نے حضرت آدم علیہ السلام کو پکا کر دی تھی اور دونوں نے تناول فرمائی تھی۔

☆ سب سے پہلے فجر کی نماز حضرت آدم علیہ السلام نے ادا فرمائی۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام نے دنیا میں سب سے پہلا پھل بیری کا بیر کھایا تھا۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے فجر کی نماز حضرت آدم علیہ السلام نے پڑھی تھی۔

☆ روئے زمین پر سب سے پہلے قدم رکھنے والے انسان حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔

☆ حضرت ہود علیہ السلام اور حضرت شیث علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کے ہم شکل تھے۔

☆ ہابیل کے قتل ہونے کے پانچ سال بعد حضرت شیث علیہ السلام پیدا ہوئے۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے بھیڑ کے بالوں سے جبہ بنا کر پہنا تھا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام جنت سے دس چیزیں زمین پر ساتھ لائے تھے۔ایک حجرہ اسود، دو۔جنتی درختوں کی پتیاں۔تین۔پھولوں کی پنکھڑیاں۔چار۔وہ لاٹھی جو درخت جنت کے آس کی تھی۔پانچ۔بیلچہ۔چھ۔کندریا صنوبر۔سات۔سندان۔آٹھ۔ہتھوڑا۔نو۔سڈاسی۔دس۔تیشہ

☆ دنیا میں سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے بھیڑ کے بالوں سے جبہ بنا کر پہنا تھا۔

☆ حضرت ہود علیہ السلام اور حضرت شیث علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کے ہم شکل تھے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام نے زراعت کا سب سے پہلے سامان تیار کیا۔

☆ سب سے پہلے ہتھوڑا حضرت آدم علیہ السلام نے استعمال کیا۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے آگ حضرت آدم علیہ السلام نے جلائی تھی۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے گندم کی روٹی اماں حوا اور حضرت آدم علیہما السلام نے پکائی اور کھائی۔

☆ سب سے پہلے ہل حضرت آدم علیہ السلام نے بنایا اور استعمال کیا۔

☆ بیلوں کی جوڑی کے ساتھ سب سے پہلے ہل حضرت آدم علیہ السلام نے جوتے۔

☆ جنت سے آنے کے بعد زمین پر حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہ السلام کی ملاقات میدان عرفات میں ہوئی یہ مقام سعودی عرب میں واقع ہے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے پہلے رحمک اللہ کہہ کر مخاطب فرمایا تھا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام نے جسم کے مختلف حصوں کے ظاہر ہونے کے بعد انجیر کے درخت سے اپنے تن کو ڈھانپا تھا۔

☆ جنت سے نکلنے کے بعد سب سے پہلے آپ کے پاؤں سراندیپ کے مقام پر پڑے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کی تمام اولاد جوڑا جوڑا ہوئی لیکن حضرت شیث علیہ السلام اکلوتے پیدا ہوئے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کی زبان عربی تھی۔

☆ اماں حوا علیہ السلام کی زبان عربی تھی۔

☆ تمام انسانوں کے باپ حضرت آدم علیہ السلام اور تمام انسانوں کی ماں حضرت حوا علیہ السلام ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام عراق کی سرزمین ارناس میں پیدا ہوئے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام آج سے تقریباً 4008 سال پہلے یعنی 2000 ق۔م میں پیدا ہوئے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے 175 سال عمر پائی۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر یکم رمضان المبارک کو صحائف حضرت جبرائیل علیہ السلام لیکر آئے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے 10 صحیفے نازل فرمائے تھے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آخری آرمگاہ صبرون میں واقع ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قرآن پاک کی 63 آیات میں ذکر آیا ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی 25 سورتوں میں موجود ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے 15 سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر غور وفکر شروع کیا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل اللہ یعنی اللہ کا دوست کہا جاتا ہے۔

☆ سب سے پہلے ظہر کی نماز حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ادا فرمائی۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب ابوالفیضان تھا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ابوالانبیاء بھی کہا جاتا ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ کا نام تارخ تھا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ذوالجبر تین بھی کہا جاتا ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ذوالمنار بھی کہا جاتا ہے۔

☆ انبیاء کرام علیہ السلام میں سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی داڑھی سفید ہوئی۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے ختنہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنا خود کیا اس وقت آپ کی عمر 99 سال تھی۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو منجنیق کے ذریعے گوپھن میں ڈال کر آگ میں پھینکا گیا۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے بالوں کی مانگ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نکالی۔

☆ مسلمانوں کے لیے لفظ مسلم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور میں رکھا گیا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تین نسلیں لگاتار نبوت کے منصب پر فائز ہوئیں۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے مونچھیں، بغل کے بال اور زیر ناف بال حضرت ابراہیم علیہ السلام نے صاف کیے۔

☆ نمرود نے روئے زمین پر 170 سال تک حکومت کی۔ جو بنی نوع انسان میں سب سے زیادہ عرصہ ہے۔

☆ قرآن مجید مین حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام ابراہیم مختلف مقامات پر 66 دفعہ آیا ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو معمار کعبہ بھی کہا جاتا ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ظہر کی نماز دنیا میں سب سے پہلے پڑھی۔

☆ قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو امام الناس کہا گیا ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام رشتے میں حضرت لوط علیہ السلام کے چچا تھے۔

☆ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس ان کی حیات میں مجموعی طور پر 42 مرتبہ وحی لے کر آئے۔

☆ سب سے پہلے ناخن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تراشے۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے مہندی کا استعمال حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا۔

☆ سب سے پہلے مہمان نوازی کا شرف جو انسان نہیں تھے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حاصل کیا اور وہ مہمان فرشتے تھے۔

☆ حضرت ابراہیم نے 02 شادیاں کی تھیں ایک حضرت سارہ سے اور دوسری حضرت ہاجرہ سے۔

☆ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا اس وقت ان کی عمر 16 سال تھی آگ کو سات دن تک دہکایا گیا اور 40 دن تک آپ آگ میں رہے۔

☆ سب سے پہلے مسواک کا استعمال حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا۔

☆ ساٹھ لاکھ مچھر نمرود کی فوج پر مسلط کیے گئے تھے اور نمرود کی ناک میں گھسنے والا مچھر لنگڑا تھا۔

☆ انبیاء میں سب سے پہلے اللہ اکبر کے الفاظ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہے۔

☆ سب سے پہلے پانی سے استنجاء حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بڑے بیٹے کا نام اسحاق علیہ السلام ہے اور اللہ نے انہیں بھی نبوت سے نوازا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چھوٹے بیٹے کا نام حضرت اسماعیل علیہ السلام ہے اور اللہ نے انہیں بھی نبوت سے نوازا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کو بیت اللہ کی تعمیر کا شرف حاصل ہے۔

☆ حضور اقدس ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل میں سے ہیں۔

☆ نبی اکرم ﷺ نے معراج کی رات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ساتویں آسمان پر ملاقات کی تھی۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے میں سال میں دو عیدیں منائی جاتی تھیں۔

☆ قربانی کرنا سنت ابراہیمی میں سے ہے۔

حضرت شعیب علیہ السلام

☆ حضرت شعیب علیہ السلام کا لقب خطیب الانبیاء ہے۔

☆ ٹیکس کا رواج حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کا ایجاد کردہ ہے۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام کی دو بیٹیاں تھیں۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام رشتے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سسر ہیں۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کا سب سے بڑا دیوتا جس کی وہ پوجا کرتے تھے اس بت کا نام بعل تھا۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عصا شعیب علیہ السلام نے عنایت فرمایا تھا۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر کم تولنے اور کم ناپنے کی وجہ سے عذاب نازل کیا گیا۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید کی چار سورتوں میں آیا ہے۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام نے 255 سال کی عمر میں وفات پائی۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام کی قبر حضرموت میں واقع ہے۔

حضرت ادریس علیہ السلام

☆ حضرت ادریس علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کے پوتے اور قابیل کے بیٹے ہیں۔

☆ سینا پرونا اور اسلحہ آپ علیہ السلام کی ایجادات میں سے ہیں۔

☆ سوئی حضرت ادریس علیہ السلام نے ایجاد کی تھی۔

☆ قرآن مجید میں دو مقامات پر آپ علیہ السلام کا ذکر ملتا ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کا اصل نام خنوع ہے۔

☆ آپ علیہ السلام چونکہ درس دیا کرتے تھے اس لیے آپؑ کو ادریس کہا جاتا ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے 30 صحیفے نازل فرمائے تھے۔

☆ علم نجوم کے موجد حضرت ادریس علیہ السلام ہیں۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام نے پچاس سے زائد شہر قائم کیے تھے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کا لقب اورین ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کا یونانی نام طرمیس ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کا عربی زبان میں نام اخنوع ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام درزی کے شعبے سے منسلک تھے۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے جنگ کے ہتھیار حضرت ادریس علیہ السلام نے بنائے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام انبیاء میں سب سے زیادہ زبانیں بولنے اور جاننے والے تھے ان بولیوں کی تعداد کتابوں میں ستر بتائی جاتی ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام نے عالم انسانی کو تین طبقات میں تقسیم کیا۔

☆ نبی اکرم ﷺ نے معراج کی رات چوتھے آسمان پر ادریس علیہ السلام سے ملاقات کی تھی۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے مختون پیدا فرمایا تھا۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے غلام رکھنے کا رواج حضرت ادریس علیہ السلام کا ہے۔

☆ قلم کے موجد حضرت ادریس علیہ السلام ہیں۔

☆ قلم سے لکھنے کا رواج حضرت ادریس علیہ السلام کے دور سے شروع ہوا۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کا انگریزی زبان میں نام Enich(A.S) ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کا ذکر سورہ مریم کے علاوہ سورہ انبیاء میں بھی آیا ہے۔

☆ عبرانی زبان میں حضرت ادریس علیہ السلام کا نام حنوک ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کو علم و حکمت کے فن کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے ناپ تول کا طریقہ حضرت ادریس علیہ السلام نے ایجاد کیا۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام نے 356 سال کی عمر پائی اور چوتھے آسمان پر آپؑ کی روح قبض کی گئی۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے حضرت ادریس علیہ السلام نے بنو قابیل سے جہاد کیا یہ شر کے خلاف انسان کا پہلا جہاد تھا۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام اپنی قوم سے تنگ آ کر علاقہ ''معر'' کی طرف ہجرت کر گئے تھے۔

☆ شعبہ فلکیات، سائنس اور فن کتابت کے موجد حضرت ادریس علیہ السلام ہیں۔

☆ شیطان نے سب سے پہلے جس شخصیت کی مورتی بنائی اور عبادت کے لیے ورغلایا وہ حضرت ادریس علیہ السلام تھے۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے سوئی کا استعمال حضرت ادریس علیہ السلام نے کیا۔

حضرت نوح علیہ السلام

☆ حضرت نوح علیہ السلام کو چالیس سال کی عمر میں نبوت ملی۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام انبیاء میں سب سے طویل عمر پانے والے اللہ کے نبی ہیں۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام نے 1250 سال عمر پائی۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کو مختون پیدا کیا گیا تھا۔

☆ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے پاس اُن کی حیات میں مجموعی طور پر 50 مرتبہ وحی لے کر آئے۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی کا نام واعلہ تھا۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کو ابوالبشر ثانی کہا جاتا ہے۔

☆ کشتی کے موجد حضرت نوح علیہ السلام ہیں یہ فن انہوں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے سیکھا تھا۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کا نام آدک تھا۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی میں 80 آدمی سوار تھے۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹے کشتی میں ان کے ہمراہ تھے۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری تھی جس کی اونچائی 40 گز ہے۔
☆ طوفان نوح 40 دن تک موجود رہا اور حضرت نوح علیہ السلام طوفان کے بعد 60 سال تک زندہ رہے۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کا اصل نام ''شکر'' ہے۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کو نجی اللہ اور شیخ الانبیاء بھی کہا جاتا ہے۔
☆ ہر وقت قوم کی فکر میں رونے کی وجہ سے شکر سے آپ علیہ السلام کا نام ''نوح'' پڑ گیا۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام ترتیب کے لحاظ سے چوتھے نبی ہیں۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کا انگریزی میں نام Noah(A.S) ہے۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کا مزار بیروت میں واقع ہے۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کوہ ارارات پر ٹھہری تھی۔
☆ طوفان نوح کا آغاز مسجد کوفہ سے ہوا تھا۔
☆ طوفان نوح پانچ ماہ تک جاری رہا۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کے مجموعی طور پر چار بیٹے تھے۔ کنعان، سام، حام، یافث
☆ حضرت نوح علیہ السلام کے نافرمان بیٹے کا نام یام (کنعان) تھا جو طوفان نوح میں غرق ہو گیا تھا۔
☆ طوفان نوح کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹوں حام، سام اور یافث سے انسانوں کی نسل پھیلی
جبکہ چوتھا بیٹا کنعان والد کا حکم نہ ماننے کی وجہ سے پانی میں غرق ہو گیا تھا۔
☆ یورپ کے لوگ یافث کی اولاد میں سے ہیں۔
☆ سیاہ فام لوگ یعنی حبشی سام کی اولاد میں سے ہیں۔
☆ ایشیاء کے لوگ حام کی نسل میں سے ہیں۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت آدم علیہ السلام کے درمیان 1642 برس کا عرصہ بنتا ہے۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کی نبوت کا آغاز مسجد کوفہ کے صحن میں حضرت آدم علیہ السلام کے فوت ہونے کے 2242 سال بعد شروع ہوا۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پانچ بتوں کی پجاری تھی۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام ایک سال گیارہ دن تک اپنی کشتی میں سوار رہے۔
☆ کشتی کے موجد حضرت نوح علیہ السلام ہیں۔
☆ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی میں روئے زمین پائی جانیوالی تمام جاندار مخلوقات موجود تھیں۔
☆ گدھا ایسا جانور ہے جو سب سے آخر میں کشتی حضرت نوح علیہ السلام میں داخل ہوا۔

حضرت صالح علیہ السلام

حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کا نام قوم ثمود ہے۔
حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو منگل کے روز ان کی قوم نے قتل کیا تھا۔
حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو ''ناقۃ اللہ'' کہا جاتا ہے۔
حضرت صالح علیہ السلام سے اونٹنی کا معجزہ منسوب ہے۔

حضرت صالح علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید میں آٹھ مقامات پر آیا ہے۔

قبیلہ ثمود کا نام ثمود بن عاصر نامی شخص کی وجہ سے پڑا۔

قوم ثمود پر جب عذاب نازل ہوا تو حضرت صالح علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کی طرف ہجرت کی۔

قوم ثمود کے ہلاک شدہ گھرانوں کی تعداد 1500 تھی۔

حضرت صالح علیہ السلام کی قبر مبارک مکہ میں ہے۔

قوم ثمود کثرت مال اور کثرت اولاد کی وجہ سے گمراہ ہوئی۔

قوم ثمود پر اللہ تعالیٰ نے چار عذاب نازل کیے تھے۔

حضرت صالح علیہ السلام نے 586 سال عمر پائی۔

حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کا واحد شخص ابو رغال حرم مکہ میں ہونے کی وجہ سے عذاب الٰہی سے محفوظ رہا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ سے ایک فرمانبردار بیٹے کی دعا کی تھی، جب آپؑ دنیا میں آئے تو آپؑ کا نام اسماعیلؑ رکھا گیا۔ کیونکہ اسماعیل کے معنی اللہ کا سنا ہوا کے ہیں۔

فرزند ابراہیم علیہ السلام بنو قریش کے جد امجد حضرت اسماعیل علیہ السلام کا لقب ذبیح اللہ ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ کا نام ہاجرہ تھا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام جس وقت پیدا ہوئے اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر 86 سال تھی اور اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کو شام آئے 11 سال ہو چکے تھے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ختنہ 13 سال کی عمر میں آپؑ کے والد نے کیا۔

دنیا میں سب سے پہلے حضرت ہاجرہ وہ پہلی خاتون ہیں جن کے کان چھیدے گئے۔

سب سے پہلے آب زمزم حضرت اسماعیل علیہ السلام کے لیے زمین سے پھوٹا تھا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پیدائش کے 14 سال بعد ان کے بھائی حضرت اسحاق علیہ السلام پیدا ہوئے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام آپس میں باپ شریک بھائی تھے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل سے نبی اکرم ﷺ پیدا ہوئے۔

دنیا میں سب سے پہلے گھوڑے پر سواری حضرت اسماعیل علیہ السلام نے فرمائی تھی۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام نے 136 کی عمر پائی۔ آپؑ کی قبر بیت اللہ کے قریب واقع ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کا پیشہ تجارت تھا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ابو العرب (عرب کا باپ) بھی کہا جاتا ہے۔

حضرت اسحاق علیہ السلام

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دوسرے بیٹے حضرت اسحاق علیہ السلام ہیں۔ یہودی آپؑ کی نسل سے ہیں۔

حضرت اسحاق علیہ السلام کا ختنہ اس وقت کیا گیا جب آپؑ 8 دن کے تھے۔

حضرت اسحاق علیہ السلام حضرت سارہ علیہ السلام کے بطن سے پیدا ہوئے۔

حضرت اسحاق علیہ السلام کی بیوی کا نام رفقا یا رفقہ تھا۔

حضرت اسحاق علیہ السلام نے 120 برس اور بعض کتب کے مطابق 180 سال کی عمر پائی۔

حضرت اسحاق علیہ السلام نے چالیس سال کی عمر میں شادی کی تھی۔

حضرت اسحاق علیہ السلام کے دو بیٹے تھے۔حضرت یعقوب علیہ السلام اور عیسو، جن کا لقب ادوم بھی ہے۔

حضرت ہود علیہ السلام

انبیاء کرام عالمی معلومات کتاب سے

☆ حضرت یوسف علیہ السلام تعبیر خواب اور تاویل احادیث میں مہارت رکھتے تھے۔

☆ وادی ایمن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہوئے تھے۔

☆ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو خلیفہ کہہ کر خطاب کیا ہے۔

☆ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کو کہا جاتا ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ کی پیدائش کا مقام موجودہ کوفہ کا شہر ہے۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام نے ایک ہزار سال کی عمر پائی۔

☆ حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک سو دس سال کی عمر پائی۔

☆ حضرت اسحاق علیہ السلام نے ایک سو بیس سال کی عمر پائی۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک سو پچیس سال کی عمر پائی۔

☆ حضرت یعقوب علیہ السلام نے ایک سو ستائیس سال کی عمر پائی۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام نے ساڑھے نو سو سال کی عمر پائی۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام نے نو سو بانوے سال کی عمر پائی۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام نے نو سو باسٹھ سال کی عمر پائی۔

☆ ذرہ حضرت داؤد علیہ السلام کی ایجاد ہے۔

☆ حضرت داؤد علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا نام بی بی بطشا تھا۔

☆ سب سے پہلے مغرب کی نماز حضرت داؤد علیہ السلام نے ادا فرمائی۔

☆ حضرت داؤد علیہ السلام کا لقب نجیب اللہ ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام ک والدہ کا نام بی بی بردرہ ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام مصر کے علاقہ نیف میں پیدا ہوئے تھے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کی زبان سریانی تھی جو اس وقت دنیا میں ناپید ہو چکی ہے اور جنات میں اب بھی رائج ہے۔

☆ اطلس کا لباس حضرت ادریس علیہ السلام کی ایجاد ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کے بیٹے کا نام متوشلح ہے۔

☆ حضرت ادریس علیہ السلام کی زوجہ کا نام بروفا تھا۔

☆ شیخ الانبیاء حضرت نوح علیہ السلام کو کہا جاتا ہے۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کا اصل نام شکر تھا۔

☆ تمام انبیاء میں سب سے طویل عمر حضرت نوح علیہ السلام نے پائی۔

☆کشتی حضرت نوح علیہ السلام کی ایجاد ہے۔اسرائیلی روایات کے مطابق اس کشتی کی تین منزلیں تھیں اوراس کی چوڑائی تین سوتیس گز، اونچائی تینتیس گز اور لمبائی چھ سوساٹھ گز تھی۔

☆آدم ثانی حضرت نوح علیہ السلام کو کہا جاتا ہے۔

☆بیت المقدس کی بنیاد حضرت داؤد علیہ السلام نے رکھی تھی۔

☆بیت المقدس کی تعمیر کی تکمیل آپ کے بیٹے حضرت سلیمان علیہ السلام نے کی تھی۔

☆حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کا نام آرک تھا۔

☆حضرت زکریا علیہ السلام کو آرے سے چیرا گیا تھا۔

☆حضرت زکریا علیہ السلام نے حضرت مریم علیہ السلام کی پرورش کی تھی۔

☆حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کا نام ایکہ تھا اور انہیں ناپ تول میں کمی کی وجہ سے عذاب میں مبتلا کیا گیا تھا۔

☆حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ کا نام راخیل تھا۔

☆حضرت یعقوب علیہ السلام نے مصر میں وفات پائی۔

☆حضرت ہود علیہ السلام کا اصل نام عبر تھا۔

☆حضرت آدم علیہ السلام کا لقب صفی اللہ ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام نے ایک سوسینتیس سال کی عمر پائی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک سو پچانوے سال کی عمر پائی۔

حضرت ہود علیہ السلام نے دوسو پینسٹھ سال کی عمر پائی۔

حضرت یعقوب علیہ السلام کی چار ازدواج تھیں۔راخیل، ملہا، لیاہ، زلفہ۔

☆حضرت نوح علیہ السلام کی نماز جنازہ فرشتوں نے پڑھائی تھی۔

☆حضرت اسماعیل علیہ السلام خانہ کعبہ کے پہلے متولی ہیں۔

☆حضرت شیث علیہ السلام اپنے والد حضرت آدم علیہ السلام کے مشابہ تھے۔

☆حضور اقدس ﷺ حضرت شیث علیہ السلام کے سلسلے سے ہیں۔

☆حضرت شیث علیہ السلام کا لقب اوریا ہے۔

☆حضرت ہود علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کے مشابہ تھے۔

☆حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل کی گئی۔

☆حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل نازل کی گئی۔

☆حضرت داؤد علیہ السلام پر زبور نازل کی گئی۔

☆حضور اقدس ﷺ پر قرآن مجید نازل کیا گیا۔

☆حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ کا نام صفورا ہے۔

☆سب سے پہلے عشاء کی نماز حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ادا فرمائی۔

☆حضرت شیث علیہ السلام کا کوئی سگہ بھائی یا بہن نہیں ہے۔

☆حضرت شیث علیہ السلام شام میں پیدا ہوئے۔

☆ جنت سے نکالنے کے بعد زمین پر اماں حوا کو جدا کے مقام پر اتارا گیا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کے اکیس بیٹے اور انیس بیٹیاں ہوئیں۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کی دعا کو منیٰ کے مقام پر قبولیت کا اعزاز ملا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام کو حضرت شیث علیہ السلام نے غسل دیا تھا۔

☆ حضرت شیث علیہ السلام نے اپنے والد محترم حضرت آدم علیہ السلام کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔

☆ حضرت شیث علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے پچاس صحائف کا نزول کیا۔

☆ حضرت شیث علیہ السلام کی زوجہ کا نام مخوائلہ ہے۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے کھجور کا درخت حضرت آدم علیہ السلام کے پوتے اور حضرت شیث علیہ السلام کے بیٹے جناب انوش نے لگایا تھا۔

☆ حضرت آدم علیہ السلام غار کنز کے مقام پر جو جبل ابوقبیس میں واقع ہے دفن ہیں۔

☆ طوفان نوح کے بعد حضرت آدم علیہ السلام کو سراندیپ کے مقام پر آپ کو دفن کیا گیا۔

☆ طوفان نوح کے وقت حضرت آدم علیہ السلام کا تابوت جو ساگوان کی لکڑی کا بنا ہوا تھا۔ حضرت نوح علیہ السلام بحری جہاز پر لے کر گئے تھے۔

☆ حضرت ہود علیہ السلام کی زبان عربی تھی۔

☆ حضرت ہود علیہ السلام کا مزار صفا و مروہ کے درمیان بعض روایات میں رکن یمانی اور مقام زمزم کے درمیان۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جس بستی میں ٹھہری تھی اس کا نام مدینۃ الثمامین ہے۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنا نائب اپنے بیٹے سام کو بنایا تھا۔

☆ حضرت ہود علیہ السلام کا عبرانی نام مائر ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بت خانے میں تہتر بتوں کو کلہاڑے سے توڑا تھا۔

☆ جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے کی تجویز دی تھی اس کا نام ہمیزاں تھا اور وہ قوم ثمود سے تعلق رکھتا تھا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام سات سال نمرود کی قید میں رہے۔

☆ جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تھا وہ جگہ موجودہ کوفہ شہر کے نواح میں واقع ہے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو شیطان کی تجویز پر منجنیق کے ذریعے آگ میں ڈالا گیا تھا۔

☆ حضرت ہود علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا نام لیثا ہے۔

☆ حضرت ہود علیہ السلام کے بیٹے کا نام شالخ تھا۔

☆ نمرود کے زمانے میں حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام تارخ اور بعض نے آذر لکھا ہے۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام آمنہ تھا۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام عمران تھا۔

☆ نمرود کی بیٹی کا نام رعضہ تھا جس نے آتش نمرود کے واقعہ پر ایمان قبول کیا تھا۔

☆ حضرت لوط علیہ السلام رشتے میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے ہیں۔

☆ سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بال سفید ہوئے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسی سال کی عمر میں اپنا ختنہ خود کیا تھا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پہلی زوجہ بی بی حاجرہ اور دوسری حضرت سارہ ہیں۔

☆ حضرت اسماعیل علیہ السلام بی بی حاجرہ کے بیٹے ہیں۔

☆ اسم اسماعیل کے معنی ہیں اللہ کی اطاعت کرنیوالا۔

☆ سب سے پہلے مسواک حضرت ابراہیم علیہ السلام نے استعمال فرمایا۔

☆ سب سے پہلے کلی اور پانی سے استنجاء حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا۔

☆ سب سے پہلے مونچھیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تراشیں۔

☆ سب سے پہلے ناخن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تراشے۔

☆ سب سے پہلے بغل اور زیر ناف بال حضرت ابراہیم علیہ السلام نے صاف کیے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام مقام جبرون میں مدفون ہیں۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے بیس صحیفے نازل فرمائے۔

☆ مال غنیمت کو سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تقسیم فرمایا۔

☆ سب سے پہلے پاجامہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پہنا۔

☆ سب سے پہلے جوتے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پہنے۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مقام شام پر اپنا ختنہ فرمایا۔

☆ حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ابوالعربہ کے لقب سے بھی پکارا جاتا ہے۔

☆ حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چھوٹے بیٹے ہیں۔

☆ حضرت اسحاق علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بڑے بیٹے ہیں۔

☆ حضور اقدس ﷺ کے جد امجد حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔

☆ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پہلی زوجہ عمارہ بنت سعد بن اسامہ ہیں جن کا تعلق قبیلہ جرہم سے ہے۔

☆ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی دوسری زوجہ کا نام ہالہ بنت حارث ہیں۔

☆ حضرت اسحاق علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام والد کے طرف سے سگے اور والدہ کی طرف سے سوتیلے بھائی ہیں۔

☆ حضرت اسماعیل علیہ السلام اماں حاجرہ کے بیٹے ہیں۔

☆ حضرت اسحاق علیہ السلام اماں سارہ کے بیٹے ہیں۔

☆ حضور اقدس ﷺ کو مختلف صحائف میں مختلف ناموں سے پکارا گیا ہے۔ قیثم، بنی الملاحۃ، روحا الاولیا، ایا، فارقلیط، منحوک، مثقح، امیداء، مازماز، مختار، مقدس، روح الحق، مقیم السنۃ، حرز الامین۔

☆ لوح محفوظ پر حضور اقدس ﷺ کا اسم مبارک صفی اللہ لکھا ہوا ہے۔

☆ شجر طوبیٰ کے پتوں پر آپ ﷺ کا اسم مبارک صفوۃ اللہ لکھا ہوا ہے

☆ سب سے پہلے عصر کی نماز حضرت یونس علیہ السلام نے ادا فرمائی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نبی اکرم ﷺ کا شجرہ نسب مبارک محمد ﷺ بن عبداللہ بن عبدالمطلب (شیبہ) بن ہاشم (عمرو) بن عبدمناف (مغیرہ) بن قصی (زید) بن کلاب بن مرۃ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر (انہی کا لقب قریش تھا اور ان ہی کی طرف قبیلہ قریش منسوب ہے) بن مالک بن نضر (قیس) بن کنعانہ بن خزیمہ بن مدرکہ (عامر) بن الیاس بن مضر بن نزار بن مہد بن عدنان بن عود بن ہمیسع بن سلامان بن غوص بن بوز بن قموال بن اُبی بن عوام بن ناشد بن خزا بن بلداس بن یدلاف بن طابخ بن جاخم بن ناخش بن ماخی بن عیض بن عبقر بن عبید بن الدعا بن حمدان بن سنبر بن یثربی بن یحزن بن یلخن بن ارعوی بن عیض بن دیشان بن عیصر بن افناد بن ایہام بن مقصر بن ناحث بن زارح بن سمی بن مزی بن عوضہ بن بن عرام بن قیدار بن اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ بن تارح (آزر) بن ناخور بن ساروع (یاساروغ) بن راعو بن فالخ بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوحؑ بن لامک بن متوشلخ بنا خنوخ (کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت ادریسؑ کا نام ہے) بن یرد بن مہلائیل عیل بن قینان بن آنوشہ بن شیث بن آدم علیہ السلام۔

(الرحیق المختوم۔۔۔مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری، خطبات جمیلؒ)

مولانا ثناءاللہ سعد معارف اسم محمد میں لکھتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے آقا ختم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی اس وقت ''محمد'' رکھا گیا جب اس کائنات کا دور دور تک نام و نشان نہ تھا نہ ابھی آسمان پیدا ہوا تھا، زمین نہ عرش، نہ کرسی نہ لوح، نہ قلم نہ جنت، نہ جہنم نہ سورج، نہ کرنیں نہ چاند، نہ چاندنی نہ ستارے، نہ چمک نہ دن نہ رات نہ صبح نہ شام نہ فضا نہ ہوا نہ ابر، نہ گھٹا نہ زمان نہ مکان، نہ گل نہ بوٹے، نہ شجر نہ حجر، نہ بہار نہ خزاں نہ نسیم نہ شمیم، نہ گرمی نہ سردی، نہ حسن نہ جمال، نہ سبزہ نہ مہک، نہ بلبل نہ چہک، نہ ڈالی نہ لچک، نہ ہیرے نہ جواہر، نہ زر نہ خزینے، نہ دولت نہ دفینے، نہ سمندر نہ سفینے نہ دریا نہ کنارہ نہ موج نہ حباب، نہ صحرا نہ گلشن، نہ ہوا نہ پانی نہ آگ، نہ خاک نہ جنگل نہ پہاڑ نہ طفلی نہ شباب، نہ نشیب نہ فراز، نہ ثریٰ نہ ثریا نہ جبرائیل نہ میکائیل، نہ عزرائیل نہ اسرافیل، نہ جن نہ شیطان، نہ حور نہ غلمان، نہ حیوان نہ انسان، نہ عقل نہ حواس نہ بھوک نہ پیاس نہ ستلج نہ بیاس نہ آدم نہ آدمیت نہ چہل پہل تھی نہ ریل پیل تھی یہ دیوانگی نہ تھی یہ شعور نہ تھا یہ ہجر و وصال کے قصے نہ تھے، یہ اقرار و انکار کی ادائیں نہ تھی یہ فریاد نہ رونا تھا نہ ہنسنا تھا نہ سونا تھا نہ جاگنا تھا نہ جوانی تھی نہ بڑھاپا تھا الغرض خادم رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے ثابت ہوا کہ کچھ بھی نہ تھا کچھ بھی نہیں کچھ بھی تو نہیں تھا جب ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجود مسعود اور اسم مبارک موجود تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نوٹ:

(نبی اکرم ﷺ نے جو بھی چیز اپنی حیات مبارکہ میں استعمال فرمائی اس کا نام رکھ دیا کرتے تھے اس کتاب میں متعدد چیزوں کے نام آئیں گے جو آپ ﷺ نے استعمال فرمائیں اس لیے ضروری سمجھا کہ وضاحت کر دی جائے تاکہ کوئی چیز قاری کے لیے مبہم نہ رہے)

﴿ذکر﴾

﴿محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾

☆ نبی اکرم ﷺ موسم بہار میں یکم جیٹھ 12 ربیع الاول 01 عام الفیل (واقعہ فیل کے پینتالیس روز بعد) 22 اپریل بروز پیر 571 عیسوی (چھٹی صدی) 628 بکرمی کو آپ ﷺ کے چچا حضرت ابوطالب کے مکان میں محلّہ سوق الیل، وادی ام القریٰ یعنی مکہ مکرمہ کے شہر میں صبح 4:45 پر (سعودی عرب کے جدید کیلنڈر کے مطابق) طلوع سحر کے وقت حضرت آمنہ کے بطن سے خاندان قریش میں پیدا ہوئے۔ (پیدائش کے متعلق مزید تفصیل کے لیے دیکھیے تاریخ طبری جلد دوم، تاریخ ابن خلدون از علامہ ابن خلدون جلد دوم، السیرۃ النبویہ، سیرت ابن ہشام جلد اول، اعلام النبوۃ صفحہ 192، محمد رسول اللہ جلد اول صفحہ 102، محمد رسول اللہ جلد دوم

صفحہ 19، ضیاء النبی ﷺ جلد اول، عیون الاثر جلد اول صفحہ 26، سیرت ابن کثیر جلد اول صفحہ 199، سیرت خاتم الانبیاء صفحہ 18، تاریخ اسلام جلد اول از مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی)

☆ نبی اکرم ﷺ کی ولادت کے وقت حضرت عیسیٰؑ کو 571 سال گزر چکے تھے۔آپ ﷺ اکلوتے تھے یعنی نبی اکرم ﷺ کا کوئی سگا بھائی یا بہن نہیں تھی۔

☆ نبی اکرم ﷺ کی پیدائش سے چار سو سال قبل ہبل نامی بت خانہ کعبہ کے اوپر نصب کیا گیا تھا اور پیدائش کے وقت خانہ کعبہ میں 360 بت نصب تھے جن کی عبادت کی جاتی تھی۔(تاریخ اسلام جلد اول از مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی)

☆ نبی اکرم ﷺ کا خاندان ''بنو ہاشم'' ہے۔بنو کے معنی قبیلہ کے ہیں۔(سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ آپ ﷺ کی ولادت جس عورت کے ہاتھوں ہوئی یعنی دائی کا نام ''شفاء'' تھا یہ صحابی رسولؐ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ہیں۔(ضیاء النبی ﷺ جلد اول از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

☆ حضرت آمنہ فرماتی ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ پیدا ہوئے تو انہایت لطیف تھے اور پاک صاف تھے۔جسم اطہر پر کسی قسم کی آلائش اور گندگی نہ تھی۔(سیرت المصطفےٰ ﷺ۔جلد اول، زرقانی جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کو مجموعی طور پر 08 عورتوں نے دودھ پلایا۔(سیرت النبی ﷺ جلد اول از شبلی نعمانی)

☆ نبی اکرم ﷺ کے رضائی بہن بھائیوں کی مجموعی تعداد چار بنتی ہے۔(سیرت ابن ہشام)

☆ دودھ پلانے کے لیے بنی سعد بن بکر کی ایک عورت کو جس کا نام حلیمہ بنت ابی ذویب تھا کو مقرر کیا گیا۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ حلیمہ بنت ذویبؓ کا شجرہ کچھ اس طرح ہے کہ حلیمہ بنت ذویب اور ابوذویب کا اصل نام عبداللہ بن الحارث بن فجشۃ بن جابر بن رزام بن ناصرۃ بن قصیۃ بن نصر بن سعد بن بکر بن ہوازن بن منص ﷺ ربن عکرمہ بن خصفۃ بن قیس بن عیلان تھا اور آپ ﷺ کے رضاعی والد جن (کی بیوی حلیمہ) کا دودھ آپ ﷺ نے پیا الحارث بن عبدالعزیٰ بن رفاعۃ بن ملان بن ناصرۃ بن قصیۃ بن نصر بن سعد بن بکر بن ہوازن تھا۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ سرور کونین ﷺ کے رضاعی بہن بھائیوں میں آپ ﷺ کے چچا حضرت حمزہؓ بھی شامل ہیں اور علاوہ ازیں عبداللہ بن الحارث، انیسۃ بنت الحارث اور خذامۃ بنت الحارث جن کا اصل نام الشیماء تھا لیکن خذامۃ کے نام سے اپنے خاندان میں معروف رہیں۔اور یہ سب حلیمہ بنت ابی ذویب عبداللہ بن الحارہی کے بچے تھے جو رسول اللہ ﷺ کی رضاعی والدہ تھیں کہتے ہیں کہ جب آپ ﷺ ان کے پاس رہتے تھے تو الشیماء آپ ﷺ کی رضاعی والدہ کے ساتھ مل کر آپ ﷺ کی پرورش اور دیکھ بھال کرتیں تھیں۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کی پیدائش کے وقت دریائے سارہ خشک ہو گیا تھا۔(السیرۃ النبوۃ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی جب ولادت باسعادت ہوئی اس وقت واقعہ فیل (ہاتھیوں کا واقعہ) کو 55 دن گزر چکے تھے۔(تاریخ اسلام از مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد حضرت اسمٰعیلؑ کے بارہ بیٹے تھے نابت جو ان سب میں بڑا تھا اور قیذر واذبل ومبشی ومسمع وماشی ودم واذرد طیم ویطور وفبش وقیذم ان کی ماں رعلۃ مضاض بن عمرو جرہمی کی بیٹی تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ جرہم قحطان کا بیٹا تھا اور قحطان تمام یمن والوں کا جداعلیٰ ہے یمن والوں کا نسب اسی کے پاس جاملتا ہے اور وہ عامر ابن شالخ بن ارفخشذ بن سام بن نوح کا بیٹا تھا (سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ تمام عرب حضرت اسمٰعیلؑ اور قحطان کی اولاد میں سے ہیں یمن کے بعض لوگ کہتے ہیں کہ قحطان اسمٰعلؑ کی اولاد سے ہیں اسی لئے اسمٰعیلؑ کو ابوالعرب کہتے ہیں۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد معد بن عدنان کے چار بیٹے تھے اول۔نزار بن معد، دوم۔قضاعۃ بن معد، سوم۔قنص بن معد چہارم۔ایاد بن معد

☆ ابن اسحٰق کے مطابق آپ ﷺ کے جدامجد نزر بن معد کے تین بیٹے تھے۔مضر بن نزار، ربیعۃ بن نزار، اور انمار بن نزار اور ابن ہشام کے مطابق چار بیٹے تھے ایک کا نام ایاذ بن نزار تھا۔مضر اور ایاد کی ماں سودہ بنت عک بن عدنان ہے اور ربیعہ اور انمار کی ماں شقیقہ بنت عک بن عدنان ہے۔ اور بعض کہتے ہیں جمعۃ بنت عک بن عدنان ہے۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد ابن اسحٰق کے مطابق مضر بن نزار سے دو شخص پیدا ہوئے الیاس بن مضر اور عیلان بن مضر ابن ہشام کہتے ہیں کہ ان دونوں کی

ماں بنی جرہم میں سے تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد الیاس بن مضر سے تین شخص پیدا ہوئے مدرکۃ بن الیاس، طابخہ بن الیاس اور قمعہ بن الیاس اور ان کی ماں خندف یمن کی عورت تھی۔ خندف عمران بن الحاف بن قضاعہ کی بیٹی تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد مدرکۃ بن الیاس کے دو بیٹے تھے ایک کا نام خزیمہ بن مدرکۃ تھا اور دوسرے کا نام ہذیل بن مدرکۃ تھا ان دونوں کی ماں بنی قضاعہ میں سے تھی خزیمہ کے چار لڑکے ہوئے کنانۃ بن خزیمہ، اسد بن خزیمہ اسدہ بن خزیمہ اور ہنون بن خزیمۃ، کنانہ کی ماں عوانۃ بنت سعد بن عیلان بن مضر تھی۔ (سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ ابن اسحٰق کے مطابق آپ ﷺ کے جدامجد کنانہ بن خزیمہ کے چار بیٹے تھے ایک کا نام تھا النضر بن کنانۃ دوسرے کا نام تھا مالک بن کنانۃ تیسرے کا نام تھا عبدمناہ بن کنانۃ اور چوتھے کا نام تھا ملکان بن کنانۃ، النضر کی ماں تو برہ بنت مر بن اد بن طابخہ بن الیاس بن مضر تھی اور اس کے تمام (دوسرے) بچے ایک دوسری عورت سے تھے۔ابن ہشام کے مطابق نضر اور مالک اور ملکان کی ماں برہ بنت مر تھی اور عبدمناۃ کی ماں ہالہ بنت سوید بنالغطریف از دشنوءَ کے خاندان سے تھی اور شنوءَ کا نام عبداللہ بن کعب بن عبداللہ بن مالک بن نصر بن اسد بن الغوث تھا اور ان کا نام شنوءَ اس وجہ سے پڑ گیا کہ ان میں آپس میں بہت دشمنی تھی۔شنئان کے معنی دشمنی کے ہیں۔ (سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ ابن ہشام کے مطابق قریش کو قریش اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ متفرق ہونے کے بعد پھر ایک جگہ جمع ہوئے تھے اور جمع ہونے کو تقرش کہتے ہیں۔ (سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد نضر بن کنانہ کے دو بیٹے تھے ایک کا نام مالک بن نضر جبکہ دوسرے کا نام یخلد بن نضر تھا۔مالک کی ماں عاتکہ بنت عدوان بن عمرو بن قیس بن عیلان تھی۔اور مجھے خبر نہیں کہ یخلد کی ماں بھی یہی تھی یا نہیں۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد مالک بن نضر کا لڑکا فہر بن مالک تھا جس کی ماں جندلہ بنت الحارث بن مضاض جرہمی تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد فہر بن مالک کے چار بیٹے تھے ایک کا نام غالب بن فہر دوسرے کا نام محارب بن فہر تیسرے کا نام حارث بن فہر چوتھے کا نام اسد بن فہر تھا۔ان کی ماں لیلیٰ بنت سعد بن ہذیل بن مدرکہ تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد لوئی بن غالب کے چار بیٹے تھے ایک کا نام کعب بن لوی دوسرے کا نام عامر بن لوی تیسرے کا نام سامہ بن لوی اور چوتھے کا نام عوف بن لوی تھا۔کعب، عامر اور سامہ کی ماں ماویہ بنت کعب بن القین بن جسر بنی قضاعہ کی تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد کعب بن لوئی کے تین لڑکے ہوئے ایک کا نام مرۃ بن کعب، دوسرے کا نام عدی بن کعب تیسرے کا نام ہصیص بن کعب تھا ان کی ماں وشیہ بنت شیبان بن محارب بن فہر بن مالک بن النضر تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد مرۃ بن کعب کے تین لڑکے تھے ایک کا نام کلاب بن مرۃ، دوسرے کا نام تیم بن مرۃ اور تیسرے کا نام یقظہ بن مرۃ تھا۔ کلاب کی ماں تو ہند بنت سریر بن ثعلبۃ بن الحارث بن مالک بن کنانۃ بن خزیمہ تھی۔اور یقظہ کی ماں بارقیہ تھی جو یمن والے بنی اسد کی شاخ بنی بارق سے تھی۔بعض کا کہنا ہے کہ یہ تیم کی ماں تھی بعض کے مطابق تیم، ہند بنت سریر کا لڑکا تھا جو کلاب کی بھی ماں تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد کلاب بن مرۃ کے دو لڑکے تھے۔قصی بن کلاب اور زہرہ بن کلاب (سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد قصی بن کلاب کے چار لڑکے ہوئے اور دو لڑکیاں

ایک بیٹے کا نام عبدمناف بن قصی دوسرے کا نام عبدالدار بن قصی، تیسرے کا نام عبدالعزیٰ بن قصی اور چوتھے کا نام عبد بن قصی اور دو بیٹیاں تھیں ایک کا نام تخمر بنت قصی اور دوسری کا نام برۃ بنت قصی۔ان کی ماں کا نام حبی بنت حلیل

بن حبشیۃ بن سلول بن کعب بن عمرو الخزاعی تھا۔ (سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ عبدمناف بن قصی جس کا نام المغیرۃ تھا ان کے چار بیٹے تھے ایک کا نام ہاشم بن عبدمناف دوسرے کا نام عبدشمس بن عبدمناف تیسرے کا نام المطلب

بن عبد مناف اوران کی ماں عاتکہ بنت مرۃ بن ہلال بن فاجل بن ذکوان بن ثعلبہ بن بہثہ بن سلیم بن منصور بن عکرمہ تھی چوتھا لڑکا نوفل بن عبد مناف تھا۔ جس کی ماں واقدہ بنت عمرو مازنیہ تھی اور مازن منصور بن عکرمہ کا لڑکا تھا۔ (سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ ہاشم بن عبد مناف کے چار بیٹے اور پانچ بیٹیاں تھیں۔ایک کا نام عبد المطلب بن ہاشم، دوسرے کا نام اسد بن ہاشم تیسرے کا نام ابا صیفی بن ہاشم چوتھے کا نام نصلۃ بن ہاشم تھا۔پہلی بیٹی کا نام خالدۃ بنت ہاشم، دوسری کا نام ضعیفہ بنت ہاشم تیسری کا نام رقیہ بنت ہاشم چوتھی کا نام حیہ بنت ہاشم تھا۔عبد المطلب اور رقیہ کی ماں سلمٰی بنت عمرو بن زید بن لبید بن خداش بن عامر بن غنم بن عدی بن النجار تھی۔اور نجار کا نام تیم اللہ بن ثعلبۃ بن عمرو بن الخزرج بن حارثۃ بن ثعلبۃ ابن عمرو بن عامر تھا سلمٰی کی ماں عمیرۃ بنت صخر بن الحارث بن ثعلبۃ مازن اب النجار تھی۔عمیرہ کی ماں سلمٰی بنت عبد الاشہل نجاریہ تھی۔اسد کی ماں کا نام قیلہ بنت عامر بن مالک الخزاعی تھا۔ابو صیفی اور حیہ کی ماں ہند بنت عمرو ثعلبہ الخزرجیہ تھی۔نصلہ اور شفاء کی ماں بنی قضاعہ کی ایک عورت تھی۔خالدہ اور ضعیفہ کی ماں کا نام واقدۃ بنت ابی عدی المازنیہ تھا۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ عبد المطلب بن ہاشم کے دس لڑکے اور چھے لڑکیاں تھیں۔

العباس بن عبد المطلب (صاحب اولاد)

حمزہ بن عبد المطلب (لاولد)

عبد اللہ بن عبد المطلب (صاحب اولاد)

ابو طالب بن عبد المطلب (صاحب اولاد)

زبیر بن عبد المطلب (اولاد کی اولاد نہ رہی)

الحارث بن عبد المطلب (صاحب اولاد)

حجل بن عبد المطلب (صاحب اولاد)

المقوم بن عبد المطلب (اولاد نرینہ نہوی)

ضرار بن عبد المطلب (لاولد)

ابولہب بن عبد المطلب (صاحب اولاد)

العباس اور ضرار کی ماں نتیلہ بنت جناب بن کلیب بن مالک بن عمرو بن زید مناۃ بن عامر جس کا لقب ضحان تھا بن سعد بن الخزرج بن تیم اللات بن النمر ابن قاسط بن ہنب بن افصی بن جدیلۃ بن اسد بن ربیعۃ بن نزار اور بعض کہتے ہیں کہ افصی بن دعمی بن جدیلۃ اور حمزہ مقوم، حجل اور صفیہ کی ماں کا لقب اس کی نیکیوں کی کثرت اور مال کی وسعت کے سبب غیداق پڑ گیا تھا۔اور صفیہ کا نام حالہ بنت اہیب بن عبد المناف بن زہرۃ بن کلاب بن مرۃ بن کعب بن لوئی تھا۔اور عبد اللہ، ابو طالب، زبیر اور صفیہ کے سوا تمام لڑکیوں کی ماں فاطمہ بنت عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم بن یقظہ بن مرۃ بن کعبہ بن لوئی بن غالب ابن فہر بن مالک بن نضر تھی۔اور فاطمہ کی ماں صخرہ بنت عبد بن عمران بن مخزوم ابن یقظہ بن مرۃ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر تھی اور صخرہ کی ماں تخمر بنت عبد بن قصی بن کلاب بن مرۃ بن کعب بن لوئی بن غالب ابن فہر بن مالک بن نضر تھی۔حارث بن عبد المطلب کی ماں کا نام سمراء بنت جندب حجیر بن رئاب بن حبیب بن سواء بن عامر بن صعصعۃ بن معاویۃ بن بکر ابن ہوازن بن منصور بن عکرمہ تھا اور ابولہب بن عبد المطلب کی ماں لبنی بنت ہاجر بن عبد مناف ابن ضاطر بن حبشیہ بن سلول بن کعب بن عمرو الخزاعی تھی۔

صفیہ بنت عبد المطلب (باولد)

ام حکیم بنت عبد المطلب (باولد)

البیضاء بنت عبد المطلب (باولد)

عاتکہ بنت عبد المطلب (باولد)

امیمہ بنت عبدالمطلب (باولد)

اروی بنت عبدالمطلب (باولد)

برۃ بنت عبدالمطلب (باولد) (سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ عبدالمطلب کی رحلت کا وقت آیا اور انہیں موت کا یقین ہوگیا تو انہوں نے اپنی لڑکیوں کو جو چھ تھیں جمع کیا جن کے نام صفیہ، برہ، عاتکہ، ام الحکیم البیضاء، امیمۃ اور اروی ہیں۔ان سے کہا کہ تم سب مجھ پر گریہ وزاری کرو تاکہ میں اپنے مرنے سے پہلے سن لوں کہ تم کیسے بین کروگی اور کیا کہوگی۔عبدالمطلب کی بیٹیوں نے بڑے ہی درد بھرے اشعار کی شکل میں اپنے باپ کا بین کیا اور جب عبدالمطلب کی زبان بند ہوگئی تو انہوں نے اپنے سر کے شارہ سے کہا کہ ہاں مجھ پر ایسے ہی بین کرو۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول، ھادی عالم۔محمد ولی رازی)

☆ نبی اکرم ﷺ کے جدامجد ہاشم نے پچیس سال کی عمر میں وفات پائی اور شام کے شہر غزہ میں دفن ہوئے۔(ضیاء النبی ﷺ جلداول از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

☆ نبی اکرم ﷺ کے نانا کا نام وہب بن عبد مناف تھا اور نانی کا نام برہ بن عبدالعزٰی تھا۔(سیرت ابن ہشام۔جلداول)

☆ نبی اکرم ﷺ کے دادا عبدالمطلب کا اصل نام شیبہ الحمد تھا۔(سیرت النبی ﷺ جلداول)

☆ محمد رسول اللہ ﷺ کو والدہ کے بعد سب سے پہلے ابولہب کی لونڈی ثوبیہ نے دودھ پلایا اس وقت ان کی گود میں جو بچہ تھا اس کا نام مسروح ؓ تھا۔
ثوبیہ ؓ نے آپ ﷺ سے پہلے حضرت حمزہ بن عبدالمطلب ؓ کو اور آپ ﷺ کے بعد ابوسلمہ ؓ بن عبدالاسد مخزومی کو بھی دودھ پلایا تھا۔
(الرحیق المختوم۔۔۔مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری)

☆ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی مشہور ومعروف کنیت ابوالقاسم (ﷺ) ہے جو آپ کے سب سے بڑے صاحبزادے قاسم کے نام پر ہے۔دوسری کنیت ابوابراہیم ہے۔(سیرت المصطفٰے ﷺ۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے چچا ابوطالب آپ ﷺ سے عمر میں 35 سال بڑے تھے۔(سیرت النبی ﷺ جلداول ص 168)

☆ نبی اکرم ﷺ کے دادا عبدالمطلب کے بال پیدائشی طور پر سفید تھے ان کا اصل نام شیبہ (بوڑھا) تھا لیکن مطلب کے غلام عبدالمطلب کے نام سے مشہور ہوئے۔(سیرۃ ابن ہشام۔۔از ابن ہشام)

☆ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آپ ﷺ کے والد ماجد اور والدہ ماجدہ تک جس قدر آباؤ اجداد وامہات وجدات سلسلہ نسب میں واقع ہیں وہ سب کے سب محصنین اور محصنات یعنی سب عفیف اور پاک دامن تھے کوئی فرد ان میں زناء کے ساتھ ملوث نہیں ہوا۔(سیرت المصطفٰے ﷺ۔۔۔مولانا محمد ادریس کاندھلوی)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد نزار کی قبر مدینہ منورہ کے قریب مقام ذات الجیش میں ہے۔(زرقانی۔جلداول)

☆ نبی اکرم ﷺ کے اجداد میں سے آپ ﷺ کے دادا غار حرا میں عبادت (غور وخوض) کیا کرتے تھے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے سب سے بڑے چچا کا نام حارث تھا۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد نزار کے معنی قلیل کے ہیں ابوالفرج اصبہانی فرماتے ہیں نزار چونکہ اپنے زمانے کے یکتا تھے یعنی ان کی مثال کم تھی۔
اس لیے نزار ان کا نام ہوگیا۔فتح الباری جلد سات۔(سیرت المصطفٰے ﷺ۔۔۔مولانا محمد ادریس کاندھلوی)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد مُضر کا اصل نام عمرو تھا ابوالیاس کنیت تھی مضران کا لقب تھا۔مضر حاضر سے مشتق ہے جس کے معنی ترش کے ہیں۔
ترشی اور دہی آپ کو بہت مرغوب تھے اس لیے مضر کے نام سے مشہور ہوگئے۔(سیرت المصطفٰے ﷺ۔۔مولانا محمد ادریس کاندھلوی، زرقانی)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد مضر نہایت خوش الحان تھے چلتے وقت اونٹوں پر حدی پڑھنا انہیں کی ایجاد ہے (سیرت المصطفٰے ﷺ۔روض الانف جلداول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد مُدرکہ کا اصل نام عامر تھا مدرکہ ان کا لقب تھا جو ادراک سے مشتق ہے چونکہ انہوں نے ہر قسم کی عزت اور

رفعت کو پایا اس لیے مدرکہ ان کا لقب ہو گیا۔ (فتح الباری۔ جلد ہفتم)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد کنانہ عرب میں بڑے جلیل القدر سمجھے جاتے تھے ان کے علم وفضل کی وجہ سے دور دراز سے لوگ مستقل ان کی زیارت کے لیے سفر کر کے آتے تھے۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ زرقانی)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد نضر کے معنی رونق اور تروتازگی کے ہیں حسن و جمال کی وجہ سے ان کو نضر کہنے لگے تھے اصل نام قیس تھا۔
(زرقانی جلد اول۔ سیرت المصطفیٰ ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد مالک کی کنیت ابوالحارث تھی عرب کے بڑے سرداروں میں سے تھے۔ (زرقانی جلد اول۔ سیرت المصطفیٰ ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے والد حضرت عبداللہ کا مزار مدینہ میں ہے۔ (اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہؓ)

☆ سب سے پہلے جمعہ کے دن جمع ہونے کا طریقہ آپ ﷺ کے جدامجد کعب بن لوی نے جاری کیا کعب بن لوی جمعہ کے روز لوگوں کو جمع کرے خطبہ پڑھتے تھے اول خدا کی حمد وثناء بیان کرتے کہ آسمان اور زمین اور چاند سورج یہ سب چیزیں خدا ہی کی بنائی ہوئی ہیں اور پھر پند ونصائح کرتے، صلہ رحمی کی ترغیب دیتے اور یہ فرماتے کہ میری اولاد میں ایک نبی ہونیوالے ہیں اگر تم ان کا زمانہ پاؤ تو ضرور ان کا اتباع کرنا اور یہ شعر پڑھتے۔ ترجمہ۔ کاش میں بھی ان کے اعلان دعوت کے وقت حاضر ہوتا جس وقت قریش ان کی اعانت سے دست کش ہوں گے۔ فتراء اور ثعلب کہتے یں کہ اس سے بیشتر یوم جمعہ کو یوم العروبہ کہا جاتا تھا سب سے پہلے کعب بن لوی نے اس دن کا نام جمعہ رکھا۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ)

☆ آپ ﷺ کے جدہ امجد مرہ جس کے معنی تلخی کے ہیں جو شخص شجاع اور بہادر ہوتا تھا عرب اس کو مرہ کہا کرتے تھے کہ یہ شخص اپنے دشمنوں کے لیے بہت تلخ ہے اور مرۃ میں تانیث کے لیے نہیں بلکہ مبالغہ کے لیے بہت تلخ۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ مولانا محمد ادریس کاندھلوی)

☆ نبی اکرم ﷺ کی دادی کا نام فاطمہ بنت عمرو تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے جدہ امجد کلاب کا نام حکیم یا عروہ یا مہذب تھا۔ انہوں نے کتے پال رکھے تھے جس کی وجہ سے نام کلاب پڑ گیا۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ جلد اول۔ مولانا محمد ادریس کاندھلوی)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد قصی کا اصل نام مجمع تھا جو جمع سے مشتق ہے قریش نے چونکہ قریش کے متفرق اور منتشت قبائل کو جمع کیا تھا اس لیے ان کو مجمع کہتے تھے۔ قریش ابتداء میں متفرق تھے اور ایک جگہ آباد نہ تھے کوئی پہاڑ میں رہتا تھا کوئی صحراء میں کوئی وادی میں کوئی گھاٹی میں کوئی غار میں قصی نے سب کو مکہ کے دامن میں جمع کیا اور سب کے رہنے کے لیے الگ الگ مکان کے لیے جگہ دی اور سب کو ایک جگہ آباد کیا اس وقت سے ان کو مجمع پکارا جانے لگا۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ مولانا محمد ادریس کاندھلوی)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد عبد مناف کا اصل نام مغیرہ تھا۔ مغیرہ بہت حسین وہ جمیل تھے اسی وجہ سے ان کو قمر البطحا بھی کہتے تھے۔
(سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ زرقانی۔ جلد اول)

☆ حضور اقدس ﷺ کے جدامجد قصی کا اصل نام زید تھا۔ (سیرت ابن ہشام، جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد مدرکۃ کا اصل نام عامر تھا (سیرت ابن ہشام، جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے جدامجد تارح کا اصل نام آزر تھا۔ (سیرت ابن ہشام جلد اول)

☆ قریش ایک بحری جانور کا نام ہے جو اپنی قوت کی وجہ سے سب جانوروں پر غالب رہتا ہے وہ جس جانور کو چاہتا ہے کھا لیتا ہے مگر اس کو کئی نہیں کھا سکتا اسی طرح قریش بھی اپنی شجاعت اور بہادری کی وجہ سے سب پر غالب رہتے ہیں کسی سے مغلوب نہیں ہوتے اس لیے قریش کے نام سے موسوم ہوئے (سیرت المصطفیٰ ﷺ)

☆ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ہاشم کا نام عمرو تھا مکہ میں قحط تھا ہاشم نے شوربہ میں روٹیاں چورا کر کے اہل مکہ کو کھلائیں اس لیے ان کا نام

ہاشم ہوگیا۔ہشم کے معنی چورہ کے ہیں ہاشم اسی کا فاعل ہے عمرو بلند و مرتبہ نے اپنی قوم اور تمام اہل مکہ کو ثرید بنا کر کھلایا اور مکہ کے لوگ قحط کی وجہ سے لاغیر اور ناتواں تھے۔ایک مرتبہ نہیں بلکہ بار بار اہل مکہ کو اسی طرح سے کھلایا نہایت سخی تھے۔دستر خوان بہت وسیع تھا ہر وارد و صادر کے لیے ان کا دستر خوان حاضر تھا۔غریب مسافروں کو سفر کے لیے اونٹ عطا فرماتے تھے نہایت حسین و جمیل تھے نور نبوت آپ کی پیشانی پر چمکتا تھا علماء بنی اسرائیل جب آپ کو دیکھتے تو سجدہ کرتے اور آپ کے ہاتھوں کو بوسہ دیتے۔قبائل عرب اور علماء بنی اسرائیل نکاح کے لیے اپنی لڑکیاں ہاشم پر پیش کرتے حتیٰ کہ ایک مرتبہ ہرقل شاہ روم نے خط لکھا کہ مجھ کو آپ کے جود و کرم کی اطلاع پہنچی ہے میں اپنی شہزادی کو جو حسن و جمال میں یگانہ روزگار ہے آپ کی زوجیت میں دینا چاہتا ہوں۔آپ آجائیں تا کہ آپ سے شہزادی کا نکاح کروں۔ہاشم نے شہزادی سے نکاح سے انکار کر دیا شاہ روم کا مقصد اصلی یہ تھا کہ وہ نور نبوت جو ہاشم کی پیشانی پر چمک رہا ہے اس کو اپنے گھرانے میں منتقل کر لے۔(زرقانی۔جلد اول۔سیرت المصطفےٰ ﷺ۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے پردادا ہاشم نے ہی سب سے پہلے قریش میں دستور جاری کیا کہ سال میں دو مرتبہ تجارتی قافلہ روانہ ہوگا موسم گرما میں شام کی طرف اور موسم سرما میں یمن کی طرف (سیرت المصطفےٰ ﷺ۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے دادا عبدالمطلب کا جود و کرم اپنے باپ ہاشم سے بڑھا ہوا تھا عبدالمطلب کی مہمان نوازی انسانوں سے گزر کر چرند پرند تک پہنچ گئی تھی اسی وجہ سے عرب کے لوگ ان کو فیاض اور مطعم طیر السماء (آسمان کے پرندوں کو کھلانے والا) کے لقب سے یاد کرتے تھے۔شراب کو اپنے اوپر حرام کیا ہوا تھا۔جب رمضان المبارک کا مہینہ آتا تو خاص طور پر فقراء اور مساکین کو کھانا کھلاتے۔غار حراء میں سب سے پہلے خلوت و عزلت عبدالمطلب ہی نے کی۔(زرقانی جلد اول۔سیرت المصطفےٰ ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے دادا عبدالمطلب نے بچپن کے سات سال مدینہ میں بسر کیے (ضیاء النبی ﷺ جلد اول از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

☆ پیارے محمد ﷺ کے دادا عبدالمطلب نے رومان (یمن) کے مقام پر وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے (الرحیق المختوم۔۔۔مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری)

☆ رحمۃ اللعالمین ﷺ کی نانی کا نام فاطمہ تھا اور وہ عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم بن یقظہ بن مرہ کی صاحبزادی تھیں (الرحیق المختوم۔۔۔مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری)

☆ نبی اکرم ﷺ کے والد عبداللہ کی کنیت ابو قثیم تھی۔(اصابہ فی معرفۃ الصحابہؓ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی پیدائش کے ساتویں دن آپؐ کے دادا عبدالمطلب نے آپ ﷺ کا عقیقہ کیا تھا اس عقیقے میں سو اونٹ ذبح کیے گئے۔(سیرت ابن ہشام)

☆ جب نبی اکرم ﷺ کو حلیمہ سعدیہ کے حوالے کیا گیا اُس وقت آپ ﷺ کی عمر 08 دن تھی۔(سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے 02 ماہ کی عمر میں ہی اپنے قدموں پر چلنا شروع کر دیا تھا۔(خطبات جمیل۔۔مولانا طارق جمیلؒ)

☆ آپ ﷺ نے باقاعدہ کسی مدرسہ سے تعلیم نہیں پائی بلکہ آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے تمام علوم سکھائے گئے۔

☆ نبی اکرم ﷺ نے 08 ماہ کی عمر میں بولنا شروع کر دیا تھا اور آپ ﷺ 09 ماہ کی عمر میں بالکل صاف گفتگو فرماتے تھے (خطبات جمیلؒ)۔

☆ نبی اکرم ﷺ کے دادا عبدالمطلب آپ ﷺ کی 02 برس تک پرورش کی۔(تاریخ اسلام از معین الدین ندوی)

☆ عبدالمطلب کے لیے خانہ کعبہ کے سائے میں فرش بچھایا جاتا۔ان کے سارے لڑکے فرش کے اردگرد بیٹھ جاتے عبدالمطلب تشریف لاتے تو فرش پر بیٹھتے ان کی عظمت کے پیش نظر ان کا کوئی لڑکا فرش پر نہ بیٹھتا۔لیکن رسول اللہ ﷺ تشریف لاتے تو فرش پر ہی بیٹھ جاتے ابھی آپ ﷺ کم عمر بچے تھے۔ آپ ﷺ کے چچا آپ کو پکڑ کر اتار دیتے لیکن عبدالمطلب انہیں ایسا کرتے دیکھتے تو فرماتے میرے اس بیٹے کو چھوڑ دو بخدا اس کی شان نرالی ہے، پھر انہیں اپنے ساتھ فرش پر بٹھا لیتے اپنے ہاتھ سے پیٹھ سہلاتے اور ان کی نقل و حرکت دیکھ کر خوش ہوتے۔

(الرحیق المختوم۔۔۔مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری، فقہ السیرۃ۔۔۔محمد الغزالیؒ)

☆ نام محمد ﷺ آپؐ کے دادا عبدالمطلب نے رکھا تھا آپؐ کے عقیقے میں آپؐ کے دادا نے 100 اونٹ ذبح کیے تھے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ والد حضرت عبداللہ کی وفات کے 06 ماہ بعد نبی اکرم ﷺ کی پیدائش ہوئی اور پیدائش کے 07 دنوں بعد آپؐ کے دادا نے آپ ﷺ کا نام ''محمد'' رکھا تھا۔

☆ نبی اکرم ﷺ کے والد حضرت عبداللہ تجارت کے شعبے سے وابستہ تھے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے والد حضرت عبداللہ بھائیوں میں سب سے چھوٹے اور لاڈلے تھے۔(تاریخ اسلام)

☆ نبی اکرم ﷺ کے والد حضرت عبداللہ نے 17 سال کی عمر میں حضرت آمنہ سے شادی کی تھی۔(اسد الغابہ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے ابتدائی 03 دنوں تک اپنی والدہ حضرت آمنہ کا دودھ پیا۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ کا تعلق بنو زہرہ سے تھا انہوں نے 30 سال کی عمر میں ابواء کے مقام پر وفات پائی۔(سیرت النبی ﷺ، ضیاء النبی ﷺ)

☆ آپ ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ کا شجرہ نسب نبی اکرم ﷺ کے جد امجد ''کلاب'' سے جا کر چھٹی پشت میں ملتا ہے۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے چچا جناب ابو طالب نے 80 سال کی عمر میں وفات پائی۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے اپنے چچا ابو طالب کے ہمراہ 12 برس کی عمر میں پہلا شام کی طرف سفر کیا۔(رحمتہ اللعالمین۔اردو۔قاضی محمد سلیمان)

☆ نبی اکرم ﷺ بچپن میں والدہ کی وفات کے بعد پہلے اپنے دادا اور بعد میں اپنے چچا حضرت ابو طالب کے ساتھ سویا کرتے تھے

محبت کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ آپ ﷺ کو اپنی نظروں کے سامنے رکھتے۔(ضیاء النبی ﷺ از پیر محمد کرم شاہ الازہری)

☆ نبی اکرم ﷺ کی دو رضائی بہنیں تھیں جن میں سے ایک کا نام شیماء اور دوسری کا نام انیسہ ہے۔(اسد الغابہ جلد اول)

☆ حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم ﷺ کے رضائی بھائی ہیں۔(اسد الغابہ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کے والد حضرت عبداللہ نے 25 سال کی عمر میں وفات پائی۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے دادا عبدالمطلب کی کنیت ابو الحارث تھی۔(سیرت محمد ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے دادا ہاشم بڑے معزز اور مالدار تھے۔یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے مکے میں حاجیوں کو شوربا روٹی سان (ایک ساتھ بھگو کر) کر کھلانے کا اہتمام کیا۔ ان کا اصل نام عمرو تھا لیکن روٹی توڑ کر شوربے میں سانے کی وجہ سے ان کو ہاشم کہا جانے لگا۔کیونکہ ہاشم کے معنی ہیں توڑنے والا اور یہی ہاشم وہ پہلے آدمی ہیں جنہوں نے قریش کے لیے گرمی اور جاڑے کے دو سالانہ دو تجارتی سفروں کی بنیاد رکھی۔

(الرحیق المختوم۔۔۔۔مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری)

☆ سردیوں میں جب آپ ﷺ اپنا بستر مبارک کمرے میں لے جاتے وہ جمعرات کا دن اور جمعہ کی شام ہوتی اور جب گرمیوں میں آپ ﷺ اپنا بستر مبارک صحن میں لے آتے اس وقت بھی جمعرات کا روز اور جمعہ کی شام ہوتی (خطبات جمیل۔۔۔مولانا طارق جمیل)

☆ آپ ﷺ ایک دن کنگھا کرے اور ایک دن کنگھا نہ کرتے تھے۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔تسہیل۔نشر الطیب ذکر النبی الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں اپنے بالوں میں کبھی خضاب نہ لگایا البتہ سر درد کی صورت میں مہندی کا استعمال ضرور کیا ہے۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ نے چمڑے کے سیاہ سادہ موزے بھی پہنے ہیں۔اور ان پر وضو میں مسح بھی فرمایا۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ کے نعلین (جوتے) میں پہننے کے لئے دو تسمے تھے ایک انگوٹھے اور اس کی برابر والی انگلی میں اور دوسرا درمیان والی انگلی اور اس کے برابر والی انگلی میں تھا اور ایڑھی کے پیچھے کا تسمہ دہرا تھا۔آپ ﷺ بالوں سے صاف کئے ہوئے چمڑے کے نعلین بھی پہنتے تھے۔اور وضو کر کے ان میں پاؤں بھی رکھ لیتے تھے۔آپ ﷺ کبھی کبھی گٹھے ہوئے نعلین میں نماز (بھی) پڑھ لیتے تھے (کیونکہ وہ پاک ہوتے تھے اس وقت لوگوں میں یہ خلاف ادب نہ ہوگا)۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ جب عمامہ باندھتے تھے تو اس کو دونوں شانوں کے درمیان چھوڑ دیتے تھے۔آپ ﷺ شملہ کبھی دونوں شانوں کے درمیان چھوڑ دیتے اور کبھی بغیر شملہ کے عمامہ باندھتے تھے۔آپ ﷺ کی ٹوپی بغیر عمامہ کے کبھی پہن لیتے اور کبھی عمامہ کے بغیر ٹوپی پہن لیتے تھے۔آپ ﷺ کے پاس ایک سیاہ عمامہ تھا آپ ﷺ آدھی پنڈلی

تک لنگی باندھتے تھے اس سے نیچے باندھنے کی اجازت بھی دی ہے مگر یہ فرمایا ہے کہ پائنچوں کا ٹخنوں میں کچھ حق نہیں۔ (تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ جب بیٹھتے تھے تو دونوں پاؤں کھڑا کر کے ان کے گرد ہاتھوں سے حلقہ بنا لیتے تھے آپ ﷺ مسجد میں ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھ کر چت بھی لیٹے ہیں ۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ جب آپ ﷺ کھانا کھاتے کھاتے تو اپنی تینوں انگلیوں کو چاٹ لیتے تھے۔آپ ﷺ نے کبھی ٹیک لگا کر، میز پر اور نہ ہی کبھی تشتری (چھوٹی پلیٹ) میں کھانا کھایا۔ آپ ﷺ دسترخوان پر کھانا کھاتے تھے۔آپ ﷺ کے لئے کبھی چپاتی نہیں پکائی گئی۔حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ سرکہ زیتون کے تیل، میٹھی چیز، شہد اور کدو کو پسند فرماتے تھے۔آپ ﷺ نے مرغ، سرخاب، بکری اونٹ اور گائے کا گوشت کھایا ہے۔آپ ﷺ ثرید (یعنی شوربے میں توڑی ہوئی روٹی) کو پسند فرماتے تھے ۔آپ ﷺ مرچ اور مصالحہ بھی کھاتے تھے۔آپ ﷺ نے کچی کچی کھجوریں اور چھوہارا، چقندر، اور حیس (یعنی کھجور، گھی اور پنیر کا مالیدہ) بھی کھایا ہے اور آپ ﷺ کو کھرچن اچھی لگتی تھی۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ کے ساتھ شق صدر (یعنی سینہ چاک کرنے کا واقعہ) چار دفعہ پیش آیا۔سیرت المصطفےٰ ﷺ۔جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کی بکریوں کے نام یہ ہیں۔جن کا شام کو دودھ دوہا جاتا اور آپ ﷺ کے گھر میں پہنچایا جاتا

جن بکریوں کا دودھ آپ ﷺ نے نوش فرمایا ان کی تعداد آٹھ ہے ان بکریوں کو جس بکرے سے حمل ٹھہرتا تھا اور ان بکریوں کے ساتھ جو بکرا گھاس پھوس چرا کرتا تھا اس کا نام بھی موجود ہے جو بہت شرارتی تھا اور ان میں سے ایک بکری آپ ﷺ کی حیات مبارک میں ہی مر گئی تھی۔

عجوہ Ajwa، زمزم zum zum، سکیہ Sukya، برقہ Barqa، ورسہ Wursa، عتلام Utlam، عتلا Atla،

غیثہ Ghaisa، قمرہ Qumra، ایک بکرا جو بہت شرارتی تھا اس کا نام یُم Yum ہے۔(خطبات جمیلؒ۔۔۔مولانا طارق جمیلؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات کی تعداد 11 ہے بیٹوں کی تعداد 03 ہے جن کے نام یہ ہیں۔

حضرت قاسم، حضرت عبداللہ (ان کا لقب طیب وطاہر تھا) اور حضرت ابراہیم۔قاسم کے معنی تقسیم کرنیوالا، طاہر کے معنی پاک، ابراہیم کے معنی بزرگی والا،

☆ نبی اکرم ﷺ کی بیٹیوں کی تعداد 04 ہے جن کے نام یہ ہیں۔حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت اُم کلثومؓ، حضرت فاطمہؓ۔(اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہؓ۔ابن اثیرؒ)

زینب کے معنی اسٹفار والی، رقیہ کے معنی خاوند کی خدمت کرنیوالی، ام کلثوم کے معنی بیٹی بچوں کی تربیت کرنیوالی، فاطمہ کے معنی دوزخ سے آزاد

☆ نبی اکرم ﷺ کی زندگی مبارک میں 03 ہجرتیں پیش آئیں۔ہجرت حبشہ دو دفعہ، ہجرت مدینہ ایک دفعہ لیکن آپ ﷺ نے صرف مدینہ کی طرف ایک ہجرت فرمائی۔

(السیرۃ النبوہ۔۔علامہ ابن کثیر۔۔اردو)

☆ نبی اکرم ﷺ کی کنیت قاسم تھی آپؐ کا تعلق بنو ہاشم سے تھا۔(سیرت النبی ﷺ، جلد اول)

☆ 06 دن آپ ﷺ کے چچا ابولہب کی لونڈی ثوبیہ نے آپؐ کو دودھ پلایا۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ شق صدر کے واقعے کی وجہ سے آپ ﷺ کے سینے پر ٹانکوں کے نشان موجود تھے۔(سیرت المصطفےٰ ﷺ۔جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے 05 سے 06 سال دائی حلیمہ سعدیہ کے زیر سایہ صحرا میں گزارے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ نے ابواء کے مقام پر وفات پائی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 06 سال تھی۔

☆ نبی اکرم ﷺ کی عمر مبارک کے 08 سال مکمل ہونے پر آپ کے دادا نے 579 عیسوی میں وفات پائی۔

☆ نبی اکرم ﷺ نے 12 سال کی عمر میں اپنے چچا ابو طالب کے ہمراہ سفر شام کیا۔(تاریخ ابن خلدون۔از ابن خلدون)

☆ نبی اکرم ﷺ نے 15 سال کی عمر میں حرب فجار میں حصہ لیا تھا۔(محمد رسول اللہ۔محمد رضا)

☆ حلف الفضول کا واقعہ 595 عیسوی میں پیش آیا اُس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک 25 سال تھی۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ 25 پچیس سال 02 ماہ اور 10 دن کی عمر میں آپ ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوا اس وقت حضرت خدیجہ کی عمر چالیس سال تھی اور نکاح آپؐ

کے چچا ابو طالب نے پڑھایا تھا یہ 596 عیسوی کا دور تھا۔ نکاح میں آپ ﷺ نے پانچ سو طلائی درہم مہر ادا کیا گیا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ حضور اقدس ﷺ کی زوجہ محترمہ کا شجرہ نسب، خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی بن کلاب بن مرۃ بن کعب بن لوئی بن غالب ہے۔ آپؓ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت زائدۃ بن بن الاعصم بن رواحۃ بن حجر بن عبد بن معیص بن عامر بن لوئی بن غالب بن فہر فاطمہ کی ماں کا نام ہالۃ بنت عبد مناف بن الحارث بن عمرو بن منقذ بن عمرو بن معیص بن عامر لوئی بن غالب بن فہر ہالۃ کی ماں کا نام قلابۃ بنت سعید بن سعد بن سہم بن عمرو بن ہصیص بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر تھا۔ (سیرت ابن ہشام۔ جلد اول)

☆ حجر اسود نصب کرنے کا واقعہ 606 عیسوی میں پیش آیا اس وقت آپؐ کی عمر 35 سال تھی۔ (تاریخ اسلام از مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی)

☆ 40 سال کی عمر میں آپ ﷺ کو نبوت سے نوازا گیا کیلنڈر کے لحاظ سے اس وقت 28 جولائی 610 عیسوی کا گرمیوں دور تھا۔ (خطبات جمیل، جنرل نالج)

☆ سب سے پہلے آپ ﷺ نے حضرت جبرائیلؑ کی اقتداء میں نماز پڑھائی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ پہلی اور دوسری وحی کے درمیان کا عرصہ 06 ماہ کا ہے۔ (سیرت النبی ﷺ از مولانا شبلی نعمانی)

☆ نبوت ملنے کے تین سال بعد اعلانیہ تبلیغ کا حکم آپ ﷺ کو دیا گیا اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک 43 سال تھی۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ پہلی مرتبہ آپ ﷺ کی ملاقات حضرت جبرائیلؑ سے ربیع الاول 01 سن نبوی 610ء کو ہوئی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ قرآن مجید کا آپ ﷺ پر نزول رمضان المبارک ایک نبوی 10 اگست 610ء میں شروع ہوا۔

(الرحیق المختوم۔۔۔ مولانا صفی الرحمن مبارکپوری، خطبات جمیلؒ۔۔ مولانا طارق جمیل، جنرل نالج)

☆ رمضان المبارک کی 21 اور 10 اگست 610 عیسوی کے روز پیارے محمد ﷺ کی عمر مبارک قمری حساب سے چالیس سال چھ مہینے بارہ دن اور شمسی حساب سے 39 سال تین مہینے 22 دن تھی۔ (الرحیق المختوم۔۔۔ مولانا صفی الرحمن مبارکپوری)

☆ نبی اکرم ﷺ غار حرا میں جو مخصوص عبادت کیا کرتے تھے اس کا نام تحنث ہے۔ (محمد رسول اللہ از شمس الدین عظیمی)

نبی اکرم ﷺ نے سب سے پہلے قیصر روم کے ہرقل کو یکم محرم 07 ہجری کو خط لکھا تھا۔ (رسول رحمت۔ اُردو۔ مولانا غلام رسول مہر)

☆ نبی اکرم ﷺ نے قرآن پاک کی آخری آیت کے نزول کے 09 دن بعد وصال ہوا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ چالیس سال کی عمر میں آپ ﷺ کو نبوت سے نوازا گیا نبوی اگست 610 عیسوی۔ (روزنامہ اسلام)

☆ آپ ﷺ نے 17 ماہ تک بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز ادا کی۔ (سیرت النبی ﷺ، ضیاء النبی ﷺ)

☆ قرآن مجید فرقان حمید میں ایک سورۃ کا نام محمد (ﷺ) ہے۔ (قرآن حکیم)

☆ قرآن مجید فرقان حمید میں آپ ﷺ کا نام محمدؐ 04 مرتبہ آیا ہے۔ (قرآن حکیم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے 614ء کو کوہ صفا پر پہلا وعظ ارشاد فرمایا تھا اور وحدانیت کی واضح تلقین کی تھی۔ (تاریخ اسلام از مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی جلد اول)

نبی اکرم ﷺ کی پھوپھیوں کی تعداد 06 تھی جن میں سے صرف ایک حضرت صفیہؓ نے اسلام قبول کیا تھا۔

نبی اکرم ﷺ کے 09 چچا تھے جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں

01 حضرت حمزہ (حمزہ کے معنی ہیں لمبی جگہ) رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبدالمطلب

02 حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبدالمطلب

03 ابو طالب (اصل نام عبد مناف) بن عبدالمطلب

04 ابولہب (اصل نام عبدالعزیٰ جس کے معنی ہیں مشہور غزیٰ بت کا بندہ، ابولہب کے معنی شعلوں کا باپ) بن عبدالمطلب

05 زبیر بن عبدالمطلب

06 مقوم بن عبدالمطلب

07 ضرار بن عبدالمطلب

08 مغیرہ بن عبدالمطلب

09 حارث بن عبدالمطلب یہ آپ ﷺ کے سب سے بڑے چچا ہیں۔حارث کے معنی ہیں کھیتی کا بندہ (سیرت النبی ﷺ جلداول)

مشہور ومعروف کتاب اسدالغابہ فی معرفتہ الصحابہ میں علامہ ابن اثیر نے دس چچاؤں کا ذکر کیا ہے اور ایک کا نام عبدالکعبہ لکھا ہے جو بچپن میں انتقال کر گئے تھے۔

☆ حضرت درہؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کی چچازاد بہن ہیں آپؓ ابولہب بن عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت ضباعہؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کی چچازاد بہن ہیں آپؓ زبیر بن عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت اُم حکیمؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کی چچازاد بہن ہیں آپؓ زبیر بن عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت قثم بن عباسؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی اور حضرت عباسؓ کے بیٹے ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت ابوسفیانؓ بن حارث رشتے میں نبی اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی اور حارث کے بیٹے ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ رشتے میں آپ ﷺ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت ام فضل رضی اللہ تعالیٰ عنہا رشتے میں آپ ﷺ کی چچی اور حضرت عباسؓ کی بیوی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ زہیر بن ابوامیہ نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں پھوپھی زاد بھائی ہیں۔آپ کی والدہ کا نام عاتکہ ہے۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ عبداللہ بن ابوامیہ نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں پھوپھی زاد بھائی ہیں۔آپ کی والدہ کا نام عاتکہ ہے۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ ابوسلمہ بن عبدالاسد نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں پھوپھی زاد بھائی ہیں آپ کی والدہ کا نام برہ ہے۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ امیمہ بنت عبدالمطلب رشتے میں نبی اکرم ﷺ کی سگی پھوپھی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ طلیب بن عمیر نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں پھوپھی زاد بھائی ہیں آپ کی والدہ کا نام امیمہ ہے۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ زبیر نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں پھوپھی زاد بھائی ہیں آپ کی والدہ کا نام حضرت صفیہؓ ہے۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ سائب نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں پھوپھی زاد بھائی ہیں آپ کی والدہ کا نام حضرت صفیہؓ ہے۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ عبدالکعبہ نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں پھوپھی زاد بھائی ہیں آپ کی والدہ کا نام حضرت صفیہؓ ہے۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت فاطمہ بنت اسدؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کی چچی ہیں چچا ابوطالب کی بیوی اور حضرت علیؓ کی والدہ ہیں۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ حضرت اُم ہانیؓ رشتے میں آپ ﷺ کی چچازاد بہن ہیں آپؓ ابوطالب بن عبدالمطلب کی بیٹی اور حضرت علیؓ کی بہن ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت جمانہؓ رشتے میں آپ ﷺ کی چچازاد بہن ہیں آپؓ ابوطالب بن عبدالمطلب کی بیٹی اور حضرت علیؓ کی بہن ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت اُم کلثومؓ رشتے میں آپ ﷺ کی چچازاد بہن ہیں آپؓ عباس بن عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت اُم حبیبؓ رشتے میں آپ ﷺ کی چچازاد بہن ہیں آپؓ عباس بن عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت اروی بنت کریزؓ رشتے میں آپ ﷺ کی سگی پھوپھی اُم الحکیم بنت عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت سعدیٰ بنت کریزؓ رشتے میں آپ ﷺ کی حقیقی پھوپھی اُم الحکیم بنت عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت امامہ بنت حمزہؓ رشتے میں آپ ﷺ کی چچازاد بہن ہیں آپ حمزہؓ بن عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت زبیر بن العوام نبی اکرم ﷺ کے رشتے کے لحاظ سے پھوپھی زاد بھائی ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت جعفرؓ رشتے میں آپ ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں آپؓ ابوطالب بن عبدالمطلب کے بیٹے ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت علیؓ رشتے میں حضور ﷺ کے چچازاد بھائی اور داماد ہیں۔(اسدالغابہ فی معرفتہ الصحابہ جلداول)

☆ حضرت محسنؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت حسین حضرت علیؓ کے بیٹے اور رشتے میں نبی اکرم ﷺ کے نواسے ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت زینبؓ، حضرت ام کلثوم بنت علیؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کی نواسی ہیں۔(اسدالغابہ فی معرفۃ الصحابہ جلداول)

☆ فضل بن عباسؓ رشتے میں آپ ﷺ کے چچازاد بھائی اور آپؓ حضرت عباس بن عبدالمطلب کے بڑے بیٹے ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت عبداللہ بن عباسؓ رشتے میں آپ ﷺ کے چچازاد بھائی اور حضرت عباس بن عبدالمطلب کے بیٹے ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ حضرت عبدالرحمٰنؓ رشتے میں آپ ﷺ کے چچازاد بھائی اور حضرت عباس بن عبدالمطلب کے بیٹے ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ معبد بن عباسؓ رشتے میں آپ ﷺ کے چچازاد بھائی اور حضرت عباس بن عبدالمطلب کے بیٹے ہیں۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کے چچا ابولہب کی بیوی کا نام اوری بنت حرب بن اُمیہ تھا اس نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔(اسدالغابہ۔جلداول)

☆ آپ ﷺ کی زوجہ محترمہ کے والد کا نام ابوامیہ تھا اور زادالرکب کے لقب سے مشہور تھے ابوامیہ آپ ﷺ کے رشتے میں سسر ہوتے ہیں۔(اسدالغابہ)

☆ شاہ مقوقس نے ہجرت کے چھٹے سال اسلام قبول کیا اور آپ ﷺ کی خدمت میں دو قبطی بہنیں تحفے میں بھیجی تھیں، حضرت ماریہؓ اور حضرت سیرینؓ، حضرت ماریہؓ سے آپ ﷺ نے نکاح فرمایا اور حضرت سیرینؓ حضرت حسان بن ثابتؓ کے نکاح میں آئیں اس رشتے سے حضرت حسان بن ثابت حضور اقدس ﷺ کے ہم زلف ہوتے ہیں۔(سیرت النبی ﷺ، ضیاء النبی ﷺ)

☆ حضور اقدس ﷺ نے مشرکین کے اشعار کا جواب دینے کے لیے حضرت حسان بن ثابتؓ کا انتخاب خود فرمایا تھا آپؓ کو حضور اقدس ﷺ کا شاعر ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے آپؓ کا تعلق قبیلہ خزرج سے تھے اور آپؓ نے سرکار مدینہؐ کے حکم پر عبرانی زبان پندرہ روز میں سیکھ لی تھی تاکہ مشرکین کے ہجویہ اشعار کا منہ توڑ جواب دیا جاسکے۔(سیرت النبی ﷺ، اسدالغابہ)

☆ حضور اقدس ﷺ نے غزوہ بدر کے قیدیوں سے چار ہزار درہم فی فرد کے حساب سے فدیہ وصول کیا تھا۔اور جو قیدی فدیہ ادا نہیں کر سکتے تھے لیکن لکھنا پڑھنا جانتے تھے انہیں فدیہ کے بدلے میں مسلمانوں کے بچوں کو پڑھانے کا حکم دیا گیا۔(محسن انسانیت ﷺ۔نعیم صدیقی)

☆ آپ ﷺ کی زوجہ حضرت جویریہؓ کے والد بنو مصطلق کے سردار تھے ان کا نام حارث تھے۔حارث رشتے میں آپ ﷺ کے سسر ہوتے ہیں۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ آپ ﷺ کی زوجہ حضرت ام حبیبہؓ حضرت ابوسفیانؓ کی صاحب زادی تھیں۔ابوسفیانؓ رشتے میں آپ ﷺ کے سسر ہوتے ہیں۔(اسدالغابہ۔۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ کی زوجہ حضرت ماریہ قبطیہؓ کے والد کا نام شمعون تھا اور ان کا تعلق مصر سے تھا۔شمعون رشتے میں آپ ﷺ کے سسر ہوتے ہیں۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ آپ ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کی جس وقت پیدائش ہوئی اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک 35 سال تھی۔(تاریخ اسلام)

☆ حضرت فاطمہ بنت اسدؓ نبی اکرم ﷺ کی چچی آپ ﷺ کی بیٹی کی ساس اور حضرت علیؓ کی والدہ محترمہ ہیں۔(سیرت النبی ﷺ، صحیح بخاری و مسلم)

☆ حضرت حسن، حسینؓ آپ ﷺ کے نواسے اور حضرت علیؓ بن ابوطالب کے بیٹے ہیں۔(سیرت النبی ﷺ، بخاری و مسلم شریف)

☆ حضرت رقیہؓ جس وقت پیدا ہوئیں اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک 30 سال تھی۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ حضرت رقیہؓ حضرت زینبؓ سے عمر میں چھوٹی اور بیٹیوں میں عمر کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر تھیں۔(سیرت النبی ﷺ، موطا امام مالک)

☆ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت عثمان غنیؓ کے نکاح میں دیا گیا تھا۔(سیرت النبی ﷺ، نسائی، بخاری و مسلم شریف، تاریخ اسلام)

☆ عبداللہ بن عثمانؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کے نواسے اور حضرت رقیہؓ کے صاحبزادے ہیں۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ ﷺ کی سب سے بڑی صاحبزادی ہیں۔(سیرت النبی ﷺ، ضیاء النبی ﷺ)

☆ حضرت امامہ بن ابوالعاصؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کے نواسے اور حضرت زینبؓ کے بیٹے ہیں۔(سیرت النبی ﷺ، ضیاء النبی ﷺ)

☆ حضرت علی بن ابوالعاصؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کے نواسے اور حضرت زینبؓ کے بیٹے ہیں۔(سیرت النبی ﷺ، تاریخ اسلام)

☆ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ ﷺ کی آخری اولاد اور سب سے چھوٹی بیٹی ہیں۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی زوجہ حضرت خفصہؓ حضرت عمر فاروقؓ کی صاحبزادی تھیں اس لحاظ سے حضرت عمرؓ رشتے میں آپ ﷺ کے سسر ہوتے ہیں۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ابن ہشام نے ہا کہ آپ ﷺ کے فرزندوں میں سب سے بڑے قاسم تھے ان کے بعد طیب ان کے بعد طاہر اور صاحب زادیوں میں سب سے بڑی رقیہؓ ان کے بعد زینبؓ ان کے بعد ام کلثومؓ ان کے بعد فاطمہ تھیں۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ابن اسحاق نے کہا کہ قاسم، طیب اور طاہر کی تو اسلام سے پہلے وفات ہوئی صاحب زادیاں سب کی سب زمانہ اسلام تک رہیں اور اسلام اختیار کیا اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہجرت کی۔ابن ہشام نے کہا کہ ابراہیم کی والدہ ماریہ تھیں۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کی والدہ، ثوبیہ، حلیمہ، شیماء آپ ﷺ کی رضاعی بہن اور اُم ایمن حبشیہ جن کا نام برکت ہے۔یہ آپ ﷺ کو آپ ﷺ کے والد سے میراث میں ملی تھیں اور آپ ﷺ نے ان کا نکاح حضرتؓ سے کیا تھا جن سے اسامہؓ پیدا ہوئے۔(کذا فی زاد المعاد۔تذکرۃ الحبیب ﷺ۔تسہیل۔نشر الطیب ذکر النبی الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ہجرت مدینہ میں آپ ﷺ کے ہمراہ حضرت ابوبکر صدیقؓ، رہنما عبداللہ بن اریقط، ایک غلام عامر بن فہیرہؓ تھے۔(حیات الحیوان از علامہ دمیری جلد اول)

☆ہجرت مدینہ کے پہلے سال غزوہ بنی صمیم ذی الحجہ کے مہینے میں پیش آیا جس میں آپ ﷺ نے ابوسفیان کا تعاقب کیا لیکن وہ صاف بچ نکلا۔

☆ہجرت مدینہ کے تیسرے سال غزوہ بن غطفان، غزوہ نجران، غزوہ قینقاع، غزوہ احد، غزوہ حمراء الاسد کفار کے ساتھ لڑے گئے۔(ضیاء النبی ﷺ، سیرت النبی ﷺ)

☆ہجرت مدینہ کے چوتھے سال غزوہ بنی نضیر اور غزوہ ذات الرقاع کی صورت میں کفار سے مقابلہ ہوا۔(سیرت النبی۔۔۔ابن ہشام)

☆ہجرت مدینہ کے چھٹے سال غزوہ بنی لحیان اور غزوہ بنی المصطلق پیش آئے۔(حیات الحیوان جلد اول از علامہ دمیری)

☆ہجرت مدینہ کے ساتویں سال غزوہ خیبر اور فدک کا واقعہ پیش آیا۔(رسول رحمت (اردو) غلام رسول مہر)

☆ہجرت مدینہ کے آٹھویں سال غزوہ موتہ، فتح مکہ، غزوہ حنین، غزوہ طائف اور حوازن کے مال و دولت کی تقسیم ہوئی۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ہجرت مدینہ کے نویں سال میں غزوہ تبوک کا واقعہ پیش آیا۔(طبقات ابن سعد۔۔۔ابن سعد)

☆ہجرت مدینہ کے دسویں سال میں حجۃ الوداع کے موقعہ پر حضور ﷺ نے تین تاریخی خطبے دیے۔(تاریخ اسلام، سیرت النبی ﷺ)

☆حجۃ الوداع کے موقعہ پر آپ ﷺ نے 63 اونٹ ذبح کیے اور 63 غلاموں کو آزاد کیا۔(حیات الحیوان از علامہ دمیری جلد اول)

☆ہجرت مدینہ کے گیارویں سال میں نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا۔(تاریخ اسلام)

☆جب نبی اکرم ﷺ کی عمر مبارک 49 سال 08 ماہ 11 دن ہوئی اس وقت آپ کے چچا ابوطالب نے وفات پائی تھی (تاریخ اسلام)
اس وقت انگریزی کیلنڈر کے لحاظ سے 620 سن عیسوی کا سال چل رہا تھا۔(ہفت روزہ ضرب مومن)

☆نبی اکرم ﷺ کی دودھ شریک بہن شیما اور بھائی حضرت حمزہ تھے (تاریخ اسلام از مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی)

☆نبی اکرم ﷺ نے شعب ابی طالب میں تین سال گزارے 617 عیسوی کا دور اور نبوت کا 07 واں سال تھا۔(تاریخ اسلام)

☆جس وقت حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا آپ ﷺ کی عمر مبارک 49 سال 08 ماہ 14 دن تھی اور عیسوی سن کے لحاظ سے 620 کا سال تھا اس لیے اس سال کو آپ ﷺ نے عام الحزن یعنی غم کا سال قرار دیا۔(تاریخ اسلام)

☆طائف سے واپسی کے وقت مقام نخلہ پر آپ ﷺ نے نصیبین کے سات جنات کو اسلام کی دعوت دی تھی۔اس واقعے کا ذکر قرآن مجید کی سورہ جن میں موجود ہے۔اس وقت صحابی رسول ﷺ اور آپ ﷺ کے منہ بولے بیٹے زید بن حارثہؓ حضور ﷺ کے ہمراہ تھے۔(سیرت النبیؐ، ضیاء النبیؐ، البدایۃ والنہایۃ)

☆ہجرت مدینہ کے ساتویں سال نبی اکرم ﷺ کے لیے لکڑی کا منبر بنایا گیا۔(روزنامہ اسلام، سیرت النبیؐ،)

☆کتاب انجیل مین عبرانی زبان میں آپ ﷺ کا نام فارقلیط (انسان کا قریب ترین دوست) کا لفظ استعمال ہوا ہے۔(خطبات ڈاکٹر ذاکر نائیک Peace tv)

☆علم الاعداد کے اعتبار سے نام محمدؐ کے اعداد 92 بنتے ہیں۔(روحانی ڈائجسٹ)

☆غزوہ خندق میں آپ ﷺ کے خیمے کا رنگ سرخ تھا۔(ہفت روزہ ضرب مومن، سیرت ابن ہشام)

☆ نبی اکرم ﷺ نے جن غزوات میں حصہ لیا ان کی تعداد 27 ہے ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

غزوہ بواط، غزوہ سفوان، غزوہ بدر کبریٰ، غزوہ بنی سلیم، غزوہ بنی قینقاع، غزوہ سویق، غزوہ قریۃ الکدر، غزوہ عطفان اسے غزوہ ذی احر بھی کہا جاتا ہے، غزوہ نجران یا حجاز، غزوہ احد، غزوہ حمرالاسد، غزوہ بنی نضیر، غزوہ ذات الرقاع اسے غزوہ محارب اور بنی ثعلبہ بھی کہتے ہیں، غزوہ دومتہ الجندل، غزوہ بنی مصطلق جسے غزوہ مریسیع بھی کہتے ہیں، غزوخندق، غزوہ بنی قریظہ، غزوہ بنی لحیات، غزوہ حدیبیہ، غزوہ ذی قرد اس اسے قرد بھی کہتے ہیں اوراس کے معنی گھٹیا اون کے ہیں، غزوہ حنین، غزوہ وادی القریٰ، غزوہ عمرۃ القضاء، غزوہ فتح مکہ، غزوہ حنین وطائف اور غزوہ تبوک۔

یہ غزوات یکے بعد دیگرے پیش آئے ان میں سے نو میں قتال ہوا غزوہ بدر کبریٰ، غزوہ احد، غزوہ بنی مصطلق، غزوہ خندق، غزوہ بنی قریظہ، غزوہ خیبر، غزوہ فتح مکہ، غزوہ حنین وطائف۔ ان سب غزووں میں کل نو غزوات میں جنگ ہوئی۔ ایک۔ بدر۔ دو۔ احد۔ تین۔ خندق۔ چار۔ قریظہ۔ پانچ۔ مصطلق۔ چھ۔ خیبر۔ سات فتح مکہ۔ آٹھ۔ حنین۔ نو۔ طائف۔ (سیرت ابن کثیر، جلد دوم، سیرت ابن ہشام۔ جلد سوم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ ابواء میں مدینہ میں اپنا نائب سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا تھا۔ اس غزوے میں 70 مہاجرین مجاہدین آپ ﷺ کے ساتھ تھے، یہ غزوہ سن 02 ہجری اگست 623 عیسوی میں پیش آیا۔ (سیرت ابن ہشام، الرحیق المختوم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ بواط میں مدینہ میں اپنا نائب سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا تھا۔ یہ غزوہ سن 02 ہجری ستمبر 623 عیسوی میں پیش آیا۔ اس غزوہ میں دوسو صحابہ کرامؓ آپ ﷺ کے ہمراہ تھے۔ (طبقات ابن سعد، الرحیق المختوم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ صفوان میں مدینہ میں اپنا نائب زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ، الرحیق المختوم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ العشیرۃ میں مدینہ میں اپنا نائب ابوسلمٰی بن عبدالاسد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ جلد سوم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ بدر میں مدینہ میں اپنا نائب ابولبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ۔ سیرت النبی ﷺ)

☆ حضور ﷺ غزوہ بنی سلیم میں سباع بن عرفطہ الغفاری کو مدینہ کا نائب مقرر کیا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ جلد سوم)

☆ غزوہ سویق میں آپ ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب بشیر بن عبدالمنذر کو مقرر فرمایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ، سیرت ابن ہشام)

☆ غزوہ عطفان میں آپ ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب حضرت عثمان بن غفانؓ کو مقرر فرمایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ، سیرت ابن ہشام)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ خندق میں مدینہ میں اپنا نائب عبداللہ بن ام مکتوم کو مقرر فرمایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ جلد چہارم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ بنوقریظہ میں مدینہ میں اپنا نائب عبداللہ بن ام مکتوم کو مقرر فرمایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ بحران میں آپ ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ کو بنایا (ضیاء النبی ﷺ، سیرت ابن ہشام)

☆ غزوہ الفرع میں آپ ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب حضرت ابولبابہ بشیر بن منذر کو نائب مقرر فرمایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ، سیرت النبی ﷺ)

☆ غزوہ دومۃ الجندل میں نبی اکرم ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب سباء بن عرفطہ الغفاریؓ کو بنایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ جلد سوم)

☆ غزوہ مُریسیع میں نبی اکرم ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب حضرت زید بن حارثہؓ کو مقرر فرمایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ غزوہ حدیبیہ میں نبی اکرم ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کو بنایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ، سیرت النبی ﷺ)

☆ غزوہ خیبر کے موقعہ پر نبی اکرم ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب حضرت سباع بن عرفطہؓ کو بنایا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ، سیرت ابن ہشام)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ ذات الرقاع میں اپنا نائب حضرت ابوذر غفاریؓ کو مقرر کیا تھا۔ (سیرت ابن ہشام)

☆ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ تبوک میں اپنا نائب حضرت محمد بن مسلمہؓ کو مقرر کیا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ غزوہ تبوک نبی اکرم ﷺ کا آخری غزوہ ہے اس کے بعد آپ ﷺ نے ذاتی طور پر کسی جنگ میں حصہ نہ لیا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ 07 ہجری کو ذی قعدہ کے مہینے میں جب نبی اکرم ﷺ عمرے کے لیے مکہ تشریف لے گئے تھے (ضیاء النبی ﷺ)

اس وقت آپ ﷺ نے حضرت ابورہمؓ کو مدینہ کا والی مقرر فرمایا تھا۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبوت کی خوشخبری اور نزول قرآن کے درمیان کا عرصہ 06 ماہ بنتا ہے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ غزوہ احد تین ہجری کو شوال کے مہینے میں پیش آیا۔(تاریخ اسلام۔۔مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی)

☆ حضرت ابوطالب کی وفات حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات سے 03 دن قبل ہوئی اور اس سال کو آپؐ نے عام الحزن یعنی غم کا سال قرار دیا۔

☆ نبی اکرم ﷺ کے پہلے مقتدی جنہوں نے آپؐ کے پیچھے نماز ادا فرمائی حضرت علیؓ ہیں۔(سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ حضرت علیؓ نبی اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی تھے۔(سیرت حضرت علیؓ از محمد الیاس عادل، محمد عربیؐ)

☆ حضرت ابراہیم بن نجار رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو بڑھی کا کیا کرتے تھے نے نبی اکرم ﷺ کے لکڑی کا منبر بنایا تھا۔(اصابہ، سیرت ابن ہشام)

☆ نبی اکرم ﷺ کی انگوٹھی سنبھالنے کی ڈیوٹی حضرت معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تھی۔(حیات الصحابہ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے حجرے میں داخل ہونے سے قبل دیکھ بھال حضرت عبداللہ بن مسعودؓ تھے اور عصاء اُٹھا کر آگے آگے چلتے تھے۔(فضائل اعمال)

☆ نبی اکرم ﷺ کو جب مسواک ضرورت ہوتا حضرت عبداللہ بن مسعودؓ مہیا کیا کرتے تھے اس کے علاوہ نبی اکرم ﷺ کی نعلین مبارک سنبھالنا بھی آپؓ کی ڈیوٹی میں شامل تھا۔(اسد الغابہ جلد اول)

☆ جنگ کے دوران نبی اکرم ﷺ کا پیغام سپاہیوں تک پہنچانے کا کام حضرت بلال حبشی کو سونپا گیا تھا۔(اصابہ، سیرت النبیؐ، ضیاء النبیؐ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی زوجہ حضرت میمونہ بنت حارث حضرت امیر معاویہؓ کی زوجہ محترمہ قریۃ الصغریٰؓ کی سوتیلی بہن تھیں یعنی حضرت امیر معاویہ کی سالی بنتی تھیں۔(تاریخ اسلام)

☆ حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لائے تو ہم میں سے جو شخص مرنے کے قریب ہوتا تو ہم آپ ﷺ کو اطلاع کرتے، آپ ﷺ تشریف لاتے اور اس کے لیے استغفار فرماتے۔مرنے کے بعد دفن تک وہیں تشریف رکھتے۔اس میں بسا اوقات آپ ﷺ کو دیر ہو جاتی اس لیے ہم نے یہ التزام کر لیا کہ مرنے بعد آپ ﷺ کو اطلاع کر دیا کریں۔چنانچہ چند روز یہی معمول رہا کہ مرنے کے بعد آپ ﷺ کو اطلاع دیتے آپ ﷺ تشریف لاتے اور نماز پڑھتے اور میت کے لیے دعا اور استغفار فرماتے بعض اوقات دفن میں شرکت فرماتے اور بعض اوقات نماز جنازہ سے فارغ ہو کر واپس تشریف لے جاتے۔بعد ازاں آپ ﷺ کی سہولت کی غرض سے ہم نے یہ التزام کر لیا کہ جنازہ لیکر خود آپ ﷺ کے گھر پر حاضر ہو جاتے آپ ﷺ وہیں اپنے گھر کے قریب جنازہ پڑھا دیتے۔اس وجہ سے اُس جگہ کا نام جہاں آپ ﷺ جنازہ کی نماز پڑھایا کرتے تھے موضع الجنائز ہو گیا۔(طبقات ابن سعد۔جلد اول، بخاری)

☆ مفسر قرآن حضرت عبداللہ بن عباسؓ رشتے میں نبی اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں۔(سیرت النبی ﷺ از مولانا شبلی نعمانیؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے جس شخص کی نماز جنازہ سب سے پہلے پڑھائی وہ صحابی حضرت سہیلؓ ہیں۔(حیاۃ الصحابہؓ)

☆ سب سے پہلے غائبانہ نماز جنازہ آپ ﷺ نے حضرت براء بن معرور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پڑھائی۔(اسد الغابہ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی ازواج میں حضرت عائشہؓ واحد زوجہ ہیں جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ غزوہ بدر میں شرکت کی۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ نبوت ملنے کے بعد آپ ﷺ 13 برس تک مکہ مکرمہ میں مقیم رہے پھر ہجرت مدینہ کے بعد 10 برس مدینہ منورہ میں گزارے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ جس وقت آپ ﷺ نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک 53 سال تھی۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ معراج کا واقعہ ہجرت مدینہ سے 15 ماہ قبل پیش آیا تھا اور اس وقت آپ ﷺ مکہ کے شہر میں مقیم تھے۔(سیرت ابن ہشام)

☆ نبی اکرم ﷺ نے ہجرت کے وقت غار ثور میں 03 دن اور 03 راتیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمراہ گزاریں۔(سیرت ابوبکر صدیقؓ۔۔محمد الیاس عادل)

☆ معراج کے وقت نبی اکرم ﷺ کی عمر مبارک 51 سال اور 09 ماہ تھی (حیات الحیوان۔۔علامہ دمیری)

☆جس رات آپ ﷺ کو معراج ہوا اس رات آپ ﷺ اپنی چچازاد بہن ام ہانی بنت ابوطالب کے گھر میں آرام فرما رہے تھے۔

☆مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر ایک ہجری 622 عیسوی کو شروع کی گئی اس کی زمین دو یتیم بچوں سے خریدی گئی تھی جن کے نام سہل اور سہیل تھے۔

(سیرت حضرت ابوبکر صدیقؓ۔۔محمد الیاس عادل)

☆نبی اکرم ﷺ کا ایک لقب امام الانبیاء بھی ہے یہ آپ ﷺ کو اس لیے ملا کہ معراج کے موقعہ پر آپ ﷺ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرامؑ کی امامت بیت المقدس کے اندر فرمائی تھی۔(سیرت النبی ﷺ، حیات الحیوان۔۔علامہ دمیری)

☆آپ ﷺ واحد نبیؐ ہیں جنہیں آسمانوں، جنت دوزخ اور مختلف عالموں کی سیر کرائی گئی۔(سیرت ابن ہشام)

☆واقعہ معراج میں پانچ نمازیں فرض ہونے سے قبل بھی نبی اکرم ﷺ پر فجر اور عصر کی دو دو رکعتوں پر مشتمل نمازیں فرض تھیں۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆نبی اکرم ﷺ نے صلح حدیبیہ کے موقع پر حضرت عثمان غنیؓ سے پہلے جن صحابی کو کفار مکہ کے پاس قاصد بنا کر بھیجا تھا اُن کا نام فراس بن عمر خزاعی تھا۔(اسد الغابہ)

☆مواخات مدینہ میں آپ ﷺ نے اپنا بھائی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا تھا۔(تاریخ الخلفاء)

☆نبی اکرم ﷺ کے مشابہ صحابی حضرت مصعب بن عمیرؓ ہیں جنہیں غزوہ بدر میں سب سے پہلے اسلامی پرچم کا علم بردار ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆نبی اکرم ﷺ اللہ کے واحد نبی ﷺ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے خود درود بھیجا اور فرشتے بھی درود بھیجتے ہیں اور اُمت مسلمہ کو بھی آپؐ پر درود بھیجنے کا حکم ہے۔(القرآن)

☆نبی اکرم ﷺ نے قباء کے مقام پر 14 دن قیام فرمایا تھا اسی مقام پر اسلام کی پہلی مسجد کی تعمیر معرض وجود میں آئی۔(سیرت النبی ﷺ)

☆نبی اکرم ﷺ قباء کے علاقے میں 06 ربیع الاول 13 سن نبوی (20 ستمبر 622 عیسوی) کو داخل ہوئے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆نبی اکرم ﷺ نے پہلا جمعۃ المبارک بنی سالم کے محلے میں پڑھایا تھا۔یہ مقام قباء اور مدینہ کے درمیان واقع ہے(سیرت النبی ﷺ از مولانا شبلی نعمانی)

☆نبی اکرم ﷺ نے باقاعدہ تجارت کا آغاز 33 سال کی عمر میں کیا تھا۔(ضیاء النبی ﷺ از پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ)

☆نبی اکرم ﷺ نے ہجرت مدینہ کے وقت تین دن اور تین راتیں حضرت ابوبکرؓ کے ہمراہ غار ثور میں گزاری تھیں۔(رحمۃ اللعالمین، ضیاء النبیؐ)

☆نبی اکرم ﷺ ایک ہجری یکم ربیع الاول سوموار کے روز غار ثور سے باہر تشریف لائے تھے۔(محمد رسول اللہ۔۔۔شمس الدین عظیمی)

☆قرآن مجید کی سورۃ الانبیاء کی آیت 107 میں نبی اکرم ﷺ کو رحمت للعالمین کہا گیا ہے(قرآن مجید)

☆حضور اقدس ﷺ کو جب چھینک آتی تو ہاتھ یا کپڑے سے چہرہ مبارک ڈھانک لیتے تھے اور چھینک کی آواز بلند نہ ہونے دیتے تھے۔(ترمذی شریف)

☆حضور اقدس ﷺ جمعرات کے روز سفر پر جانے کو پسند فرماتے تھے۔(بخاری شریف)

☆قرآن مجید کی سورۃ الفتح کی آیت 08 میں نبی اکرم ﷺ کو مبشر کہہ کر پکارا گیا ہے۔نبی اکرم ﷺ کے دور میں مدینہ میں تین قبائل یہودیوں کے آباد تھے۔

☆نبی اکرم ﷺ کے خطوط حضرت علیؓ کے علاوہ حضرت عبداللہ بن اوضع بھی لکھا کرتے تھے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆نبی اکرم ﷺ نے صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضرت عثمان غنیؓ سے پہلے جن صحابی کو کفار مکہ کے پاس قاصد بنا کر بھیجا تھا ان کا نام فراس بن عمر خزاعی تھا۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆نبی اکرم ﷺ نے 07 ماہ حضرت ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر میں قیام فرمایا۔(سیرت النبی ﷺ)

☆آپ ﷺ کے پاس ایک سونٹا شوحط (ایک پہاڑی درخت جس کی لکڑی کی کمانیں بنتی تھیں) کا تھا اس کا نام ممشوق تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں 07 تلواریں استعمال کی ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

☆القلعی ☆الماثور ☆الصمام ☆العضب ☆الرسوب ☆القضیب ☆ذوالفقار۔یہ تلوار آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عنایت فرمائی تھی۔اس تلوار کی دو نوکیں تھیں۔(طبقات ابن سعد)(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں 10 گھوڑوں پر سواری کی ان کے نام بالترتیب یہ ہیں۔

☆پہلے گھوڑے کا نام السکب تھا۔اس نام کے معنی تیز رو کے ہیں۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ دوسرے گھوڑے کا نام المرتجز اس کا رنگ سفید تھا اور آپ ﷺ نے یہ گھوڑا ایک اعرابی سے مول لیا تھا اس کی آواز بہت خوبصورت تھی۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ تیسرے گھوڑے کا نام اللزاز تھا۔ اس کا قد کافی زیادہ تھا جفاکش اور محنتی ہونے کی وجہ اس گھوڑے کا یہ نام رکھا گیا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

اور یہ مقوقس (شاہ اسکندریہ) نے آپ ﷺ کو ہدیہ میں دیا تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ چوتھے گھوڑے کا نام اتودر تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ پانچویں گھوڑے کا نام یعسوب تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ چھٹے گھوڑے کا نام ذوالعقال تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ ساتویں گھوڑے کا نام شحاء تھا۔ اس نام کے معنی تیز قدم کے ہیں۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آٹھویں گھوڑے کا نام بحر اور یہ کمیت تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نویں گھوڑے کا نام لحیف تھا یہ گھوڑا ربیعہ بن ملاعب الاسنہ نے آپ ﷺ کو ہدیہ دیا تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ دسویں گھوڑے کا نام ظرب تھا یہ گھوڑا فروہ جذامی نے آپ ﷺ کو ہدیہ میں دیا تھا۔ آپ ﷺ نے اس پر بیٹھ کر ایک دفعہ گھڑ دوڑ کی تھی اور یہ گھوڑا آگے نکل گیا تھا آپ ﷺ نے اس وقت بہت خوش ہوئے تھے۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں جن خچروں پر سواری فرمائی ان میں سے ایک کا نام ایلیہ تھا اور اس کا رنگ سیاہ تھا اور جسامت کے لحاظ سے لمبا تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ ایک خچر کا نام یعفور تھا جس پر آپ ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں سواری فرمائی۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ کے پاس دو پیالے تھے ایک کا نام ریان تھا اور دوسرے کا نام مضیب تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ کے پاس ایک لکڑی کا پیالہ تھا جس پر لوہے کے پتر لگے ہوئے تھے اس پیالے کا نام بادیہ تھا۔ (شمائل ترمذی، محسن انسانیت ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے پاس پتھر کی ایک لگن تھی اس کا نام مخضب تھا آپ ﷺ اس سے وضو کیا کرتے تھے۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ کے پاس ایک آبخور تھا جس کا نام صادر تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ کے پاس ایک خیمہ تھا جس کا نام رُکی تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ کے پاس ایک مقراض تھی جس کا نام جامع تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ کے پاس جوتیوں کا ایک جوڑا تھا جس کا نام صفراء تھا۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن خذافہؓ کو کسریٰ خسرو پرویز کی طرف خط دے کر بھیجا تھا۔ (شمائل ترمذی)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہرقل کی طرف خط دے کر بھیجا تھا۔ (شمائل ترمذی)

☆ نبی اکرم ﷺ کے چچا زبیر اپنے دور کے اچھے شاعر تھے۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے چچا جناب ابوطالب کا اصل نام عبد مناف تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ عصماء نامی یہودیہ ایک شاعرہ تھی۔ حضور اقدس ﷺ کی ہجو میں اشعار کہا کرتی تھی اور طرح طرح سے آپ ﷺ کو ایذا پہنچاتی تھی۔ 26 رمضان المبارک 02 ہجری کو اس یہودی شاعرہ کو عمیر بن عدیؓ جو نابینا تھے نے اس بدبخت کو واصل جہنم کیا۔ (سیرت المصطفےٰ ﷺ۔ جلد دوم)

☆ ایک یہودی ابی عفک جو حضور اقدس ﷺ کی ہجو میں اشعار کہا کرتا تھا اسے قتل کرنے کے لیے سالم بن عمیرؓ کو روانہ کیا گیا اور اسے شوال دو ہجری میں واصل جہنم کیا گیا۔ اس یہودی کی عمر ایک سو بیس سال تھی۔ رسول ﷺ کے خلاف لوگوں کو بھڑکاتا تھا جب وہ اسلام دشمنی میں بہت آگے نکلنے لگا تو اسے قتل کیا گیا۔ (سیرت المصطفےٰ ﷺ۔ جلد دوم)

☆ کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ کعب بن اشرف بڑا شاعر تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجو میں اشعار کہا کرتا تھا اور کفار مکہ کو رسول اللہ ﷺ کے

مقابلے کے لیے ہمیشہ بھڑکاتا رہتا تھا اور مسلمانوں کو طرح طرح کی ایذائیں پہنچاتا تھا رسول اللہ ﷺ مسلمانوں کو صبر اور تحمل کا حکم فرماتے رہے لیکن جب کسی شرارت سے باز نہ آیا تو آپ ﷺ نے اس کے قتل کا حکم دیا۔ کعب بن اشرف یہودی النسل تھا اور وہ حضور ﷺ کی گستاخی کرنے کے علاوہ مسلمان عورتوں کے بارے میں عشقیہ اشعار کہتا تھا اور لوگوں کو آپ ﷺ کے خلاف لڑنے کے لیے آمادہ کرتا تھا۔ محمد بن مسلمہؓ اور ان کے رفقاء حضور اقدس ﷺ کے حکم پر کعب بن اشرف کا کام تمام کیا۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ جلد دوم)

☆09 ذی الحجہ الحرام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ السویق سے واپس ہوئے اور 10 ذی الحجہ الحرام کو دو رکعت نماز عید ادا فرمائی۔ اور دو مینڈھے قربانی کئے اور مسلمانوں کو قربانی کا حکم دیا۔ مسلمانوں کی یہ پہلی بقرہ عید تھی۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ جلد دوم۔ زرقانی جلد اول)

☆ وصال سے چند روز قبل نبی اکرم ﷺ نے حضرت اسامہ بن زیدؓ کو 700 جوانوں کے ساتھ شام کے علاقے کی طرف روانہ فرمایا تھا۔ (تاریخ اسلام)

☆ نبی اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے مختونہ پیدا فرمایا تھا دنیا میں آپؐ کا ختنہ نہیں کیا گیا۔ (قصص الانبیاء، سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کے کاتبین وحی کی تعداد 25 ہے جن میں 04 خلفائے راشدین بھی شامل ہیں۔

☆ نبی اکرم ﷺ کے دور میں حفاظ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین 09 تھی سب سے پہلے حافظ (حیات الحیوان۔ جلد اول۔ علامہ کمال الدین الدمیری)

حضرت عثمانؓ بن غفان تھے جو آپ ﷺ کے داماد تھے۔ (سیرت حضرت عثمانؓ از محمد الیاس عادل)

☆ نبی کریم ﷺ سے دشمنی میں جن لوگوں نے حدیں توڑ دیں ان کے نام یہ ہیں۔ ابوجہل بن ہشام، ابولہب بن عبدالمطلب، اسود بن یغوث، حارث بن قیس، ولید بن مغیرہ، امیہ بن خلف اور ابی بن خلف یعنی پسران خلف، ابوقیس، عاص بن وائل، نضر بن الحارث، منبہ بن الحجاج، زہیر بن ابی امیہ، سائب بن صیفی، اسود بن عبد الاسد، عاص بن سعید، عاص بن ہاشم، عقبہ بن ابی معیط، ابن الاصدیٰ حکم بن العاص، عدی بن حمراء کے نام شامل ہیں ان میں سے زیادہ تعداد ان لوگوں کی ہے جو آپ کے پڑوسی تھے۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ جلد اول)

☆ نوید مسیحا حضرت محمد ﷺ کا لقب ہے۔ (Q Tv)

☆ دعائے خلیل حضرت محمد ﷺ کا لقب ہے۔ (Q Tv)

☆ ہجرت مدینہ سے پانچ سال قبل شق القمر کا واقعہ پیش آیا۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں گردن اُڑانے والے صحابہ کرامؓ کی تعداد 06 تھی۔ ان کے نام یہ ہیں

01 حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ

02 حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

03 مقداد بن الاسود

04 محمد بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

05 عاصم بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

06 ضحاک بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ (زادلمعاد از علامہ ابن قیم، سیرت النبی ﷺ از علامہ شبلی نعمانی جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کے محافظ صحابہ کرامؓ کی تعداد 05 تھی۔ (حیات الحیوان۔۔ علامہ کمال الدین دمیریؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی حیات طیبہ میں مفتیان کرام صحابہ کرامؓ کی تعداد 14 تھی ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

01 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

02 حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

03 حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ04 حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ05 حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ06 حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ07 حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ08 حضرت مغاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ

09 حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ10 حضرت خذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

11 حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ12 حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ13 حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ؓ14 حضرت ابولدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ (فضائل اعمال از مولانا محمد زکریاؒ) (حیات الحیوان۔۔علامہ کمال الدین دمیریؒ)

☆ازواج مطہرات میں سے نبی اکرم ﷺ کی اولاد دو ازواج سے ہوئی حضرت ابراہیمؓ حضرت ماریہ قطبیہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے اور باقی اولاد حضرت خدیجہؓ کے بطن سے ہوئی مجموعی بچوں اور بچیوں کی تعداد 07 ہے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆03 سال تک آپ ﷺ اپنے خاندان کے ساتھ (جو اسلام قبول کر چکے تھے) کے ہمراہ شعب ابی طالب میں محصور رہے۔(تاریخ اسلام معین الدین)

☆ نبی اکرم ﷺ نے اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنی اور یہ آپ ﷺ کی سنت ہے۔(بخاری شریف)

نبی اکرم ﷺ انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے اور مہر مبارک کو اپنی ہتھیلی کی جانب رکھتے تھے یعنی سامنے کی بجائے ہاتھ کے اندر کی جانب۔(بخاری شریف)

☆ مکہ سے مدینہ کی طرف جب نبی اکرم ﷺ نے اپنے صحابیؓ کے ہمراہ ہجرت کی وہ وقت سوموار کا دن تھا۔(قصص الانبیاء)

☆ابوجہل (یعنی جہالت یا اندھیروں کا باپ) نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں آپ ﷺ کے والد کا چچازاد بھائی تھا۔ابوجہل کا اصل نام عمرو بن ہشام تھا۔(تاریخ اسلام)

☆ نبی اکرم ﷺ کے دو چچاؤں حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ نے اسلام قبول کیا۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم ﷺ کے ماموں تھے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ جس خچر پر سواری فرمایا کرتے تھے اس کا نام دُلدل تھا۔اس کی رفتار بہت تیز تھی یہ نبی اکرم ﷺ کے وصال کے کافی عرصہ بعد تک زندہ رہا لیکن مرنے سے قبل نابینا ہو گیا تھا۔(خطبات جمیلؒ۔۔۔مولانا طارق جمیلؒ)

☆انبیاء کرامؑ کے لیے نبی اکرم ﷺ کا نام عبدالوہاب ہے۔

☆ پہاڑوں کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرام عبدالغفار ہے۔

☆صحراء کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی عبدالقادر ہے۔

☆ آسمان والوں کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی مجتبیٰ ہے۔

☆اہل زمین کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی عضم ہے۔

☆اللہ رب العزت کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی یٰسین ہے۔

☆اہل جنت کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی عبدالکریم ہے۔

☆فرشتوں کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی عبدالحمید ہے۔

☆شیطان کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی عبدالقہار ہے۔

☆جنات کے لیے نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی عبدالرحیم ہے۔

☆خوشبو اگر ہدیہ کی جاتی تو ضرور قبول فرماتے اور اگر خوشبو ہدیہ لینے میں تامل کیا جاتا تو ناپسند فرماتے۔(محسن انسانیت ﷺ۔نعیم صدیقی)

☆حضور اقدس ﷺ کی چال عظمت، وقار، شرافت اور احساس ذمہ داری کی ترجمان تھی۔ چلتے تو مضبوطی سے قدم جما کر چلتے۔ڈھیلے ڈھالے طریق سے قدم گھسیٹ کر نہیں۔بدن سمٹا ہوا رہتا۔دائیں بائیں دیکھے بغیر چلتے،قوت سے آگے کو قدم اُٹھاتے قامت میں آگے کی طرف قدرے جھکاؤ ہوتا ایسا معلوم ہوتا کہ اونچائی سے نیچے کو اتر رہے ہیں۔(محسن انسانیت ﷺ۔نعیم صدیقی)

☆تورات میں نبی اکرم ﷺ کا نام ''ماذماذ'' آیا ہے۔(خطبات ڈاکٹر ذاکر نائیک)

☆واقعہ معراج النبیؐ 27 رجب 10 سن نبوی 619 عیسوی کو پیش آیا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆نبی اکرم ﷺ نے نبوت ملنے کے 8156 دن یعنی 23 سال بعد تک حیات رہے۔(سیرت النبی ﷺ)

☆دیگر آسمانی صحائف میں نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی عاقب آیا ہے۔(خطبات ڈاکٹر ذاکر نائیک)

☆آسمانی کتابوں میں مختلف مقامات پر نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی فاروق آیا ہے۔(خطبات ڈاکٹر ذاکر نائیک)

☆نبی اکرم ﷺ نے یکم محرم الحرام 07 ہجری کو مکتوبات اور دستاویزات پر اپنی مہر مبارک کے استعمال کا آغاز کیا۔(شمائل ترمذی)

☆نبی اکرم ﷺ کو زیتون کا پھل اور اس کا تیل سب سے زیادہ پسند تھا۔(طب نبوی از علامہ ابن قیمؒ)

☆نبی اکرم ﷺ کی پسندیدہ غذاؤں میں سرکہ، زیتون، شہد، گوشت، لوکی، ہریرہ، انجیر، نمک، کدو میں شامل ہیں۔(طب نبوی ﷺ)

☆نبی اکرم ﷺ کے ہاتھوں پہلا قتل (بغیر تلوار کے صرف چھڑی کی نوک سے) ہونے والا شخص حارث بن الضحہ ہے۔(ضیاء النبی ﷺ)

☆پینے والی چیزوں میں نبی اکرم ﷺ کو شہد سب سے زیادہ پسند تھا۔(طب نبوی از علامہ ابن قیمؒ)

☆نبی اکرم ﷺ عموماً 15 دنوں کے بعد ناخن تراشتے تھے۔(سیرۃ النبوۃ)

☆نبی اکرم ﷺ کے جوتے مبارک کا نام تاموسہ تھا۔ان جوتوں کے علاوہ آپ ﷺ نے متعدد جوتے اپنی حیات مبارکہ میں استعمال فرمائے۔(عالمی جنرل نالج)

☆واقعہ معراج میں نبی اکرم ﷺ کی پہلے آسمان پر حضرت آدم علیہ اسلام سے ملاقات ہوئی تھی۔(قصص الانبیاء، سیرت المصطفیٰ ﷺ جلد اول)

☆واقعہ معراج میں نبی اکرم ﷺ کی دوسرے آسمان پر ملاقات حضرت عیسیٰؑ اور حضرت یحییٰؑ سے ہوئی تھی۔(قصص الانبیاء، سیرت المصطفیٰ ﷺ جلد اول)

☆واقعہ معراج میں نبی اکرم ﷺ کی تیسرے آسمان پر ملاقات حضرت یوسف علیہ السلام سے ہوئی تھی۔(قصص الانبیاء، سیرت المصطفیٰ ﷺ جلد اول)

☆واقعہ معراج میں نبی اکرم ﷺ کی چوتھے آسمان پر ملاقات حضرت ادریس علیہ السلام سے ہوئی تھی۔(قصص الانبیاء، سیرت المصطفیٰ ﷺ جلد اول)

☆واقعہ معراج میں نبی اکرم ﷺ کی پانچویں آسمان پر ملاقات حضرت ہارون علیہ السلام سے ہوئی تھی۔(قصص الانبیاء، سیرت المصطفیٰ ﷺ جلد اول)

☆واقعہ معراج کے وقت چھٹے آسمان پر نبی اکرم ﷺ کی ملاقات حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ہوئی تھی۔(مقالات سرسید، سیرت المصطفیٰ ﷺ جلد اول)

☆واقعہ معراج کے وقت ساتویں آسمان پر نبی ارکرم ﷺ کی ملاقات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی تھی۔(قصص الانبیاء، سیرت المصطفیٰ ﷺ جلد اول)

☆نبی اکرم ﷺ نے جس گدھے پر سواری فرمائی اس کا نام یعفور تھا۔آپ ﷺ کے وصال کے بعد وہ اس قدر غمگین ہوا کہ اس کے دیکھنے کی سکت ختم ہوگئی اور آخر کار اس نے بہت جلد ایک پہاڑی سے کود کر اپنی جان ختم کر لی۔(خطبات جمیلؒ)

☆ابن اسحٰق نے کہا آپ ﷺ نے جس پہلے غزوے میں شرکت کی اس غزوے کا نام ودان ہے اس غزوے کو غزوۃ الابواء بھی کہتے ہیں۔(سیرت ابن ہشام۔جلد دوم)

☆نبی اکرم ﷺ کے چار موذن تھے۔حضرت بلال بن رباحؓ ☆حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم قریشی عامری مدینہ میں تھے۔ایک موذن نابینا تھے

اور قبا میں مقیم تھے ان کا نام سعد القراط، اور مکہ میں ابو محذورہ اوس بن مغیرہ جمحیؓ تھے (سیرت النبی ﷺ از مولانا شبلی نعمانی جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں لباس میں چادر اور تہبند کا استعمال زیادہ فرمایا۔ کبھی کبھار شلوار کا استعمال بھی فرمایا کرتے تھے۔ (خطبات جمیل)

☆ نبی اکرم ﷺ نے زیادہ عرصہ زمین پر جبکہ کچھ عرصہ چارپائی پر آرام فرمایا۔ (خطبات جمیل)

☆ نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات میں سب سے زیادہ سفید رنگ کا لباس استعمال فرمایا۔ آپؐ کو سفید رنگ ذاتی طور پر بہت پسند تھا۔
(سنت نبوی ﷺ اور جدید سائنسی تحقیقات۔۔مولانا محمد انور بن اخترؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پہلا شاہی ہدیہ حبشہ کے شاہ نجاشی نے بھیجا تھا۔ (شمائل ترمذی)

☆ آپ ﷺ کو باغوں کی سیر کا شوق تھا۔ کبھی تنہا اور کبھی رفقاء کے ساتھ باغوں میں چلے جاتے اور وہیں مجلس آرائی بھی ہو جاتی۔ تیرنے کا مشغلہ بھی تھا اور احباب کے ساتھ کبھی کبھار تالاب میں تیرا کرتے۔ دو دو ساتھیوں کے جوڑے بنائے جاتے اور پھر ہر جوڑ کے ساتھ دور سے تیر کر ایک دوسرے کی طرف آتے ایک موقع پر اپنا ساتھی حضور ﷺ نے جناب ابوبکر صدیقؓ کو پسند کیا۔ (محسن انسانیت ﷺ۔ص 131)

☆ کسی سے چیز لیتے تو سیدھے ہاتھ سے لیتے اور کوئی چیز دیتے تو سیدھے ہاتھ سے دیتے۔ (محسن انسانیت ﷺ۔ص 133)

☆ سواریوں میں گھوڑا بہت پسند تھا۔ فرماتے گھوڑے کے ایال میں قیامت تک کے لیے خیر و برکت ہے۔ گھوڑے کی آنکھ، منہ، ناک کو اہتمام سے اپنے ہاتھوں سے صاف کرتے۔ (محسن انسانیت ﷺ۔ص 134)

☆ حجۃ الوداع کے موقعہ پر آپ ﷺ نے 63 اونٹ ذبح فرمائے یعنی اپنی زندگی کے ہر سال کے بدلے میں ایک اونٹ باقی 37 اونٹ نبی اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ذبح کیے۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع 09 ذی الحجہ 10 ہجری 631ء کو ارشاد فرمایا تھا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ حجۃ الوداع کے موقعہ پر آپ ﷺ نے حضرت براء بن مالک کو اونٹوں کا نگران مقرر فرمایا تھا۔ (اسد الغابہ)

☆ حجۃ الوداع کے موقعہ پر صحابہ کرامؓ کی تعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار تھی۔ (تاریخ اسلام از معین الدین ندوی)

☆ نبی اکرم ﷺ کے لباس میں عموماً چار کپڑے ہوتے تھے۔ (خطبات جمیل)

☆ لباس میں آپ ﷺ کو سب سے زیادہ سفید رنگ پسند مرغوب تھا۔ جس کو آپؐ اہتمام سے زیب تن کیا کرتے تھے۔ (محسن انسانیت ﷺ۔۔۔نعیم صدیقی)

☆ نبی اکرم ﷺ کے وصال سے قبل جب نبی اکرم ﷺ علیل تھے 17 نمازوں کی امامت آپ ﷺ کے سسر اور حضرت عائشہ صدیقہؓ کے والد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں کی تھی۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ سب سے پہلے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی کا ناخن تراشتے تھے۔ (سنت نبوی ﷺ اور جدید سائنسی تحقیقات)

☆ نبی اکرم ﷺ کو دستی کا گوشت بہت پسند تھا۔ (حیات الحیوان)

☆ نبی اکرم ﷺ ساگوان کی لکڑی کی بنی کنگھی استعمال کرتے تھے۔ اور یہ کنگھی آپ ﷺ کے پاس تقریباً ہر وقت موجود رہتی تھی سفر کے دوران بھی آپ ﷺ کنگھی ہمراہ رکھتے تھے۔ (اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے جوتے مبارک کی لمبائی ایک بالشت اور دو انگلیوں پر مشتمل تھی۔ (میوزیم ڈاکومنٹری)

☆ جرابیں اور موزے بھی آپ ﷺ کے استعمال میں رہے سادہ اور معمولی بھی اور اعلیٰ قسم کے بھی، شاہ نجاشی نے سیاہ رنگ کے سادہ موزے بطور تحفہ بھیجے تھے، انہیں پہنا اور ان پر مسح فرمایا اسی طرح دحیہ کلبی نے بھی موزے تحفہ میں پیش کئے تھے ان کو آپ ﷺ نے پھٹنے تک استعمال فرمایا۔ (محسن انسانیت ﷺ۔۔۔نعیم صدیقی)

☆ نبی اکرم ﷺ کے پاس کئی زرہیں تھیں جن کے نام یہ ہیں۔ ذات الفضول، ذات الوشاح، تبراء، ذات الحواشی، خرنق۔ (اسد الغابہ۔۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے پاس دو پٹکے تھے خوش رنگ اور چمڑے کے ان میں سے تین حلقہ چاندی کے تھے۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے ایک نیزے کا نام مثوی تھا۔اس کے معنی ہیں ٹھہرا دینا یعنی جسے وہ نیزہ مارا جاتا تھا وہ اپنی جگہ ٹھہر جاتا تھا یعنی مرجاتا تھا۔(اسد الغابہ۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے حربے کا نام عنزہ تھا عنزہ اس چھوٹے نیزے کو کہتے ہیں جو اس لاٹھی کے مشابہ ہوتا ہے جس کے نیچے لوہے کی نوک دار شاخ لگی ہو یہ حربہ عید میں آپؐ کے ہمراہ جایا کرتا تھا اور آپ ﷺ کے سامنے گاڑھ دیا جاتا تھا۔آپ اس کو سامنے کر کے نماز پڑھتے تھے اور آپ کے پاس ایک بڑا حربہ تھا جس کا نام بیضاء تھا۔(اسد الغابہ۔۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے پاس ایک گز کے برابر لمبا ڈنڈا تھا اور ایک خمدار لاٹھی بھی آپ ﷺ نے استعمال فرمائی جس کا نام عرجون تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ آپ ﷺ نے جو کمان استعمال فرمائی اس کا نام کتوم تھا۔اس نام کے معنی ہیں انگور کے شگوفے کا غلاف یا چھوہارے کے شگوفے کا غلاف اس کی آواز بہت پست تھی جب اس سے تیر پھینکا جاتا تھا تو آواز بہت کم آتی تھی۔(اسد الغابہ از ابن اثیر)

☆ رحمتہ اللعالمین ﷺ تیر رکھنے کے لیے ترکش استعمال فرماتے تھے اس کا نام کافور تھا۔ان میں سے ایک تیر کا نام موتصلہ تھا۔(اسد الغابہ۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کی ڈھال کا نام زلوق تھا۔اور خود کا نام ذوالسبوغ تھا۔(اسد الغابہ جلد اول)

☆ سردار دو جہاں ﷺ نے جس سیاہ رنگ کے گھوڑے پر سواری کی اس کا نام سکب تھا۔(اسد الغابہ۔۔جلد اول)

☆ حبیب خدا ﷺ کے جھنڈے کا نام عقاب تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے ایک عمامہ کا نام سحاب بھی ہے۔(اسد الغابہ جلد اول)

☆ ھادی عالم ﷺ جو چادر استعمال فرماتے تھے اس کا نام فتح تھا۔(اسد الغابہ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے ایک نیزے کا نام سوٰی تھا۔(اسد الغابہ۔۔جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کی ٹوپی کا نام سیوع تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ سرکار مدینہ ﷺ کے مشکیزے کا نام ''صادر'' تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے آئینہ مبارک کا نام ''عدلہ'' تھا۔(اسد الغابہ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے بستر مبارک کا نام ''کز'' تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ محمد مصطفٰے ﷺ کی قینچی مبارک کا نام ''جامع'' تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے خیمہ مبارک کا نام ''کن'' تھا اور اس کا رنگ سرخ تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ محسن انسانیت ﷺ کی برچھی کا نام ''بعاء'' تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے کمان مبارک کا نام ''ذوالسداد'' تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ رہبر انسانیت ﷺ کے زیر استعمال نیزوں میں سے ایک کا نام ''نمر'' تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے پاس 02 تیروں کے ترکش موجود تھے پہلے کا نام ''ذوالجمع'' اور دوسرے کا نام ''کافور'' تھا۔(اسد الغابہ۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے سرخ گھوڑے کا نام ''مرتجز'' تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کی ڈھال مبارک کا نام ''زن'' تھا۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیر)

☆ نبی آخر الزماں ﷺ سر کو ڈھانکنے کے لیے جو خاص کپڑا اوڑھا کرتے تھے اس کو قناع کہتے ہیں۔(محسن انسانیت ﷺ)

☆ ھادی دو عالم ﷺ نیا کپڑا خدا کی حمد اور شکر کے ساتھ بالعموم جمعہ کے روز پہنتے۔فاضل جوڑے بنوا کر نہیں رکھتے تھے کپڑوں میں پیوند لگاتے تھے ان کی مرمت کرتے تھے، احتیاطاً گھر میں دیکھ لیتے کہ مجمع میں بیٹھنے کی وجہ سے (مجالیس میں میلے کچیلے لوگ بھی آتے تھے اور صفائی کا عام معیار بھی آپ ﷺ ہی نے مسلسل تربیت کر کے برسوں میں بلند کیا) کوئی جوں وغیرہ نہ آ گھسی ہو۔(محسن انسانیت ﷺ)

☆ پیارے محمد ﷺ کو کپڑوں کے لیے سب سے بڑھ کر سفید رنگ مرغوب خاطر تھا فرمایا ''حق یہ ہے کہ تمہارے لیے مسجدوں میں بھی اللہ کے سامنے جانے کا بہترین لباس سفید لباس ہے'' (ابوداؤد ابن ماجہ) فرمایا ''سفید کپڑے پہنا کرو اور سفید ہی کپڑے سے اپنے مُردوں کو کفن دو، کیونکہ یہ زیادہ پاکیزہ اور پسندیدہ ہے'' (ترمذی ،نسائی، ابن ماجہ)

سفید کے بعد سبز رنگ بھی پسندیدہ تھا۔ لیکن بالعموم اس شکل میں ہلکی سبز دھاریاں ہوں۔ اسی طرح خالص شوخ سرخ رنگ بہت ہی ناپسند تھا (لباس کے علاوہ بھی اس کے استعمال کو بعض صورتوں میں ممنوع فرمایا) لیکن ہلکے سرخ رنگ کی دھاریوں والے کپڑے آپ ﷺ نے پہنے، ہلکا زرد (مٹیالا، یا شُتری) رنگ بھی لباس میں دیکھا گیا۔ (محسن انسانیت ﷺ۔ نعیم صدیقی)

☆ نبی اکرم ﷺ کی ایک تلوار کا نام ''ماثور'' تھا جو آپ ﷺ کو اپنے والد کی طرف سے آپ کو وراثت میں ملی تھی۔ (اسد الغابہ۔۔ علامہ ابن اثیر)

☆ نبی اکرم ﷺ کے اونٹوں کی تعداد تین تھی ان کے نام ☆ ''قصوٰی'' ☆ ''عصبا'' ☆ اور ''الجد عاء'' تھے (اسد الغابہ۔۔ علامہ ابن اثیر)

☆ حضور ﷺ کا جوتا مروجہ عربی تمدن کے مطابق چپل یا کھڑاؤں کی سی شکل کا تھا جس کے دو تسمے تھے۔ ایک انگوٹھے اور ساتھ والی انگلی کے درمیان رہتا۔ دوسرا چھنگلیا اور اس کے ساتھ والی انگلی کے بیچ میں، جوتے پر بال نہ ہوتے تھے۔ جیسے معمولی ذوق کے لوگوں کے جوتوں پر ہوتے۔ یہ ایک بالشت دو انگل لمبا تھا تلوے کے پاس سات انگل چوڑا اور دونوں تسموں کے درمیان پنجے پر سے دو انگل کا فاصلہ تھا کبھی کھڑے ہو کر پہنتے، کبھی بیٹھ کر، پہنتے ہوئے پہلے دایاں پاؤں ڈالتے پھر بایاں اور اتارتے ہوئے پہلے بایاں پاؤں نکالتے پھر دایاں۔ (محسن انسانیت ﷺ۔۔۔۔ نعیم صدیقی)

☆ علامہ زرقانی فرماتے ہیں ہ قریش جب قحط سالی میں مبتلا ہوتے تو عبدالمطلب کو شیر پہاڑ پر لے جاتے ان کی برکت سے باران رحمت کی دعا کرتے اور بارہا ایسا ہوا کہ قریش کی مشکلات عبدالمطلب کی برکت سے حل ہوئیں۔ ان کی شان عام اہل عرب سے بالکل جدا تھی اپنی اولاد کو ظلم اور فساد سے منع کرتے اور مکارم اخلاق کی ترغیب دیتے حقیر اور دنی امور سے روکتے عبدالمطلب نذر کے پورا کرنے کی تاکید فرماتے اور محارم (مثلاً بہن اور پھوپھی اور خالہ وغیرہ) سے نکاح کرنے سے منع کرتے ۔شراب اور زنا اور لڑکیوں کو زندہ درگور کرنے سے اور بیت اللہ کا برہنہ طواف کرنے سے لوگوں کو روکتے۔ چوروں کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیتے۔ (سیرت المصطفٰے ﷺ۔ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کا نام سورۃ آل عمران میں ایک دفعہ آیا ہے۔ (قرآنی انسائیکلوپیڈیا)

☆ نبی اکرم ﷺ رمضان کے علاوہ شعبان کے مکمل روزے رکھتے تھے۔ (خطبات جمیل۔۔ مولانا طارق جمیلؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی سیرت پر سب سے پہلے لکھی جانیوالی کتاب سیرت ابن ہشام ہے۔ (پیغام چینل)

☆ مسجد نبوی میں رسول کریمؐ نے وعظ کے لیے اُن کی ایک الگ محفل رکھی تھی۔ اور ہفتے میں اس کے لیے ایک دن مخصوص کر رکھا تھا۔ چندوں کی خصوصی اپیلوں پر بھی ایسی محفلیں لبیک کہتی تھیں۔ ایک مرتبہ کا واقعہ صحیح بخاری میں آیا ہے کہ حضرت بلالؓ صفوں میں پھر کر اُن سے چندہ جمع کرنے لگے اور خواتین اپنی بالیاں، کنگن اور زیور اُتار اُتار کر رسول اللہؐ کی درخواست پر چندہ دیتی گئیں۔ (رسولؐ اللہ کی سیاسی زندگی۔۔۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر 03 خطبے دیے تھے۔ (تاریخ اسلام از معین الدین ندوی)

☆ قرآن مجید میں آپ ﷺ کو 227 مختلف القابات سے پکارا گیا ہے۔ (قرآنی انسائیکلوپیڈیا)

☆ انجیل برناس میں نبی اکرم ﷺ کا نام فارقلیط آیا ہے مجموعی انجیلوں کی تعداد چار ہے۔ (Peace Tv)

☆ نبی اکرم ﷺ کی کل مدت تبلیغ 08 ہزار 136 دن بنتی ہے۔ (خطبات جمیل،)

☆ رمضان المبارک 10 ہجری کو نبی اکرم ﷺ 20 دن اعتکاف بیٹھے تھے۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے دادا عبدالمطلب نے 82 سال کی عمر میں وفات پائی تھی اس وقت آپ ﷺ کی عمر آٹھ سال اور 579 عیسوی کا دور تھا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی انگوٹھی مبارک پر لکھی ہوئی تحریر ''محمد رسول اللہ'' 03 سطروں Lines میں تھی۔ (میوزیم ڈاکومنٹری)

اس انگوٹھی کے علاوہ کالے نگینے والی چاندی کی انگوٹھی بھی استعمال فرمائی۔ (شمائل ترمذی)

☆ نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات مبارک میں کبھی اقامت نہیں کہی کیونکہ کبھی آپ ﷺ کبھی بھی کسی امام کے مقتدی نہیں رہے۔ کیونکہ آپؐ نے کبھی کسی امام کے پیچھے نماز ادا نہیں فرمائی۔ آپؐ چونکہ انبیاء کرامؑ کے بھی امام ہیں اس لیے تاریخ وسیرہ میں کوئی ایسا موقعہ نہیں آیا کہ آپ کسی کے مقتدی بنے ہوں۔

☆ سفر کے لیے جمعرات کو روانگی زیادہ پسند تھی۔ سواری کو تیز چلاتے پڑاؤ سے صبح کے وقت کوچ کرنا معمول تھا۔ سفر Camp life میں جو اجتماعی کام درپیش ہوتے ان میں ضرور حصہ لیتے۔ (محسن انسانیت ﷺ۔ نعیم صدیقی)

☆ سفر میں اپنی سواری پر باری باری کسی نہ کسی پیادہ ساتھی کو شریک کرتے سفر سے رات میں واپس آنا پسند نہ تھا۔ آتے تو سیدھے گھر جانے کی بجائے مسجد میں جا کر نفل ادا کرتے گھر میں اطلاع ہو جانے کے بعد اطمینان سے جاتے۔ (محسن انسانیت ﷺ۔ نعیم صدیقی)

☆ جب چھینک آتی تو چھینک پست آواز سے لیتے اور ہاتھ یا کپڑا منہ پر رکھ لیتے تھے۔ (محسن انسانیت ﷺ)

☆ گھر میں غسل کرتے تو پردہ تانا جاتا کبھی بارش میں نہاتے تو تہ بند باندھ لیتے تھے۔ (محسن انسانیت ﷺ)

☆ ضرورت کے لیے چونکہ اس وقت گھروں میں بیت الخلاء نہ تھے اس لیے حضور ﷺ جنگل جاتے۔ عموماً اتنا دور تک جاتے (دو، دو میل تک) کہ نظروں سے اوجھل ہو جاتے ایسی نرم زمین تلاش کرتے کہ چھینٹے نہ اُڑیں موقع حاجت پر بایاں قدم رکھتے پھر دایاں بیٹھتے ہوئے زمین کے بالکل قریب ہو کر مقام ستر کسے کپڑا کھولتے کسی ٹیلے وغیرہ کی آڑ ضرور لیتے۔ ضرورت کے لیے ہمیشہ جوتا پہن کر اور سر ڈھک کر نکلتے۔ قبلہ کی طرف منہ یا پشت کرنے سے اجتناب تھا۔ رفع حاجت کے وقت انگوٹھی الگ کر دیتے (واضح رہے کہ اس پر خدا اور رسول کے اسماء کندہ تھے) آب دست بالالتزام بائیں ہاتھ ہی سے کرتے جائے ضرورت سے الگ ہوتے ہوئے پہلے دایاں پاؤں اُٹھاتے پھر بایاں۔ (محسن انسانیت ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے خدام کی مجموعی تعداد 11 ہے (سیرت النبی ﷺ از مولانا شبلی نعمانیؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے وضو کا طریقہ حضرت جبرائیلؑ سے سیکھا تھا۔ (سیرت النبی ﷺ از مولانا شبلی نعمانیؒ)

☆ حضرت عبداللہ نے وراثت کے طور پر جو باندی چھوڑی تھیں جن کی کنیت ام ایمن تھی ان کا اصل نام برکت تھا۔ (سیرت المصطفیٰ ﷺ۔ جلد اول)

☆ حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سر سے لے کر کمر تک اپنے نانا محمد ﷺ کے مشابہ تھے۔ (سیرت حضرت حسنؓ۔۔۔ محمد الیاس عادل، خطبات جمیل)

☆ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کمر سے لے کر پاؤں تک اپنے نانا محمد ﷺ کے مشابہ تھے۔ (سیرت حضرت حسینؓ۔۔۔ محمد الیاس عادل، خطبات جمیل)

☆ حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کمر سے لے کر پاؤں تک اپنے والد حضرت علیؓ کے مشابہ تھے۔ (سیرت حضرت حسنؓ۔۔۔ محمد الیاس عادل، خطبات جمیل)

☆ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سر سے کمر تک اپنے والد حضرت علیؓ کے مشابہ تھے۔ (سیرت حضرت حسینؓ۔۔۔ محمد الیاس عادل، خطبات جمیل)

☆ حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں مدینہ میں نو مسجدیں تعمیر ہوئیں ان مساجد میں الگ الگ جماعتیں ہوتی تھیں ان کے نام یہ ہیں۔ مسجد بنی عمرو، مسجد بنی ساعدہ، مسجد بنی عبید، مسجد بنی سلمہ، مسجد بنی رانج، مسجد بنی زریق، مسجد غفار، مسجد اسلم، مسجد جہینہ۔ (بخاری شریف عینی شرح۔ جلد دوم)

☆ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرتے ہوئے راستے میں آپ ﷺ نے جن مقامات پر نمازیں ادا فرمائیں بعد میں صحابہ کرامؓ نے تبرکاً وہاں مساجد تعمیر کیں ان کے نام حافظ بن حجر نے گنوائے ہیں۔ مسجد قباء، مسجد الفضیح، مسجد بنی قریظہ، مشربہ ام ابراہیم، مسجد بنی ظفر یا مسجد بغلہ، مسجد بنی معاویہ، مسجد فتح، مسجد قبلتین۔ مدینہ کے باہر جو مسجدیں منقش پتھروں سے تعمیر ہوئی ہیں ان سب میں آنحضرت ﷺ نے نماز ادا فرمائی ہے کیونکہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے جب ان مساجد کی تجدید کی تھی تو اہل مدینہ سے اس کی تحقیق کر لی تھی۔ (فتح الباری۔ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے 28 قبل از ہجرت نکاح کیا تھا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے 17 رمضان المبارک 58 ہجری کو 63 برس کی عمر میں وفات پائی۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی اکرم ﷺ کے وصال کے 44 سال بعد وفات پائی۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ صلح حدیبیہ کا معاہدہ مارچ 628 عیسوی بمطابق ذیقعدہ 06 ہجری میں پیش آیا۔ (سیرت النبی ﷺ، ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قیصر روم کی طرف خط دے کر بھیجا تھا۔ (سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن خذافہ سہمیؓ کو خسرو پرویز ایران کی طرف خط دے کر بھیجا تھا۔ (سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت خاطب بن ابی بلتعہؓ کو مصر کے بادشاہ کی طرف خط دے کر بھیجا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ، السیرۃ النبویہ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن امیہؓ کو نجاشی بادشاہ حبش کی طرف خط دے کر بھیجا تھا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت سلیط بن عمر بن عبد شمسؓ کو رؤسائے یمامۃ کی طرف خط دے کر بھیجا تھا۔ (الکامل فی التاریخ، طبقات ابن سعد)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت شجاع بن وہب الاسدیؓ کو رؤس حدود شام، حارث غسانی کی طرف خط دے کر بھیجا تھا۔ (الکامل فی التاریخ، طبقات ابن سعد)

☆ محمد مصطفٰے ﷺ کے ایک غلام ابراہیم بھی ہیں بعض نے ان کا نام ہرمز اور بعض نے ان کا نام اسلم بھی لکھا ہے ان کی کنیت ابو رافع تھی۔

ابو رافع پہلے آپ ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ کے غلام تھے انہوں نے یہ غلام اسلام قبول کرنے کے بعد ہدیہ کے طور پر پیش کر دیا تھے۔

لیکن ابو رافعؓ نے آپ ﷺ کی خدمت کو ہی اپنی سب سے بڑی سعادت سمجھا اور بعد میں آپ ﷺ نے ابو رافعؓ کا نکاح اپنی لونڈی سلمیٰؓ سے کروایا۔

(اُسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ۔ جلد اول)

☆ آپ ﷺ کی زوجہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح جب آپ ﷺ سے ہوا اس وقت وہ ایک غلام جس کا نام اَحمر ساتھ لائی تھیں۔

احمرؓ کو بھی محمد ﷺ کی خدمت کرنے کا موقعہ ملا، اس لیے آپؓ کو غلام رسول ﷺ بھی کہا جاتا ہے۔ (اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ۔ جلد اول)

☆ احمر جن کی کنیت عسیبؓ ہے بھی حضور اقدس ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔ (اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ۔ جلد اول)

☆ پیارے آقا محمد ﷺ کے خداموں میں ایک صحابی اَزبَدؓ بھی خادم رسول ﷺ ہیں۔ (اسد الغابہ)

☆ حضرت اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول خدا ﷺ کے حادی تھے۔ شتر بان سفر کے دوران اشعار پڑھتے ہیں انہیں حداء (لفظ حدی بھی حداء سے ہے) کہتے ہیں۔ ان اشعار کے پڑھنے سے اونٹ تھکاوٹ کا شکار کم سے کم ہوتے ہیں اور وہ پر جوش طریقے سے سفر جاری رکھتے ہیں۔ انہیں محمد الرسول اللہ ﷺ کا حداء کہا جاتا ہے جب آپ ﷺ اونٹ پر سفر فرماتے حضرت اسلمؓ ساتھ ساتھ اشعار پڑھتے جاتے تھے۔ (اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ۔ جلد اول)

☆ سیدنا افلح رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی حضور اقدس ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ ان غلام کو بھی زوجہ رسول ﷺ حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے ہمراہ لائی تھیں۔ (اسد الغابہ۔ جلد اول)

☆ رسول اللہ ﷺ کے غلاموں میں اَنسہ جن کی کنیت ابو مسروح تھی بھی شامل ہیں۔ یہ غلام اس قدر آپ ﷺ کے فرمانبردار کہ جب بیٹھتے تو آپ ﷺ سے اجازت لے کر بیٹھتے تھے۔ آپؓ غلاموں کی نسل میں سے تھے۔ (اسد الغابہ۔ جلد اول)

☆ سیدنا بلالؓ بن رباح موذن رسول ﷺ بھی ہیں اور آپ ﷺ کے غلاموں میں سے بھی ہیں (اسد الغابہ۔ جلد دوم)

☆ سیدنا بلالؓ بن رباح محمد ﷺ کے موذن اور غلام ہونے کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ کے خزانچی بھی تھے۔ آپؓ کی وفات 17 یا 18 ہجری میں حلب میں ہوئی اور باب الاربعین میں مدفون ہوئے (اسد الغابہ۔ جلد دوم)

☆ سیدنا حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آپ ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں آپ ﷺ نے انہیں 18 اشرفیوں میں خریدا تھا اور پھر آزاد کر دیا لیکن انہوں نے آپ ﷺ کی غلامی کو آزادی پر فوقیت دی اور آپ ﷺ کی خدمت میں مصروف رہے۔ (اسد الغابہ۔ جلد دوم)

☆ سیدنا ذکوان رضی اللہ تعالیٰ بھی آپ ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں بعض مورخین نے آپؓ کا نام طہمان اور مہران بھی لکھا ہے۔ (اسد الغابہ۔ جلد سوم)

☆ سیدنا رباح اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آپ ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں ان کا رنگ سیاہ تھا۔ کبھی کبھی رسول اللہ ﷺ کی دربانی بھی کیا کرتے تھے۔ (اسد الغابہ۔ جلد سوم)

☆ سیدنا رُویفع رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی پیارے محمد ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔ (اُسد الغابہ۔ جلد سوم)

☆ سیدنا سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی رحمۃ اللعالمین ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔ بعض نے آپؓ کا نام سلمیٰؓ بھی لکھا ہے۔ (اُسد الغابہ۔ جلد چہارم)

☆ سیدنا سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی حضور اقدس ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔(اُسد الغابہ۔جلد چہارم)

☆ سیدنا سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی حضور اقدس ﷺ کے غلاموں میں سے تھے۔ان کی کنیت ابو عبدالرحمٰن تھی۔

سفینہ کا مطلب شیر کے ہیں اور آپؓ کا یہ نام رسول خدا ﷺ نے خود رکھا تھا۔(اُسد الغابہ۔جلد چہارم)

☆ سیدنا زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی پیارے محمد ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔ان کی کنیت ابو یسار ہے۔(اُسد الغابہ۔جلد چہارم)

☆ سیدنا شقران رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعض مورخین نے آپؓ کا نام صالح بھی لکھا ہے۔سردار دو جہاں ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں آپؓ نسلاً حبشی تھے۔

حضور اقدس ﷺ نے آپؓ کو حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ سے مول لیا تھا اور غزوہ بدر میں آزد کر دیا تھا۔لیکن آپؓ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ رہے اور ان کی خدمت کو سعادت سمجھا۔حضور اقدس ﷺ کو جب غسل دیا گیا حضرت شقرانؓ بھی رسول خدا ﷺ کے غسل میں شریک تھے۔(اُسد الغابہ۔جلد پنجم)

☆ سیدنا عبدۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ھادی عالم ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔(اُسد الغابہ۔جلد ششم)

☆ سیدنا عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سرکار دو عالم ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔(اُسد الغابہ۔جلد ششم)

☆ سیدنا قفیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خاتم الرسل ﷺ کے غلاموں میں سے ہیں۔(اُسد الغابہ۔جلد ہفتم)

☆ سیدنا نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ احمد مجتبیٰ ﷺ کے آزد کردہ غلاموں میں سے ہیں۔(اُسد الغابہ۔جلد نہم)

☆ سیدنا ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ محسن انسانیت ﷺ کے آزاد کردہ غلاموں میں سے ہیں۔(اُسد الغابہ۔جلد نہم)

☆ سیدنا وردان رضی اللہ تعالیٰ عنہ محمد ﷺ کے آزاد کردہ غلاموں میں سے ہیں۔ایک کھجور کے درخت سے گرنے کی وجہ سے وفات پائی۔(اُسد الغابہ۔جلد نہم)[

☆ سیدہ ماریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس ﷺ کی کنیز تھیں۔(اُسد الغابہ۔جلد دہم)

☆ آپ ﷺ کے غلام اسلح بن شریک اونٹنی کے ساتھ ساتھ رہتے تھے۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ کے غلاموں میں سے ایمن بن عبیدؓ کے ذمہ وضو اور استنجا کے لیے پانی کی ذمہ داری تھی۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ حضرت معیقب ایمنؓ کی والدہ ان کے پاس انگشتری (آپ ﷺ کی انگوٹھی) رہتی تھی۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ کے مقرر کردہ چار موذن تھے۔دو مدینہ میں حضرت بلالؓ اور حضرت عبداللہ ابن اُم مکتومؓ،ایک قبا میں حضرت سعد القرظؓ ایک مکہ میں ابو محذورہؓ۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ کی زوجہ حضرت زینب بنت جحشؓ رشتے میں پھوپھی زاد بہن تھیں۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ سراری (یعنی وہ کنیزیں جو ہم بستری کے لئے ہوئیں) حضرت ماریہ قبطیہ! ان سے حضرت ابراہیمؓ پیدا ہوئے تھے۔حضرت ریحانہ،حضرت جمیلہ ایک اور کنیز جو حضرت زینبؓ نے ہبہ کر دی تھی۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ غلام اور کنیزیں مندرجہ ذیل ہیں۔حضرت زید بن حارثہؓ،اسلمؓ،ابو رافعؓ،ثوبانؓ،ابو کبشہؓ،سلیمؓ،شقرانؓ،رباحؓ،یسارؓ،مدعمؓ،کرکرہؓ،انشہؓ،سفینہؓ،انیسہؓ،افلحؓ،عبیدہؓ،طہمانؓ،کیسانؓ،ذکوانؓ،مہرانؓ،مروانؓ (بعض نے یہ پانچوں ایک ہی نام بتلائے ہیں) حنینؓ،سندرؓ،فضالہؓ،مابورؓ،واقدؓ،ابو واقدؓ،قسامؓ،ابو عسیبؓ،ابو مویہبہؓ،یہ سب غلاموں کے نام ہیں۔یہ کنیزیں تھیں،سلمیٰؓ،ام رافعؓ،میمونہ بنت سعدؓ،خضیرہؓ،رضویٰؓ،ریشہؓ،اُم ضمیرہؓ،میمونہ بنت ابی عسیبؓ،ماریہؓ،ریحانہؓ۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ ایک دفعہ ایک عورت نے آپ ﷺ کی خدمت میں ایک چادر پیش کی آپ ﷺ کو ضرورت تھی آپ ﷺ نے لے لی،ایک صاحب حاضر خدمت ہوئے انہوں نے کہا کیا اچھی چادر ہے آپ ﷺ نے اتار کر ان کو دے دی،جب اُٹھ کر چلے گئے تو لوگوں نے ان کو ملامت کی کہ تم جانتے ہو کہ آنحضرت ﷺ کو چادر کی ضرورت تھی یہ بھی جانتے ہو کہ حضور ﷺ کس کا سوال رد نہیں کرتے،انہوں نے کہا ہاں لیکن میں نے برکت کے لیے لی ہے کہ مجھ کو اسی چادر سے کفن دیا جائے۔(صحیح بخاری،باب حسن الخلق)

☆ حضور اقدس ﷺ دس رمضان المبارک کو دس ہزار قدسیوں کی جمعیت ہمراہ لے کر بعد نماز عصر مدینہ منورہ سے بقصد فتح مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے اس وقت

ازواج مطہرات میں سے حضرت ام سلمہؓ اور حضرت میمونہؓ آپ ﷺ کے ہمراہ تھیں۔ (صحیح بخاری، فتح الباری جلد ہشتم)

☆ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ جب رحمتہ اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں فاتحانہ داخل ہوئے تو تمام لوگ آپ ﷺ کی طرف آنکھیں لگائے بیٹھے تھے لیکن آپ ﷺ تواضع کی وجہ سے سر جھکائے ہوئے تھے۔ (سیرت المصطفےٰ ﷺ جلد سوم)

☆ فتح مکہ کے روز حضور اقدس ﷺ مقام کدار کی جانب سے اونٹنی پر سوار ہو کر مکہ میں داخل ہوئے۔ (سیرت المصطفےٰ ﷺ جلد سوم)

☆ جب آپ ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو اول ام ہانی بنت ابی طالب (اُم ہانی آپ ﷺ کی چچازاد بہن تھیں ان کی بیٹی کے گھر آپ ﷺ تشریف لے گئے) کے گھر تشریف لے گئے اور غسل کر کے آٹھ رکعت نماز ادا فرمائی یہ چاشت کا وقت تھا۔ (صحیح بخاری)

☆ نماز سے فارغ ہو کر شعب ابی طالب میں تشریف لے گئے جہاں آپ ﷺ کا خیمہ نصب کیا گیا تھا۔ صحابہ نے مکہ میں داخل ہونے سے ایک روز بیشتر ہی آپ ﷺ سے دریافت کر لیا تھا کہ آپ ﷺ مکہ میں کہاں قیام فرمائیں گے آپ ﷺ نے فرمایا جہاں قریش اور کنانہ نے بنی ہاشم اور بنی المطلب کو محصور کیا تھا اور آپس میں یہ اور عہد اور حلف کیا تھا کہ بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب سے خرید و فروخت شادی اور بیاہ کے تمام تعلقات قطع کر دیئے جائیں جب تک محمد ﷺ کو ہمارے حوالہ نہ کر دیں شعب ابی طالب اسی مقام کا نام ہے۔ (سیرت المصطفےٰ ﷺ جلد سوم)

☆ 20 رمضان المبارک 11 جنوری 630 عیسوی کو نبی اکرم ﷺ ایک فاتح کی حیثیت سے فتح مکہ کے موقعہ پر شہر مکہ میں داخل ہوئے۔ (سیرت النبی ﷺ، ضیاء النبی ﷺ)

☆ یکم جنوری 630 عیسوی 10 رمضان المبارک 08 ہجری کو نبی اکرم ﷺ 10,000 افراد کے ہمراہ مدینہ سے مکہ کی جانب روانہ ہوئے۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ وصال سے قبل 18 دن تک بیمار رہے مرض کوئی خاص نہیں تھا بخار اور سر درد رہا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے وصال کے بعد اہل بیت میں سب سے پہلے آپ ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ کا انتقال ہوا۔ (سیرت حضرت فاطمہؓ از محمد الیاس عادل)

☆ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پیدائش کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک 35 سال تھی اور ابھی تک آپ ﷺ نے نبوت کا اعلان نہیں فرمایا تھا۔

☆ غزوہ خندق میں آپ ﷺ کے خیمے کا رنگ سرخ تھا اور اس غزوے میں مجاہدین اسلام کی تعداد 3,000 تھی۔ (ضیاء النبی ﷺ، سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حج کا احرام ذوالحلیفہ کے مقام سے باندھا تھا جو مکہ سے 06 میل کے فاصلے پر ہے۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے جسم مبارک پر کبھی مکھی نہیں بیٹھی (خطبات جمیل۔۔۔ مولانا طارق جمیلؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے جسم مبارک سے بہت پیاری خوشبو آتی تھی۔ آپ ﷺ کے بدن مبارک پر کپڑے میلے نہیں ہوتے تھے۔ (خطبات جمیل۔۔۔ مولانا طارق جمیلؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے پسینے سے مشک و عنبر کی سی خوشبو آتی تھی۔ (شمائل ترمذی)

☆ آپ ﷺ نے خرگوش کا گوشت بھی قبول فرمایا ہے۔ (بخاری، مسلم، حیات الحیوان)

☆ آپ ﷺ برتن میں سے کدو کو تلاش کر کے کھایا کرتے تھے۔ (بخاری، مسلم)

☆ آپ ﷺ کا لباس چادر، لنگی اور کرتہ اور عمامہ ہوتا تھا۔ آپ ﷺ نے کتان اور اون کا کپڑا پہنا ہے مگر زیادہ استعمال سوتی کپڑے کا فرماتے تھے اور قیمتی کپڑا بھی استعمال فرمایا ہے۔ (تذکرۃ الحبیب ﷺ۔ مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ دھاری دار چادر کو پسند فرماتے تھے۔ آپ ﷺ کے پاس دو سبز چادریں (یعنی سبز دھاری دار) تھیں۔ ایک سیاہ، ایک سرخ اور ایک بالوں والا کھیس یعنی کمبل تھا۔ آپ ﷺ کی چادر کی لمبائی چھ ہاتھ اور چوڑائی تین ہاتھ ایک بالشت تھی۔ آپ ﷺ نے چادر بوٹے دار اور سادی دونوں طرح کی پہنی ہے۔ (تذکرۃ الحبیب ﷺ۔ مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ آپ ﷺ کے پاس دودھ کے لئے پینتالیس اونٹنیاں تھیں۔ سو بکریاں تھیں اس سے زیادہ نہ ہونے دیتے جب کوئی بچہ پیدا ہوتا ایک بکری ذبح کر دیتے۔ (تذکرۃ الحبیب ﷺ۔ مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ مدینہ سے تبوک تک وہ مساجد جہاں آپ ﷺ نے نمازیں ادا فرمائیں۔ ایک مسجد شنیہ مدارن میں ایک مسجد ذات الذارب میں اور ایک مسجد مقام احضر میں اور ایک

مسجد ذات الخطمی میں اور ایک مسجد مقام الامیں اور ایک مسجد شراء میں اور ایک مسجد شق نار میں اور ایک مسجد ذی الجیفہ میں اور ایک مسجد صدر حوضی میں اور ایک مسجد حجر میں اور ایک مسجد صعید میں اور ایک مسجد وادی القریٰ میں اور ایک مسجد مقام رقیہ میں شقئہ بنی عذرہ کے قریب ہے اور ایک مسجد ذی مروہ میں اور ایک مسجد رقیفاء میں اور ایک مسجد ذی خشب میں تھی۔(سیرت ابن ہشام۔جلد سوم)

☆ابن اسحاق کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ ہر سال رمضان کے مہینے میں اعتکاف فرماتے تھے جو مسکین آتا اسے کھانا کھلاتے اور جب آپ ﷺ اعتکاف مکمل فرما لیتے اور اپنے گھر کی طرف لوٹتے تو اپنے گھر میں داخل ہونے سے قبل سات بار یا اللہ جس قدر چاہتا طواف فرماتے اس کے بعد گھر لوٹتے یہاں تک کہ آپ ﷺ کی عمر مبارک چالیس سال ہوئی اور رمضان کے مہینے میں آپ ﷺ کو نبوت سے نوازا گیا وہ بھی رمضان کا مہینہ تھا(سیرت ابن ہشام۔جلد اول،ص238)

☆حضور ﷺ کے تمام آباؤ اجداد اپنے اپنے زمانہ کے عقلاء اور حکماء اور سادات عظام اور قائدین کرام تھے۔فہم وفراست حسن وصورت اور حسن سیرت مکارم اخلاق اور محاسن اعمال حلم وبردباری اور جود وکرم ومہمان نواز میں یکتائے زمانہ تھے۔ہر عزت ورفعت اور سیادت ووجاہت کے ماویٰ وملجا تھے اور سلسلہ نسب کے آباء کرام میں بہت سوں کے متعلق احادیث مرفوعہ اور اقوال صحابہ سے معلوم ہو چکا ہے کہ ملت ابراہیمی پر تھے۔(سیرت المصطفےٰ ﷺ۔جلد اول)

☆ آپ ﷺ کے منہ بولے بیٹے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شجرہ نسب زید بن شرجیل بن عبدالعزیٰ بن امری ءالقیس بن عامر النعمان بن عامر بن عبدود بن عوف بن کنانۃ بن بکر بن عوف بن عذرۃ بن زیدالات بن رفیدہ بن ثور بن کلب بن وبرۃ کے بیٹے تھے۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں کبھی بحری سفر نہیں کیا۔(سیرت النبی ﷺ،ضیاء النبی ﷺ،سیرت ابن ہشام)

☆ نبی اکرم ﷺ کے گھر کے دروازے پر دربانی کے فرائض حضرت رباحؓ ادا کرتے اور کسی کو اندر آنے جانے کی اجازت نبی اکرم ﷺ کی منشاء کے مطابق دیتے تھے(اصابہ)

☆صحابی رسول ﷺ ابو ہند حضور اقدس ﷺ کے حجام(سینگیاں لگانے والے) تھے۔(سیرت ابن ہشام۔جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ جب تک مکہ میں مقیم رہے آپ ﷺ کا قبلہ شام کی جانب تھا پس جب آپ ﷺ نماز پڑھتے تو رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان نماز پڑھا کرتے تھے اور کعبۃ اللہ اپنے اور شام کے درمیان کر لیتے۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول،ص300)

☆ آپ ﷺ نے ہرقل کے نام جو خط لکھا تھا وہ آج بھی شاہ سپین کے پاس محفوظ ہے کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خط اب تک اسپین کے بادشاہوں کے پاس موجود ہے۔وہ اس کی عزت کرتے ہیں اور ایک سنہری صندوق میں حفاظت سے رکھتے ہیں اور نسلاً بعد نسل اس کی نگہداشت کی وصیت کرتے آتے ہیں۔(روض الانف۔مؤلف سہیلی جلد دوم،رسولؐ اللہ کی سیاسی زندگی۔۔ڈاکٹر محمد حمید اللہ)

☆ معاہد دومۃ الجندل کے موقعہ پر سرور کونین ﷺ نے اپنے ناخن سے مہر لگائی تھی۔(ضمۃ بطفرہ۔رسولؐ اللہ کی سیاسی زندگی۔۔۔ڈاکٹر محمد حمید اللہ)

☆ پہلے عمرے کے موقعے پر جب اہل مکہ نے آپ ﷺ کو آپ ﷺ کے صحابہ کو عمرہ ادا کرنے سے روک دیا تھا۔ کہ اس سال عمرہ ادا کرنے نہیں دیں گے پھر حدیبیہ کے مقام پر ہی تحریری معاہدہ تشکیل دیا گیا تھا اس وقت حدیبیہ کے مقام پر نبی اکرم ﷺ کے سر مبارک کے بال خراش بن امیہ الکعبی نامی حجام نے مونڈھے تھے(ضیا النبی ﷺ جلد چہارم)

☆ حجۃ الوداع کے موقعہ پر جب آپ ﷺ نے ساتھ عمرہ بھی ادا فرمایا تھا۔اس آخری عمرے کے موقعہ پر نبی اکرم ﷺ کا سر مبارک کے بالوں کو حضرت ابو ہند الحجام نے مونڈھا تھا۔(اصابہ)

☆ نبی اکرم ﷺ کے سب سے کم عمر خادم حضرت انس بن مالکؓ تھے۔(اسد الغابہ۔۔علامہ ابن اثیرؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں ٹیک لگا کر کھانا نہ کھایا۔(شمائل ترمذی۔۔امام المحدثین حافظ محمد بن عیسیٰؒ)

☆ایک دفعہ ایک کافر مہمان ہوا۔آپ ﷺ نے ایک بکری کا دودھ اسے پلایا وہ سارے کا سارا پی گیا آپ ﷺ نے دوسری بکری منگوائی،وہ بھی کافی نہ ہوئی غرض سات بکریوں تک نوبت آئی جب تک وہ سیر نہ ہوا آپ ﷺ اپنے مبارک ہاتھوں سے اُسے پلاتے گئے۔(صحیح مسلم باب المومن)

☆ کئی دفعہ ایسا ہوتا کہ مہمان گھر میں آجاتے اور گھر میں جو کچھ موجود ہوتا ان مہمانوں کی نذر کر دیا جاتا اور حضور ﷺ اور

آپ ﷺ کے تمام اہل وعیال فاقہ کرتے۔(مسند ابن حنبل۔جلد ششم)

☆ پینے کی چیزوں میں نمبر ایک پر میٹھا پانی تھا۔اور بطور خاص دوروز کی مسافت سے منگوایا جاتا۔دودھ، پانی ملا دودھ (جسے کچی لسی کہا جاتا ہے) اور شہد کا شربت بھی رغبت سے نوش فرماتے۔غیر نشہ دار نبیذ بھی قرین ذوق تھی۔مشکیزے یا پتھر کے برتن میں پانی ڈال کر کھجور بھگودی جاتی اور اسے متواتر دن بھر استعمال کرتے لیکن وقت زیادہ ہونے پر چونکہ نشہ ہوجانے کا اندیشہ ہوجاتا لہٰذا پھنکوادیتے۔بہ روایت ابو مالک اشعریؓ یہ فرمایا بھی کہ میری امت میں بعض لوگ شراب پئیں گے اور اس کا نام بدل کر کچھ اور رکھ دیں گے (چنانچہ سلاطین مابعد نے نبیذ کے نام سے منشیات کا استعمال کیا)۔(محسن انسانیت ﷺ۔نعیم صدیقی)

☆ نبی اکرم ﷺ 01 ہجری یکم ربیع الاول دوشنبہ کے دن غار ثور سے باہر تشریف لائے تھے اور مدینہ کی طرف سفر دوبارہ شروع کیا تھا۔(سیرت ابن ہشام)

☆ واقعہ معراج میں پانچ نمازیں نبی اکرم ﷺ کی امت پر فرض کی گئیں۔(طبقات ابن سعد۔۔۔۔ابن سعد)

☆ دو ہجری سن 623 عیسوی کو آپ ﷺ کی امت پر نماز فرض ہوئی۔(سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے سات ماہ تک حضرت ابوایوب انصاریؓ کے گھر میں قیام فرمایا۔(سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ کی دو ازدواج مطہرات کے نام جاہلیت کے دور کے مطابق برہ تھا بعد میں آپؐ نے تبدیل فرمائے تھے ان ازدواج کو آج دنیا حضرت جویریہؓ اور حضرت میمونہؓ کے نام سے جانتی ہے۔(سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ قبا کے علاقے میں آٹھ ربیع الاول تیرہ سن نبوی بمطابق 20 ستمبر 622 عیسوی کو داخل ہوئے۔(سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے قبا کے مقام پر چودہ دن قیام فرمایا تھا۔(سیرت النبی ﷺ جلد اول)

☆ نبی اکرم ﷺ نے ہجرت مدینہ کے لیے جو اونٹنی استعمال فرمائی اس کا نام الجد عاء تھا۔(ضیاء النبی ﷺ جلد سوم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں کبھی جمائی نہ لی۔(خطبات جمیل)

☆ آپ ﷺ کی طبیعت میں سادگی اور بے تکلفی کا عنصر غالب تھا معمول تھا کہ مجلس سے اُٹھ کر گھر میں تشریف لے جاتے تو کبھی کبھی ننگے پاؤں چلے جاتے اور جوتی وہیں چھوڑ جاتے یہ اس بات کی علامت تھی کہ پھر واپس تشریف لائیں گے۔(ابوداؤد۔جلد دوم)

☆ ازواج مطہرات میں سے حضرت خدیجہؓ کو اللہ تعالیٰ نے فرشتے کے ذریعے خود اپنا سلام بھیجا تھا۔(صحیح مسلم)

☆ روز روز کنگھا کرنا ناپسند فرماتے ارشاد تھا کہ ایک دن چھوڑ کر کنگھا کرنا چاہیے (سیرت النبی ﷺ۔جلد دوم)

☆ کھانے، پینے، اوڑھنے، اُٹھنے بیٹھنے، کسی چیز میں تکلف نہ تھا، کھانے میں جو سامنے آتا تناول فرماتے، پہننے کو موٹا جھوٹا جو مل جاتا پہن لیتے، زمین پر چٹائی پر، چٹائی پر، فرش پر جہاں جگہ ملتی بیٹھ جاتے۔(شمائل ترمذی)

☆ آپ ﷺ کے لیے آٹے کی بھوسی کبھی صاف نہیں کی جاتی تھی (صحیح بخاری)

☆ کرتہ کا تکمہ اکثر کھلا رکھتے تھے، لباس میں نمائش کو ناپسند فرماتے تھے، سامان آرائش سے آپ ﷺ طبعاً نفور تھے، غرض ہر چیز میں سادگی اور بے تکلفی پسند خاطر تھی۔(صحیح بخاری، سیرت النبی ﷺ۔جلد دوم)

☆ آپ ﷺ کے معجزات کی تعداد دس ہزار سے زیادہ ہے۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ بستر کمبل کا تھا، کبھی چمڑے کا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی، کبھی معمولی کپڑا جو دوتہہ کر دیا جاتا تھا۔(شمائل ترمذی)

☆ مہر کرنے کی غرض سے جب آپ ﷺ نے انگوٹھی بنوائی تو پہلے سونے کی بنوائی آپ ﷺ کی تقلید میں صحابہؓ نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوالیں، آپ ﷺ منبر پر چڑھے اور انگوٹھی اتار کر پھینک دی اور فرمایا کہ ''اب نہ پہنوں گا'' صحابہؓ نے بھی اسی وقت اتار کر پھینک دیں۔(ابوداؤد کتاب الخاتم)

☆ ازواج مطہرات میں سے حضرت زینب بنت خزیمہؓ کی نماز جنازہ آپ ﷺ نے خود پڑھائی تھی۔(ضیاء النبی ﷺ جلد سوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی پہلی شادی حضرت خدیجہؓ سے ہوئی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 25 سال اور حضرت خدیجہؓ کی عمر 40 سال اور آپؓ کی شادی 03 تھی۔

خدیجہ کے معنی حاجیوں کی خدمت کرنیوالی۔حضرت خدیجہؓ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت زائدہ تھا اور آپؓ کا سلسلہ نسب قصی پر جا کر نبی اکرم ﷺ سے جا کر ملتا ہے، کے

پہلے شوہر کرنام ابو ہالہ بن زرارہ تمیمی تھا ان سے دولڑکے ہند اور حارث پیدا ہوئے ان کے انتقال کے بعد، دوسرے شوہر کا نام عتیق بن عائذ مخزومی تھا ان سے ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام بھی ہند تھا اس لیے آپؓ کو ام ہند بھی کہا جاتا ہے دوسرے شوہر کی شہادت کے بعد تیسرا نکاح آپؓ نبی اکرم ﷺ سے فرمایا (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ حضرت خدیجہؓ کی موجودگی میں جب تک وہ زندہ رہیں آپؐ نے دوسرا نکاح نہ فرمایا۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ سے نکاح کے پچیس سال بعد حضرت خدیجہؓ نے وفات پائی (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی دوسری شادی حضرت سودہؓ سے ہوئی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 49 سال اور
حضرت سودہؓ کی عمر 50 سال اور آپؓ کی شادی 02 تھی۔ پہلے شوہر کا نام سکرانؓ بن عمرو تھا ان کی وفات کے بعد نبی اکرم ﷺ
سے نکاح فرمایا سکرانؓ سے ایک بیٹا عبدالرحمن ہوا جنہوں نے جنگ جلولہ میں وفات پائی۔ سودہ کے معنی آرام والی۔ مہر میں چار سو
درہم کی رقم ادا ہوئی۔ واقدی کے مطابق آپؓ کی وفات 54 ہجری میں ہوئی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی تیسری شادی حضرت عائشہؓ صدیقہ سے ہوئی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 54 سال اور
حضرت عائشہ صدیقہؓ کی عمر 19 سال اور آپؓ کی شادی 01 تھی۔ عائشہ کے معنی راحت والی، زندہ کرنیوالی، آرام والی۔
نبی اکرم ﷺ سے آپؓ کی رفاقت کی مدت 09 سال بنتی ہے (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عائشہؓ صدیقہ سے دس نبوی کو شوال کے مہینے میں نکاح کیا تھا۔ (سیرت عائشہؓ از مولانا شبلی نعمانیؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی چوتھی شادی حضرت خفصہؓ سے ہوئی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 55 سال اور
حضرت خفصہؓ کی عمر 20 سال اور آپؓ کی شادی 02 تھی۔ خفصہ کے معنی راتوں کی قیام کرنیوالی آپؓ عمر فاروقؓ کی صاحبزادی ہیں
آپؓ کے پہلے شوہر کا نام خنیس بن خذافہؓ ہے آپؓ کے پہلے شوہر نے غزوہ بدر میں زخم کھائے اور انہیں سے شہادت پائی آپؐ کا دوسرا
نکاح نبی اکرم ﷺ سے ہوا آپؓ بعثت سے پانچ برس قبل تعمیر کعبہ کے عین وقت مکہ میں پیدا ہوئیں اور آپؓ نے 45 ہجری میں وفات پائی۔
(سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی پانچویں شادی حضرت زینب بنت خزیمہؓ سے ہوئی آپؐ کی عمر مبارک 55 سال اور حضرت زینب بنت خزیمہؓ کی عمر 30 سال اور
آپؓ کی شادی 02 تھی۔ زینب کے معنی استغفار والی۔ آپؓ کی پہلی شادی عبداللہؓ بن جحش سے ہوئی انہوں نے تین ہجری میں جنگ احد میں شہادت پائی،
دوسرا نکاح جلد ہی نبی اکرم ﷺ سے ہو گیا نبی اکرم ﷺ سے تین ماہ کی رفاقت کے بعد آپؓ نے وفات پائی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی چھٹی شادی حضرت اُم سلمہؓ سے 04 ہجری کے آخری دنوں میں ہوئی آپؐ کی عمر مبارک 56 سال اور
حضرت اُم سلمہؓ کی عمر 25 سال تھی اور آپؓ کی شادی 02 تھی۔ ام سلمہ کے معنی سلامتی والی۔ والد کا نام سہیل اور والدہ
کا نام عاتکہ تھا پہلا نکاح عبداللہ بن عبدالاسد سے ہوا پھر جب انہوں نے غزوہ احد میں زخم کھانے کے بعد انہی کی وجہ سے
شہادت پائی تو اس وقت آپؓ حمل سے تھیں حمل کے بعد جب عدت پوری ہوئی دوسرا نکاح آپؓ کا سرکار دو عالم ﷺ سے ہوا۔
سب سے آخر میں وفات پانے والی زوجہ محترمہ آپؓ ہی ہیں آپؓ نے 62 ہجری میں واقعہ کربلا کے بعد وفات پائی (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی ساتویں شادی حضرت زینب بنت جحشؓ سے ہوئی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 57 سال اور
حضرت زینب بنت جحشؓ کی عمر 35 سال اور آپؓ کی شادی 02 تھی۔ زینب کے معنی استغفار والی۔ آپؓ نے جب 20 ہجری
میں 53 سال کی عمر میں وفات پائی۔ آپؓ کی نماز جنازہ حضرت عمر فاروقؓ نے پڑھائی اور آپؓ کو لحد میں اسامہ، محمد بن عبداللہ بن جحش،
عبداللہ بن ابی احمد بن جحش رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اتارا۔ آپؓ سب سے پہلی زوجہ محترمہ ہیں جنہوں نے وفات پائی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی آٹھویں شادی حضرت جویریہؓ سے ہوئی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 57 سال اور
حضرت جویریہؓ کی عمر 20 سال اور آپؓ کی شادی 02 تھی۔ آپؓ کا پہلا نکاح مسافع بن صفوان سے ہوا جو غزوہ مریسیع میں قتل ہوا۔

آپؓ حارث بن ضرار کی بیٹی ہیں جو قبیلہ بنی مصطلق کا سردار تھا۔ آپؓ نے 50 ہجری میں 65 برس کی عمر میں وفات پائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی نویں شادی حضرت اُم حبیبہؓ سے ہوئی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 58 سال اور حضرت اُم حبیبہؓ کی عمر 36 سال اور آپؓ کی شادی 02 تھی۔ ام حبیبہ کے معنی پیار والی۔ اصل نام رملہ تھا کنیت ام حبیبہ تھی، بعثت سے 17 سال پہلے مکہ میں پیدا ہوئیں اس وقت نبی اکرم ﷺ کی عمر مبارک 23 سال تھی۔ پہلا نکاح عبیداللہ بن جحش سے ہوا۔ آپ ﷺ نے جب نبوت کا اعلان فرمایا دونوں میاں بیوی نے اسلام قبول کیا بعد میں عبیداللہ بن جحش نے دوبارہ عیسائیت قبول کر لی تھی آپؓ اسلام پر قائم رہیں یہاں تک کہ دونوں میں علیحدگی ہوگئی اور پھر آپؓ کا عقد نبی اکرم ﷺ سے ہوگیا آپؓ کا مہر نجاشی نے چار سو دینار کی شکل میں نجاشی نے ادا کیا تھا آپؓ نے 44 ہجری میں وفات پائی اور مدینہ میں دفن ہوئیں۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی دسویں شادی حضرت صفیہؓ سے ہوئی مال غنیمت میں حاصل ہونیوالا جو امام، بادشاہ کے لیے مختص ہوتا تھا کو صفیہ کہتے ہیں۔ آپؓ کا اصل نام زینب تھا لیکن صفیہؓ کے نام سے مشہور ہیں۔ اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 58 سال اور حضرت صفیہؓ کی عمر 27 سال اور آپؓ کی شادی 03 تھی۔ صفیہ کے معنی منتخب ہونیوالی۔ آپؓ نے 50 ہجری میں وفات پائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔ (ضیاء النبی ﷺ جلد سوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی گیارہویں شادی حضرت میمونہؓ سے ہوئی اُس وقت آپؐ کی عمر مبارک 59 سال اور حضرت میمونہ کی عمر 36 سال اور آپؓ کی شادی 03 تھی۔ میمونہ کے معنی بختوں والی نکاح آپ ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ نے پڑھایا تھا۔ آپؓ نے 51 ہجری میں وفات پائی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی ﷺ اپنی بکری کا دودھ دوہ لیتے اور اپنے کپڑے میں خود پیوند لگا لیتے اور اپنے پاپوش کو (وقت ضرورت) سی لیا کرتے اور اپنے اور اپنے گھر والوں کا کام کر لیا کرتے (ابن سعد، اسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ ﷺ خدمت گار کے ساتھ کھانا کھا لیتے اور اس کے ساتھ آٹا گوندوا لیتے۔ اپنا سودا بازار سے خود لے آتے اور سب سے بڑھ کر احسان کرنے والے، عدل کرنے والے، عفیف اور سچ بولنے والے تھے (مدارج النبوۃ، اسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں کہیں سے کوئی صدقہ وغیرہ کی رقم آتی تو جب تک آپ اس کو غریبوں میں تقسیم نہ فرما دیتے گھر کے اندر تشریف نہ لے جاتے۔ (نشر الطیب، اسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ سیدنا جابرؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے کبھی کسی شخص کے کوئی چیز مانگنے پر انکار نہیں فرمایا (اگر اس وقت موجود ہوتی تو عطا فرما دیتے ورنہ دوسرے وقت کا وعدہ فرما لیتے یا اس کے حق میں دعا فرماتے کہ حق تعالیٰ شانہ اس کو کسی اور طریقے سے عطا فرما دیں)۔ (شمائل ترمذی، اسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ سرور عالم ﷺ بہت بڑے سخی تھے۔ کسی سوال کرنے والے کو "نہیں" کبھی نہیں کہا۔ ہوا تو فوراً دے دیا ورنہ نرمی سے سمجھا دیا کہ دوسرے وقت آنا تو لے جانا۔ (ابن سعد، اسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ ساتھ اُٹھنے بیٹھنے والوں میں سب کا خیال رکھتے ان کے حالات دریافت کرتے رہتے، جب رات کے وقت باہر جانا ہوتا تو آہستہ سے اُٹھتے اور آہستہ سے جوتا پہنتے اور آہستہ سے کواڑ کھولتے اور پھر آہستہ سے باہر چلے جاتے اسی طرح گھر میں تشریف لاتے تو آہستہ سے آتے، آہستہ سے سلام کہتے تاکہ سونے والوں کو تکلیف نہ ہو اور کسی کی نیند خراب نہ ہو جائے۔ (زاد المعاد، اسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ جب کوئی آپ ﷺ کے پاس آتا اور آپ ﷺ اس کو خوش وخرم دیکھتے تو اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیتے تاکہ انسیت ہو جائے۔ جب آپ ﷺ کے پاس کوئی ایسا شخص جس کا نام آپ ﷺ کو محبوب نہ ہوتا تو اس کا نام تبدیل کر دیتے تھے۔ (ابن سعد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ جب کسی کے گھر تشریف لے جاتے تو دروازے کے سامنے کھڑے نہ ہوتے بلکہ دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہوتے اور گھر والوں کی اطلاع کے لیے

فرماتے السلام وعلیکم (ابوداؤد، زادالمعاد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ اکثر اوقات خاموش رہتے بلاضرورت کلام نہ فرماتے جب بولتے تو اتنا صاف کہ سننے والا خوب سمجھ لے نہ اتنا لمبا کلام فرماتے کہ آڈمی اُکتا جائے نہ اتنا مختصر کہ بات ادھوری رہ جائے۔ کسی بات میں کسی کام میں سختی نہ فرماتے، نرمی کو پسند فرماتے، اپنے پاس آنے والے کی بے قدری نہ فرماتے، نہ کسی کی بات کاٹتے، اگر خلاف شرع ہوتی تو اس کو روک دیتے تھے یا وہاں سے خود اُٹھ کر چلے جاتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت کی بڑی قدر فرماتے۔ (نشر الطیب، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ اگر کوئی غریب آتا یا کوئی باندی یا بڑھیا آپ سے بات کرنا چاہتی تو سڑک کے ایک کنارے پر سننے کے لیے کھڑے ہو جاتے یا بیٹھ جاتے، بیمار ہوتا تو اس کی بیمار پرسی فرماتے، کسی کا جنازہ ہوتا تو اس میں شریک ہو جاتے۔ (ابن سعد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ جب صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ملتے تو آپ ﷺ اُن سے مصافحہ فرماتے اور دعا دیتے تھے۔ (نسائی، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ جب کسی کا نام معلوم نہ ہوتا اور اس کو بلانا ہوتا تو یا عبداللہ! (اے اللہ کے بندے!) کہہ کر بلاتے۔ (ابن السنی، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ جب آپ ﷺ چلتے تو دائیں بائیں نہیں دیکھتے تھے۔ (حاکم، ابن سعد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ نبی آخر الزماں ﷺ تین دن سے قبل قرآن مجید مکمہ نہ کرتے تھے۔ نبی اکرم ﷺ جائز کام سے منع نہیں فرماتے تھے۔ اگر کوئی آپ سے سوال کرتا اور اس کے سوال کا پورا کرنے کا ارادہ ہوتا تو ہاں کہہ دیتے ورنہ خاموش ہو جاتے۔ (ابن سعد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ ﷺ نیک کام شروع فرماتے تو پھر اس کو ہمیشہ کیا کرتے۔ (زادالمعاد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ جب آپ ﷺ کو کھڑے ہوئے غصہ آتا تو بیٹھ جاتے اور بیٹھے بیٹھے غصہ آتا تو لیٹ جاتے تھے (تاکہ غصہ فرو ہو جائے)۔ (زادالمعاد، ابن ابی الدنیا، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ اُم المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دایاں ہاتھ وضو اور کھانے پینے کے لئے استعمال فرماتے تھے اور بایاں ہاتھ استنجاء اور اس جیسے کاموں کے لئے استعمال فرماتے تھے۔ (زادالمعاد، ابوداؤد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب آپ کے صحابہؓ میں سے کوئی آپ سے ملتا اور وہ ٹھہر جاتا تو اس کے ساتھ آپ بھی ٹھہر جاتے اور جب تک وہ خود نہ جاتا آپ ٹھہرے ہی رہتے اور جب کوئی آپ ﷺ کے ہاتھ میں ہاتھ دینا چاہتا تو آپ اپنا ہاتھ دے دیتے اور جب تک وہ خود ہاتھ نہ چھوڑتا آپ ﷺ ہاتھ نہ چھڑاتے تھے۔ (ابن سعد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ ﷺ کسی سے اپنا چہرہ نہ پھیرتے جب تک وہ خود نہ پھیرتا اور کوئی چپکے سے بات کہنا چاہتا تو آپ ﷺ کان اس کی طرف کر دیتے تھے اور جب تک وہ اپنی بات سے فارغ نہ ہو جاتا آپ ﷺ کان نہیں ہٹاتے تھے۔ (ابن سعد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ جب کھانا رکھا جاتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پڑھتے تھے۔ (مسند احمد جلد چار، کنز العمال)

☆ نبی اکرم ﷺ گرم کھانا نہیں کھاتے تھے۔ (المواہب الدنیا۔ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ جب بچوں کے پاس سے گزرتے تو ان کو سلام کہتے۔ (زادالمعاد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ زبان مبارک سے وہی بات فرماتے جس میں ثواب ملے کوئی پردیسی آتا تو اس کی خبر گیری کرتے۔ ہر شخص کے ساتھ ایسا برتاؤ کرتے جس سے ہر شخص کو یہی محسوس ہوتا کہ آپ ﷺ کو میرے ساتھ سب سے زیادہ محبت ہے۔ اگر کوئی شخص بات کرنے بیٹھ جاتا تو جب تک وہ نہ اُٹھے آپ ﷺ نہ اُٹھتے تھے۔ (نشر الطیب، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے اہل مجلس ایک دوسرے کی طرف تقویٰ کے سبب متواضعانہ طور پر مائل ہوتے تھے اس میں بڑوں کی توقیر کرتے تھے اور چھوٹوں پر مہربانی کرتے تھے اور صاحب حاجت کی اعانت کرتے تھے اور بے وطن پر رحم کرتے تھے۔ (نشر الطیب، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ ﷺ کبھی چت لیٹتے اور پاؤں پر پاؤں رکھ کر آرام فرماتے مگر اس طرح کہ ستر نہ کھلتا۔ اگر ستر کھلنے کا اندیشہ ہوتا تو ایسے لیٹنے سے نبی اکرم ﷺ نے ممانعت فرمائی ہے۔ عشاء سے پہلے نبی اکرم ﷺ کبھی نہ سوتے آپ رات کو ایسے گھر میں آرام نہ فرماتے جس میں چراغ نہ جلایا گیا ہو۔ (زادالمعاد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ اگر نبی اکرم ﷺ بحالت جنابت آرام فرمانے کا ارادہ فرماتے تو پہلے ناپاک جگہ کو دھو لیتے اور پھر وضو کر کے سو رہتے۔ نبی اکرم ﷺ عام طور پر سونے سے پہلے وضو کر کے سونے کے عادی تھے اگر رات کے کسی حصہ میں آنکھ کھلتی تو قضائے حاجت کے بعد صرف چہرے اور ہاتھوں کو دھو کر سوتے۔ (زاد المعاد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ سونے سے پہلے دوسرے کپڑے کی تہبند باندھتے اور کرتہ اُتار کر لٹکا دیتے اور پھر آرام فرمانے سے پہلے بستر کو جھاڑ لیتے۔ (زاد المعاد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے سرہانے ایک سرمہ دانی رکھی رہتی ہر رات سوتے وقت سرمہ لگاتے نبی اکرم ﷺ سیاہ رنگ کی سرمہ دانی رکھا کرتے تھے۔ (اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ سرمہ لگاتے تو ہر آنکھ میں تین تین مرتبہ سلائی لگاتے اور کبھی ہر آنکھ میں دو دو مرتبہ اور آخری ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگا لیتے۔ (ابن سعد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ سوتے وقت اپنے اہل بیت سے کچھ ادھر اُدھر کی باتیں کیا کرتے کبھی گھر کے متعلق اور عام مسلمانوں کے معاملات کے بارے میں۔ (نشر الطیب، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے پاس زرہ، کمانیں، تیر، نیزے، ڈھال بھی تھے۔ آپ ﷺ کے پاس تین جبے تھے جن کو جہاد کے موقع پر استعمال کرتے تھے۔ آپ کے پاس عصا تھا اسے لے کر آپ ﷺ چلتے تھے اور اس کے سہارے سواری پر بیٹھتے تھے اور اسے اپنے اوونٹ پر لٹکا دیا کرتے تھے آپ ﷺ کے پاس ایک لکڑی کا پیالہ بھی تھا جس میں کنڈے لگے ہوئے تھے اور ایک شیشہ کا پیالہ بھی تھا۔ (اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ آپ ﷺ کے پاس ایک مشکیزہ تھا اور ایک پتھر کا برتن بھی تھا جس سے وضو فرماتے تھے نیز کپڑے دھونے کا برتن ارایک ہاتھ دھونے کا بڑا برتن بھی تھا تیل کی ایک شیشی تھی ایک تھیلا تھا جس میں آئینہ اور کنگھی رکھی رہتی تھی آپ ﷺ کی کنگھی ساگوان کی تھی اور ایک سرمہ دانی تھی کہ جب آپ ﷺ رات کو سوتے تو ہر آنکھ میں سرمہ اثمد کی تین سلائیاں ڈالتے (اثمد سرمہ کی اعلیٰ قسم ہے اور آپ ﷺ نے اس کی بہت تعریف اور لگانے کی تاکید فرمائی ہے) آپ ﷺ کے پاس ایک آئینہ بھی تھا نیز آپ کے تھیلے میں دو قینچیاں اور مسواک رہتی تھی اس کے علاوہ آپ کے پاس ایک بہت بڑا پیالہ تھا جس کے چار کنڈے تھے اور چار آدمی اُسے اٹھاتے تھے ارایک مُد تھا آپ کی چارپائی کے پائے ساگوان کی لکڑی کے بنے ہوئے تھے آپ کے پاس ایک ڈنڈہ تھا آپ ﷺ کا بستر چمڑے کا تھا جس میں کھجوری کی چھال بھری ہوئی تھی یہ سارا سامان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تھا جو مختلف احادیث میں مروی ہے۔ (زاد المعاد، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ باری کی اتنی پابندی فرماتے کہ کبھی ہم میں کسی کو کسی پر ترجیح نہ دیتے اور ایسا شاذ و نادر ہی ہوتا کہ آپ ﷺ سب ازواج مطہرات رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے یہاں روزانہ تشریف نہ لے گئے ہوں۔ (اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ رات کے آخری اور پہلے ہر حصہ میں ازواج مطہرات کے پاس جایا کرتے تھے آپ ﷺ کبھی غسل فرما کر سوتے اور کبھی وضو کر کے سو جاتے۔ (اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ بعض اوقات ازواج مطہرات ادھر اُدھر کے قصے یا گزرے ہوئے واقعات بیان کرتیں تو آپ ﷺ برابر سنتے رہتے اور خود بھی کبھی کبھی اپنے گزشتہ واقعات سناتے۔ سیدہ عائشہ فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ ہم میں اس طرح ہنستے بولتے بیٹھے رہتے تھے کہ معلوم ہی نہ ہوتا تھا کہ کوئی اولوالعزم نبی ﷺ ہیں لیکن جب کوئی دینی بات ہوتی یا نماز کا وقت آجاتا تو ایسا معلوم ہوتا کہ آپ ﷺ وہ آدمی نہیں ہیں۔ (اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ کھانے پینے میں ازواج مطہرات کو کوئی روک ٹوک نہیں تھی جو چاہتیں کھاتیں جو چاہتیں پہنتیں، ہر چند عسرت کی وجہ سے اچھا کھانا میسر نہ آتا اہل بیت کے لیے سونے چاندی کے زیورات پسند نہ فرماتے اس زمانہ میں ہاتھی کے دانت کے زیوروں کا رواج تھا آپ ﷺ اس قسم کے زیور پہننے کا حکم دیتے بیویوں کا پاک صاف رہنا پسند فرماتے بیویوں پر لعن طعن نہ کرتے نہ ان سے سخت اور درشت لہجہ میں گفتگو فرماتے اگر کوئی بات ناگوار خاطر ہوتی تو التفات میں کمی کر دیتے سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب آپ ﷺ گھر کے اندر تشریف لاتے تو نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ مسکراتے ہوئے داخل ہوتے۔ (اُسوہ حسنہ، اُسوہ رسول اکرم ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے 09 ربیع الاول 11 ہجری کو سب سے آخری مغرب کی نماز بیٹھ کر امامت کرتے ہوئے پڑھائی تھی۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ اپنی حیات مبارک میں تین دفعہ علیل (بیمار) ہوئے۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم، ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے سب سے آخری جس نماز کی امامت کرائی وہ مغرب کی نماز تھی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ نے زندگی میں مجموعی طور پر ایک حج ادا فرمایا اور اس موقعہ پر تین خطبے دیے جو خطبہ حجۃ الوداع کے نام سے مشہور ہیں۔ (تاریخ اسلام، سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کو منگل اور بدھ کی درمیانی شب دفن کیا گیا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع نو ذی الحجہ 10 ہجری کو ارشاد فرمایا تھا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ حضرت انسؓ فرماتے ہیں حجۃ الوداع کے موقعہ پر جب حضور اقدس ﷺ نے سر کے بال اُتروائے تو سب سے پہلے ابوطلحہؓ نے آپ ﷺ کے بال لیے تھے۔ (بخاری شریف، کتاب الوضو)

☆ حجۃ الوداع کو حجۃ التمام، حجۃ البلاغ، حجۃ الاسلام بھی کہا جاتا ہے۔ (ضیاء النبی ﷺ جلد چہارم)

☆ حجۃ الوداع کے موقعہ پر ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ کرامؓ موجود تھے۔ (تاریخ اسلام۔۔مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی)

☆ فتح مکہ کے موقعہ پر جب نبی اکرم ﷺ حرم میں داخل ہوئے اس وقت آپ ﷺ کے ہمراہ دس سے بارہ ہزار افراد کا مجمع تھا 20 رمضان المبارک 11 جنوری 630 عیسوی اور سوموار کا دن تھا۔ (سیرت النبی ﷺ)

☆ یکم سن ہجری 19 صفر 11 ہجری کو نبی اکرم ﷺ آخری دفعہ جنت البقیع میں تشریف لے گئے۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ جب نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا اس وقت 09 ازواج المطہرات زندہ تھیں۔ (سیرت النبی ﷺ)

دو ازواج حضرت خدیجہؓ اور حضرت زینب بن خزیمہؓ نبی اکرم ﷺ کے وصال سے قبل وفات پا چکی تھیں۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کے وصال کے 49 سال بعد واقعہ کربلا پیش آیا۔ (تاریخ اسلام،)

☆ نبی اکرم ﷺ کے وصال پر آپ ﷺ کو تین کپڑوں میں جو آپ ﷺ نے اُس وقت پہن رکھے تھے انہی کپڑوں میں غسل دینے کے بعد آپ ﷺ کو دفنایا گیا. (سیرت النبی ﷺ جلد دوم، ضیاء النبی ﷺ جلد سوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کے وصال کے 32 گھنٹوں بعد آپ ﷺ کو دفنایا گیا۔ (خطبات جمیل)

☆ نبی اکرم ﷺ کا جب وصال ہوا تو 10 آدمی حجرے میں جاتے اور زیارت اور دعا کرنے کے بعد واپس آتے 10 افراد مزید داخل ہوتے۔ نبی اکرم ﷺ کی نماز جنازہ باجماعت ادا نہیں کی گئی بلکہ سب سے پہلے مردوں نے پھر عورتوں نے اس کے بعد بچوں اور آخر میں غلاموں نے نماز جنازہ ادا کی کوئی کسی کا امام نہیں تھا۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کے آخری الفاظ ''بل الرفیق الاعلیٰ'' کے تھے۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کا جب وصال ہوا اس وقت گھر میں درہم و دینار کا ایک سکہ تک موجود نہ تھا۔ (سیرت ابن ہشام)

☆ نبی اکرم ﷺ نے جس مسواک کو وصال سے قبل استعمال فرمایا حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ لائے تھے یہ حضرت عائشہؓ کے بھائی نبی اکرم ﷺ کے رشتے میں سالے اور حضرت ابوبکرؓ کے حقیقی بیٹے ہیں اور حضرت عائشہ صدیقہؓ نے آپ ﷺ کو نرم کر کے دیا تھا اور آپ ﷺ نے وصال سے قبل استعمال فرمایا۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کا وصال حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں ہوا۔ اور آپ ﷺ کو حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں ہی دفن کیا گیا۔ (ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ کو غسل دینے کے لیے پانی چاہ غرس سے حضرت اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ لائے تھے۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک زمین سے ایک بالشت اونچی رکھی گئی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کی لحد مبارک حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تیار کی تھی۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ غسل کے وقت نبی اکرم ﷺ کی پشت ملنے کا شرف حضرت اباسمع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاصل ہے۔ (سیرت النبی ﷺ جلد دوم، ضیاء النبی ﷺ)

☆ نبی اکرم ﷺ پر نازل ہونیوالی آخری وحی کو حضرت اُبی بن کعب نے تحریر کیا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مکہ میں ایسے افراد میں سے تھے جو زمانہ جاہلیت سے لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔(فضائل اعمال)

☆ حضرت بلال حبشیؓ کو نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک پر چھڑکاؤ کرنے کا شرف حاصل ہے۔(ضیاء النبی ﷺ، سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کو غسل پاک سے تجہیز و تکفین کے تمام معاملات حضرت علیؓ نے اپنے ہاتھوں سے سرانجام دیے تھے۔(سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کو آخری غسل حضرت عقیلؓ، حضرت جعفر اور حضرت علیؓ نے دیا تھا۔(سیرت النبی ﷺ جلد دوم)

☆ نبی اکرم ﷺ کا وصال 63 سال کی عمر میں 08 جون (سیرت النبی ﷺ کے مطابق 27 مئی کا ذکر بھی موجود ہے)

634 عیسوی بمطابق 12 ربیع الاول 11 ہجری کو دن کے وقت ہوا۔(خطبات جمیلؒ۔۔۔مولانا طارق جمیلؒ)

☆ نبی اکرم ﷺ نے 22330 دن یعنی 63 سال 02 دن اور 12 گھنٹے زندگی پائی اور مدینہ منورہ کے مقام پر آپ ﷺ کا وصال ہوا آپ ﷺ کا روضہ مبارک مدینہ میں ہے۔(خطبات جمیلؒ۔۔۔مولانا طارق جمیل)

☆ حضرت ابوبکرؓ نے حضور ﷺ کی وفات کے بعد آپ ﷺ کا بوسہ اس طرح لیا کہ اپنا منہ تو آپ ﷺ کی دونوں آنکھوں کے درمیان رکھا اور ہاتھوں کو آپ ﷺ کی کلائی پر رکھا اور یہ الفاظ کہے: ہائے نبی! ہائے صفی! ہائے خلیل۔(تذکرۃ الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

☆ مدینہ طیبہ کا قدیم ترین نام طابت ملتا ہے۔ پھر طیبہ (بغیر تشدید کے) اس کا ایک محلّہ جو ابتداً الگ گاؤں ہوگا، یثرب کہلاتا تھا یہ اب جبل احد کے جنوب مغرب میں بتایا جاتا ہے، جہاں پانی اور نخلستان کثرت سے ہیں۔ مدینہ بھی خاص قدیم نام ہے ممکن ہے یہودیوں کے ایک مرکز کا نام ہو۔ بہرحال زمانہ اسلام میں مدینۃ النبی کے نام سے پورے عرب میں مشہور ہوا۔(رسولؐ اللہ کی سیاسی زندگی۔۔۔۔ڈاکٹر محمد حمید اللہ)

☆ روز قیامت تمام امتوں کی صفوں کی تعداد 30 ہوگی۔ جبکہ اُمت محمدیہ کی تعداد 90 ہوگی مجموعی طور پر ایک سو بیس صفیں بنائی جائیں گی۔

اور حضور اقدس ﷺ اُس روز اپنی امت کی زیادہ تعداد پر فخر فرمائیں گے۔(تفسیر ابن کثیر)

☆ منحمنا سریانی زبان کا لفظ ہے اور محمد (کا ہم معنی ہے) ہے۔ انجیل میں منحمنا کے نام سے آپ ﷺ کا ذکر آیا ہے اور رومی زبان میں برقلیطس نام ہے۔(سیرت ابن ہشام۔جلد اول۔ص 235)

☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدت نبوت 8156 دن اور گھنٹوں کے لحاظ سے 195744 گھنٹے بنتی ہے۔

☆ قمری لحاظ سے 22684 دن اور شمسی لحاظ سے 22348 دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ کے بنتے ہیں۔

☆ قمری سال مجموعی 63 سال چار دن شمسی سال کے لحاظ سے اکسٹھ سال دو ماہ تیئس دن بنتے ہیں۔

☆ آپ ﷺ کے اسماء مبارکہ ☆

☆ محمد ''تمام صفات حمیدہ کے لائق'' یہ آپ ﷺ کا خاص نام ہے۔

☆ احمد ''اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ تعریف کرنیوالے'' حضرت عیسیٰؑ نے اس نام سے آپ ﷺ کی خوشخبری سنائی ہے۔

☆ ماحِ ''کفر مٹانے والا'' اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی برکت سے کفر کو مٹایا۔

☆ حاشر ''اکٹھا کرنیوالا'' کیونکہ قیامت کے دن سب سے پہلے آپ ﷺ کو اُٹھایا جائے گا۔ اور باقی لوگ آپ ﷺ کے بعد اُٹھائے جائیں گے۔ تو ان سب کے جمع کرنے کا ذریعہ آپ ﷺ ہوں گے۔

☆ عاقب ''آخری پیغمبر'' آپ ﷺ سارے انبیاء کرامؑ کے بعد تشریف لائے ہیں۔

☆ مُقفّی اس کے بھی یہی معنی ہیں۔

☆ نبی التوبۃ ''توبہ والے نبی'' آپ ﷺ کی شریعت میں گناہوں کی معافی کے لیے صرف توبہ ہی کافی ہے۔ لیکن توبہ اپنی شرائط کے ساتھ کی جائے۔ پہلی امتوں میں گناہوں کی معافی کے لیے خود کو قتل کرنا بھی ضرور ہوتا تھا۔

☆ نبی الملحمۃ ''قتال کے نبی'' کیونکہ آپ ﷺ کی شریعت میں جہاد مشروع ہوا ہے۔

☆ نبی الرحمۃ ''رحمت والے نبی'' آپ ﷺ رحمت اللعالمین ہیں مسلمانوں کے لیے دنیا اور آخرت دونوں میں اور کفار کے لیے دنیا میں آپ ﷺ رحمت ہیں۔ کیونکہ پہلی امتوں کی طرح کفار پر عذاب نہیں آتے۔ باقی سارے عالم کے باقی رہنے کے لئے بھی آپ ﷺ رحمت ہیں کہ جب تک کوئی اللہ اللہ کہنے والا دنیا میں نہ رہے گا قیامت نہیں آئے گی اور جو اللہ اللہ کہنے والا ہوگا وہ آپ ﷺ کا ماننے والا ہوگا اس لئے دنیا کا باقی رہنا آپ ﷺ ہی کی رحمت کی وجہ سے ہوگا۔

☆ فاتح ''فتح کرنیوالے'' آپ ﷺ کی بدولت ہدایت کا دروازہ کھلا اور کفار کے ملک وشہر فتح ہوئے۔ جنت کے دروازے بھی آپ ﷺ کے اتباع سے کھلیں گے۔

☆ اَمین ''امانت دار، معتبر''

☆ شاہد ''گواہی دینے والے'' آپ ﷺ قیامت کے دن اپنی امت کے شاہد گواہ ہوں گے۔

☆ مبشر بشیر ''خوشخبری دینے والے'' مومنین کو جنت کی خوشخبری دینے والے۔

☆ نذیر ''ڈرانے والے'' کافروں کو عذاب سے ڈرانے والے۔

☆ قاسم ''تقسیم کرنیوالے'' فیوض اور اموال تقسیم کرنیوالے۔

☆ ضحوک ''ہنسنے والے'' قتال! قتل کرنے والے ان دونوں کا استعمال الگ الگ نہیں ہوتا ایمان والوں سے ہنسنے والے اور کفار سے قتال کرنیوالے۔

☆ عبداللہ ''اللہ تعالیٰ کے بندے'' آپ ﷺ عبدیت کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے۔

☆ سراج منیر ''روشن چراغ'' آپ ﷺ ہدیات کے روشن چراغ ہیں۔

☆ سید ولد آدم ''آپ ﷺ نبی آدم کے سردار ہیں''

☆ صاحب لواء الحمد ''حمد کے جھنڈے والے'' قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی تعریف کا جھنڈا آپ ﷺ کے پاس ہوگا۔ اور سارے اولین وآخرین اس کے نیچے ہوں گے۔

☆ صاحب مقام ''قیامت کے دن مقام شفاعت پر آپ ﷺ کھڑے کئے جائیں گے۔''

☆ صادق ''سچے'' آپ ﷺ سچی خبریں دینے والے تھے۔

☆ مصدق ''آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے سچی خبریں پہنچتی تھیں''

☆ رؤف رحیم ''ان دونوں کے معنی مہربان اور بہت مہربان کے ہیں''

☆ حامد ''اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنیوالے''

☆ محمود ''تعریف کئے گئے'' آپ ﷺ کی پچھلی کتابوں میں تعریف کی گئی ہے۔

☆ رشید ''سیدھا راستہ دکھانے والے'' آپ ﷺ سارے عالم کو سیدھے راستے دکھانے والے ہیں۔

☆ مشھود ''گواہی دئے گئے''

☆ داعٍ ''بلانے والے'' آپ ﷺ تمام انسانوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلانے والے ہیں۔

☆ شافٍ ''شفا کا سبب'' اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی برکت سے انسانوں کو روحانی اور جسمانی شفاء عطا فرمائی۔

☆ ھادٍ ''رہنمائی کرنیوالے'' ساری انسانیت کے لئے رہنما۔

☆ مھدٍ ''مجسم ہدایت'' سراپا ہدایت آپ ﷺ بنی نوع انسان کے لئے سراپا ہدایت ہیں۔

☆ مُنجٍ ''نجات دلانے والے، نجات کا سبب'' ساری انسانیت کو اپنی شریعت کے ذریعے نجات دینے والے۔

☆ ناہٍ ''بُرائی سے روکنے والے'' آپ ﷺ برائی سے روکنے والے تھے۔

☆ رسول ''پیغمبر'' تمام عالموں کے لئے پیغمبر بنا کر بھیجے گئے۔

☆ نبی ''خبر دینے والے'' آپ ﷺ جنت ودوزخ آخرت حشر وغیرہ کی خبر دینے والے تھے۔

☆ اُمی ''بے پڑھا ہوا'' آپ ﷺ کسی مکتب سے پڑھے ہوئے نہیں تھے۔

☆تھامی ''مکہ کے رہنے والے''

☆ھاشمی ''آپ ﷺ کا تعلق بنو ہاشم قبیلے سے تھا''

☆اُبطحی ''بطحاء کے رہنے والے''

☆عزیز ''غالب، عزت والے'' آپ ﷺ اپنے دین حق سے سارے باطل دینوں پر غالب ہوئے اور سارے عالم میں آپ ﷺ کو عزت حاصل ہوئی۔

☆حَرِیص علیکم ''مومنوں کی بھلائی کی حرص کرنیوالے''

☆طٰہٰ ''اس نام کے معنی صرف اللہ کو معلوم ہیں'' (احقر)

☆مجتبیٰ ''پسند فرمائے گئے'' ساری انسانیت کی طرف نبی اور رسول ہونے کے لئے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو پسند فرمایا۔

☆طٰسٓ ''اس نام کے معنی صرف اللہ کو معلوم ہیں'' (احقر)

☆مرتضیٰ ''محبوب پسند کئے گئے''

☆حٰمٓ ''اس نام کے معنی صرف اللہ کو معلوم ہیں'' (احقر)

☆مصطفیٰ ''رسولوں میں پسند و منتخب کئے گئے''

☆یٰسٓ ''اس نام کے معنی صرف اللہ کو معلوم ہیں'' (احقر)

☆اولیٰ ''لائق تر، سب سے زیادہ قابلیت والے''

☆مزمل ''کپڑے میں لپٹے ہوئے'' اللہ تعالیٰ کی جانب سے آپ ﷺ کے لئے محبت بھرا خطاب۔

☆ولی ''سرپرست، دوست، مددگار'' آپ ﷺ مومنوں کے دوست اور مددگار ہیں۔

☆مدثر ''چادر اوڑھنے والے'' اللہ تعالیٰ کی طرف س آپ ﷺ کے لئے شفقت بھرا خطاب۔

☆قوی ''قوی طاقت رکھنے والا'' نبوت اور وحی کا بوجھ اُٹھانے کی طاقت رکھنے والے۔

☆مصدق ''تصدیق کرنے والے'' اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کو سچا جاننے اور ماننے والے۔

☆عارف ''پہچاننے والے''

☆عارفُ باللہ ''اللہ تعالیٰ کو پہچاننے والے''

☆عالم ''علم والے'' تمام علوم شریعت کے جاننے والے۔

☆غیور ''غیرت مند'' دینی معاملات میں انتہائی غیرت مند اور اپنی ذات کے لئے ریشم کی طرح نرم۔

☆مکی ''مکہ کے رہنے والے''

☆صابر ''صبر کرنیوالے'' ہر تکلیف برداشت کرنیوالے۔

☆صاحب ''ساتھی'' ہر نیک متقی مومن کے ساتھی۔

☆الخیر ''سراپا بھلائی'' آپ ﷺ تمام دینی اور دنیاوی بھلائیوں کا سبب ہیں۔

☆عربی ''عرب کے رہنے والے''

☆طیب ''پاکیزہ'' آپ ﷺ ظاہری باطنی پاکیزگی میں بے مثال تھے۔

☆ناصر ''مددگار'' آپ ﷺ بلا تصدیق ہر ایک کی مدد کے لئے کوشاں اور ساعی رہتے تھے۔

☆منصور ''مدد کئے گئے'' فرشتوں اور رعب کے ذریعے آپ ﷺ کی مدد کی گئی۔

☆مصباح ''روشن چراغ'' آپ ﷺ کفر کے ظلمت کدوں میں ہدایت کے روشن چراغ اور مومنوں کے لئے ہدایت کی راہ میں روشن دلیل ہیں۔

☆امر ا''حکم دینے والے'' آپ ﷺ بھلائیوں کا حکم دینے والے تھے۔

☆حجازی ''حجاز کے رہنے والے''

☆قرشی ''قریشی خاندان سے تعلق رکھنے والے''

☆حافظ ''حفاظت کرنے والے'' دین اور شریعت کی حفاظت کرنے والے۔

☆کلیم اللہ ''اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہونے والے''

☆حبیب اللہ ''اللہ تعالیٰ کے پیارے''

☆حکیم ''دانا'' آپ ﷺ کا ہر کام حکمت و دانائی سے بھرا ہوا تھا۔

☆باطن ''پوشیدہ باتوں کے جاننے والے''

☆محرم ''حلال حرام بیان کرنے والے''

☆اول ''سب سے پہلے'' پیدائش سب چیزوں سے پہلے۔

☆صفی اللہ ''اللہ تعالیٰ کے پسند اور منتخب کئے ہوئے''

☆قریب ''اللہ تعالیٰ کے قریب''

☆خلیل ''حقیقی دوست''

☆اخر ''آخری نبی جن کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا''

☆محفوظ ''حفاظت کئے گئے'' اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی حفاظت کا ذمہ لیا۔

☆حسیب ''بڑے خاندانی نسب والے''

☆کامل ''اخلاق و کردار میں کامل ترین ہستی''

☆الحق ''مجسم حق و سچ''

☆اَبْذَلُ النَّاسِ ''سارے جہاں سے زیادہ سخاوت کرنے والے''

☆الابرار ''تمام جہاں سے پاک''

☆اَتْقٰی ''متقی پرہیزگار'' سب سے زیادہ متقی اور پرہیزگار۔

☆مامون ''امین بنائے گئے''

☆مَعْلُوْم ''جانے گئے''

☆مبین ''دین کو واضح کرنے والے''

☆متبسم ''تبسم فرمانے والے، مسکراتے چہرے والے''

☆مَامُوْرٌ مِنَ اللہ ''اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم کئے گئے''

☆مبارک ''برکت والے'' آپ ﷺ کی دینی اور دنیاوی برکتیں ظاہر ہیں۔

☆مطہر ''پاک کئے گئے'' ہر قسم کی برائیوں اور شیطانی وسوسوں سے پاک کئے گئے۔

☆حَفِیّ ''مہربان'' محبت کرنے والے۔

☆مجیب ''قبول کرنے والے''

☆مُذَکِّر ''نصیحت کرنے والے''

☆مبلغ ''دین حق کو پھیلانے والے''

☆مبعوث ''بھیجے گئے'' سارے عالم کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے۔

☆مشکور ''بہت شکر گزار''

☆جواد ''بزرگ سخاوت کرنے والے''

☆عادل ''انصاف کرنے والے''

☆سید ''سردار، سب کے سردار''

☆امام ''پیشوا'' سب کے امام۔

☆ظاہر ''غلبہ پانے والے''

☆کریم ''کرم کرنے والے''

☆خاتم الرسل ''آخری نبی قیامت تک آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا'' (تذکرۃ الحبیب ﷺ۔تسہیل۔نشر الطیب ذکر النبی الحبیب ﷺ۔مولانا اشرف علی تھانویؒ)

ان اسماء میں سے بعض اسماء ایسے ہیں جو کسی خاص صفت یا غالب صفت پر دلالت کرتے ہیں۔عرف میں لقب اور نام ایسے ہی اسماء کو کہتے ہیں اسی لیے پچیس تیس ذکر کئے گئے ہیں ورنہ آپ ﷺ کی صفات سے اگر ہر صفت سے ایک نام بنایا جائے تو دو سو سے زیادہ بلکہ علماء کے بقول ایک ہزار تک پہنچ جائیں گے۔(کذا فی زاد المعاد)

خصائص محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

☆آپ ﷺ کو نبوت اس وقت دی گئی جب حضرت آدم علیہ السلام جسم و روح کی منزلوں سے گزر رہے تھے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبین بھی ہیں۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆تمام جہانوں کو آپ ﷺ کی ذات اقدس کے صدقے تخلیق کیا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆حضور سرور کونین ﷺ کا اسم مبارک عرش اور جنت کی پیشانیوں پر تحریر ہے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆تمام آسمانی کتابیں جو انبیاء کرام علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل کی گئیں اُن تمام کتب میں آپ ﷺ کی آمد کی خبر اور نشانیاں بیان کی گئیں۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آقا دو جہاں ﷺ کی جب دنیا میں آمد ہوئی دنیا بھر کے بت اوندھے منہ گر گئے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆سرکار دو عالم ﷺ کا شق صدر ہوا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆رحمت عالم ﷺ کو معراج کی نعمت عطا کی گئی اور آپ ﷺ کی سواری کے لیے براق بھیجا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆شفیع معظم ﷺ پر نازل کیا گیا کلام مجید فرقان حمید قرآن مجید قیامت تک کے لیے محفوظ کر دیا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆پیارے آقا ﷺ کو آیۃ الکرسی عنایت فرمائی گئی۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کو تمام خزانوں کی کنجیاں عنایت کی گئیں۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کو جوامع الکلم کے معجزے سے نوازا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆تاجدار مدینہ ﷺ کی نبوت کی دلیل میں شق القمر کا واقعہ ہوا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆رحمۃ للعالمین ﷺ کے لیے غنیمت کا مال حلال کر دیا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆تمام روئے زمین کو آپ ﷺ کے لیے مسجد اور پاکی حاصل کرنے (تیمّم) کا سامان بنا دیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء کرامؑ کو ان کے نام لے کر پکارا آپ ﷺ کو پیارے القاب سے پکارا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو حبیب اللہ کے اعزاز سے نوازا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی رسالت، آپ ﷺ کی حیات مبارکہ، شہر اور زمانے قسم یاد فرمائی۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ تمام اولاد آدمؑ کے سردار ہیں۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆سرور کونین ﷺ اللہ تعالیٰ کے دربار میں اکرم الخلق ہیں۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆قبر میں آپ ﷺ کی ذات اقدس ﷺ کے بارے میں منکر نکیر سوال کریں گے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی ازواج مطہرات سے نکاح کرنا حرام ٹھہرایا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆ہر نمازی پر واجب کر دیا گیا کہ ہر نمازی حالت نماز میں السلام علیک یا ایھا النبی کہہ کر آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں سلام پیش کرے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کے منبر اور قبر انور کے درمیان کی زمین جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆قیامت کے روز جب صور پھونکا جائے گا تو سب سے پہلے آپ ﷺ اپنی قبر انور سے باہر تشریف لائیں گے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کو مقام محمود عطا کیا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کو شفاعت کبریٰ کے اعزاز سے نوازا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کو حوض کوثر عنایت کیا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆قیامت کے روز ہر شخص کا نسب و تعلق منقطع ہو جائے گا مگر آپ ﷺ کا نسب و تعلق منقطع نہ ہوگا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کے سوا کسی نبیؑ کے پاس حضرت اسرافیلؑ تشریف نہیں لائے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کے دربار میں بلند آواز سے بولنے والے کے اعمال صالحہ برباد ہو جاتے ہیں۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کو حجروں کے باہر سے پکارنے کو حرام قرار دیا گیا۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کی ادنیٰ سی گستاخی کرنے والے کی سزا قتل ہے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆آپ ﷺ کو تمام انبیاء کرام ﷺ سے زیادہ معجزات عطا کیے گئے۔(زرقانی علی المواھب جلد پنجم)

☆جو خط نجاشی کو حضور ﷺ نے لکھا تھا وہ خط ایک جھلی پر لکھا ہوا ہے جو کوئی نو انچ چوڑی اور ساڑھے تیرہ انچ لمبی ہے۔حروف مدور ہیں اور بڑے ہونے کے باعث پڑھنے میں کوئی دشواری نہیں ہوتی۔سیاہی جو استعمال کی گئی ہے۔وہ خاکی (براؤن) ہے خط کا مضمون سترہ سطروں میں ہے۔جس کے آخر میں ایک گول مہر کا نشان ہے جس کا قطر ایک انچ ہے اس کی عبارت ''محمد رسول اللہ'' اور ہر لفظ علیحدہ علیحدہ سطر میں ہے۔(رسولؐ اللہ کی سیاسی زندگی۔۔۔ڈاکٹر محمد حمید اللہ)

☆آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف بادشاہوں یا قبائل کے سرداروں کے نام جو خطوط روانہ فرمائے تھے ان کی تعداد اب سو دو سو تک ہوگئی ہے۔(رسولؐ اللہ کی سیاسی زندگی۔۔۔ڈاکٹر محمد حمید اللہ)

☆دنیا میں جس قدر نعتیں آپ ﷺ کی تعریف میں لکھی اور پڑھی گئیں دنیا میں آج تک کسی نبی کی ذات پر نہیں لکھا گیا اور نہ پڑھا گیا۔

☆ھادی عالم ﷺ حضور اقدس ﷺ کی ذات طیبہ پر لکھی گئی سیرت کی ایسی کتاب ہے جو غیر منقوطہ تحریر ہے۔یہ کتاب سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر موجود اُردو زبان میں دنیا کی واحد کتاب ہے جس میں نقطہ موجود نہیں۔اس کتاب کے صفحات کی تعداد 408 ہے جن میں کوئی نقطہ نہیں آیا۔مثلاً ب، پ، ت، چ۔۔۔وغیرہ وغیرہ دلچسپ اور حیرت انگیز بات یہ ہے کہ اس کتاب میں حضور اقدس ﷺ کی پیدائش سے لے کر وصال تک پیش آنیوالے تمام واقعات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔اس کتاب کے مولف محمد ولی رازی ہیں محمد ولی رازی مرحوم مفتی اعظم مفتی محمد شفیعؒ کے فرزند اور مفتی تقی عثمانیؒ کے بھائی ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

پاکستان

☆پاکستان کا پورا نام۔اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔

☆پاکستان 27 رمضان المبارک 1366 ہجری بمطابق 14 اگست 1947ء کو قائم ہوا۔

☆پاکستان کا کل رقبہ 796,096 مربع کلومیٹر ہے۔

☆پاکستان کی زمینی حدود 770,875 مربع کلومیٹر ہے۔

☆پاکستان کی سمندری حدود 25,220 مربع کلومیٹر ہے۔

☆ہمارا ملک رقبے کے لحاظ سے جاپان سے پانچ گنا بڑا ہے۔

☆ہمارا ملک پاکستان کیلی فورنیا سے دوگنا سے تھوڑا کم ہے۔

☆ہمارا پیارا ملک پاکستان رقبے کے لحاظ سے 37 نمبر پر ہے۔

☆پاکستان کے مجموعے صوبوں کی تعداد پانچ ہے۔پنجاب،خیبر پختونخواہ،سندھ،بلوچستان،گلگت بلتستان۔

☆پنجاب کا رقبہ 205,345 مربع کلومیٹر ہے۔

☆پنجاب میں مجموعی طور پر 36 اضلاع موجود ہیں۔

